Presented by: Rana Jabir Abbas

رسالہ جیش صحابہ کی غلط فہمیاں اور ہمارے

جوابات

jabir.abbas@yahoo.com

مصنف

علی کورانی عاملی

مترجم

سید ابو محمد نقوی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم الله الرحمن الرحيم

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.comhttp://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسالہ جیش صحابہ کی غلط فہمیاں اور ہمارے

جوابات

ان سوالوں کے جوابات جن کو پاکستانی مجلہ خلافت راشدہ میں پاکستانی شیعہ علماء کے سامنے پیش کیا گیا تھا یہ مجلہ سپاہ صحابہ کی سرپرستی میں شائع ہوتا ہے۔

مصنف

آیۃ اللہ علی کورانی عاملی

مترجم

سید ابو محمد نقوی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رسالہ جیش صحابہ کی غلط فہمیاں اور ہمارے جوابات

مترجم: سید ابو محمد نقوی
ناشر: انتشارات مرکز جہانی علوم اسلامی (ایران۔قم)
طبع اول: ۱۴۲۷ھ ق۔ ۱۳۸۵ھ ش۔ ۲۰۰۶ء
تعداد: ۲۰۰۰
شابک: ۹۶۴-۷۷۴۱-۹۲-۸

ملنے کے ایڈریس:
ایران: قم المقدسہ، انتشارات مرکز جہانی علوم اسلامی، بلوار بہار، جنب ہتل الزہرا (س) فون نمبر: 0098251\7749875
E-mail:public-relations@Qomicis.com
ہندوستان: عباس بک ایجنسی، رستم نگر، درگاہ حضرت عباس لکھنو، یوپی۔
فون نمبر: 0091522\647596 فیکس نمبر: 647910

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ

عرض ناشر

تمام آسمانی ادیان و مذاہب کی تاریخ کے بارے میں تحقیق اور جائزے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ ان میں سے ہر آئین و مذہب کے سامنے دو قسم کا خطرہ درپیش رہا ہے: ۱۔ بدخواہ اور دشمن ۲۔ شدت پسند طرفدار اور دوست۔

دشمن اس دین کی اچھائیوں اور حقائق کو چھپا کر اس کی تعلیمات کو سبک اور پھیکا کرنے کی کوشش میں رہے ہیں اور نادان شدت پسند طرفداروں کی دینی معارف اور تعلیمات کو بڑا دکھا کر اسے وسیع بنانے کی کوشش کرتے رہے ہیں انسان آسمانی کتب اور ادیان میں تحریف جیسی منحوس، بدترین اور افسوسناک حرکتوں کی بنا پر انگشت بدنداں ہے جو ایک بہت بڑی خیانت ہے۔ مقدس کتابوں میں کمی یا زیادتی مذکورہ دونوں جماعتوں میں سے ہر ایک کے ذریعہ ممکن ہے ان دو اسباب کی بنا پر ہی یہودی مذہب کے فریسیہ، سامریہ، صدوقیہ، اسنیہ، قاریہ اور دونمہ جیسے فرقوں میں تقسیم ہو گیا یا عیسائیت میں کیتھولک، آرتھوڈکس اور پروٹسٹینٹ جیسے فرقے وجود میں آ گئے۔ دین اسلام اپنی عالمی عظمت و شوکت کے باوجود اس افراط و تفریط سے محفوظ نہیں رہ سکا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ظہور اسلام کے بعد مختصر سے عرصے میں دنیا کے دور ترین علاقوں میں اسلام کے چاہنے والے پیدا ہو گئے اور کچھ افراد اسے عشق کی حد تک چاہنے لگے اور اس میں غلو کرنے لگے، اس کے مقابلے میں کچھ لوگ اس سے شدید کینے اور جلن کی وجہ سے اس کی دشمنی میں لگ گئے، اسلام کے حد سے بڑھ جانے والے دوستوں میں سے کچھ شیعوں کے ائمہ کو خدا کہنے لگے اُن اماموں نے ان سے بیزاری کا اعلان کر دیا اسی طرح مخالفین بھی دین میں شکوک وشبہات اور غلط فہمی پیدا کرنے اور تفرقہ ڈالنے میں لگ گئے، جیسے احمد بن تیمیہ اور محمد بن عبد الوہاب ایسے ہی افراد تھے جنھوں نے مسلمانوں کی ایک جماعت کے عقائد واعمال میں شبہات پیدا کیے جس سے بے شمار اختلافات اور سوء ظن شروع ہو گئے، پاکستان میں طالبان یا سپاہ صحابہ نامی اہل سنت کی ایک جماعت نے مذہب شیعہ بعض اصولوں کے سلسلہ میں کچھ سوالات اور شبہات پیش کئے ہیں جن کے جوابات حاضر خدمت ہیں اور اس وقت کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے یہ سپاہ صحابہ کے ان ہی چالیس سوالات کے جوابات پر مشتمل ہے یہ جوابات عظیم دانشمند آیۃ اللہ علی کورانی عاملی نے دے ہیں اور مترجم ارجمند سید ابو محمد نقوی نے کافی محنت اور دقت نظر کے ساتھ ان کا اردو ترجمہ کیا ہے مرکز جہانی علوم اسلامی اپنا فریضہ سمجھتے ہوئے مؤلف، مترجم اور ان تمام افراد کا شکر گذار ہے جنھوں نے اس کتاب کی طباعت کے سلسلہ میں زحمت اٹھائی ہے خداوند قدوس سے دعا ہے کہ وہ اعلیٰ مقصد تک پہنچنے میں ہماری اور دنیا کے تمام لوگوں کی رہنمائی فرمائے۔ والسلام

معاونت تحقیق

ادارہ برنامہ ریزی و ساماندہی تحقیقات

فہرست کتاب

مقدمہ ۱۳
اسماء بنت عمیس سے ابوبکر کی شادی ۱۵
سوال ۱ ۱۵
جواب ۱ ۱۵
شرعی نسب باپ سے ہوتا ہے؟ ۱۹
سوال ۲ ۲۱
سوال ۳ ۲۱
سوال ۴ ۲۱
جواب ۲، ۳، ۴ ۲۲
آل محمدؐ اور اہل بیتؑ کون لوگ ہیں؟ ۲۳
سوال ۵ ۲۳
سوال ۲۳
سوال ۷ ۲۳
جواب ۵، ۶، ۷ ۲۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نتیجہ ۲۷
جناب فاطمہ زہراؑ کا حضرت ابوبکر سے فدک کا مطالبہ ۲۹
سوال ۸ ۲۹
سوال ۹ ۲۹
سوال ۱۰ ۳۰
جواب ۸ ، ۹ ، ۱۰ ۳۰
جب حضرت علیؑ کی خلافت الٰہی ارادہ تھا تو کیوں متحقق نہیں ہوا؟ ۳۳
سوال ۱۱ ۳۳
سوال ۱۲ ۳۳
سوال ۱۳ ۳۴
سوال ۱۴ ۳۴
جواب ۱۱ ، ۱۲، ۱۳ ، ۱۴ ۳۵
کیا شیعہ پیغمبرؐ کے زمانہ میں موجود تھے؟ ۳۹
سوال ۱۵ ۳۹
جواب ۱۵ ۳۹
کیا حضرت علیؑ نے مذہب اہل سنت کا انکار کیا ہے؟ ۴۳
سوال ۱۶ ۴۳
جواب ۱۶ ۴۳
کیا جناب فاطمہ زہراؑ نے حضرت علیؑ سے عقد کرنے پر اعتراض کیا تھا؟ ۴۷
سوال ۱۷ ۴۷
سوال ۱۸ ۴۷
جواب ۱۷ ، ۱۸ ۴۸
کیا نبی اکرمؐ اور تمام ائمہ معصومین تمام انبیاء سے افضل ہیں؟ ۴۹
سوال ۱۹ ۴۹
جواب ۱۹ ۴۹
کیا حضرت علیؑ پیغمبر اکرم ﷺ کے ساتھ معراج میں موجود تھے؟ ۵۳
سوال ۲۰ ۵۳
جواب ۲۰ ۵۳
حضرت علیؑ غاصبین خلافت سے خلافت کیوں نہ لے سکے؟ ۵۷
سوال ۲۱ ۵۷
جواب ۲۱ ۵۸
کیا امام حسینؑ کے قاتل شیعہ تھے؟ ۶۳
سوال ۲۲ ۶۳
جواب ۲۲ ۶۳
انسان اسی جگہ دفن ہوتا ہے جس مٹی سے اسے خلق کیا گیا ہے اس کا کیا مطلب ہے؟ ۷۳
سوال ۲۳ ۷۳
جواب ۲۳ ۷۴
نتیجہ ۸۳
کیا حضرت علیؑ اور ائمہؑ کیلئے شہادت ثالثہ یعنی تیسری گواہی دینا ضروری ہے؟ ۸۹
سوال ۲۴ ۸۹
سوال ۲۵ ۸۹
سوال ۲۶ ۹۰

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

سوال ۲۷ ۹۰
سوال ۲۸ ۹۰
جواب ۲۴، ۲۵، ۲۶، ۲۷، ۲۸ ۹۰
خداوند عالم کے فرمان "صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا" کا کیا مطلب ہے؟ ۹۹
سوال ۲۹ ۹۹
جواب ۲۹ ۹۹
کیا آپ لوگوں کے نزدیک نماز میں تکتف واجب ہے ۱۰۷
سوال ۳۰ ۱۰۷
جواب ۳۰ ۱۰۷
کیا جناب فاطمہؑ امام حسینؑ کے حمل کے وقت رنجیدہ رہتی تھیں؟ ۱۱۱
سوال ۳۱ ۱۱۱
جواب ۳۱ ۱۱۱
کیا جناب فاطمہ زہراؑ نبی اکرمؐ کی اکلوتی بیٹی تھیں؟ ۱۱۷
سوال ۳۲ ۱۱۷
جواب ۳۲ ۱۱۷
کربلا کے بعد اہل بیتؑ کی خواتین کا طرز عمل ۱۲۳
سوال ۳۳ ۱۲۳
جواب ۳۳ ۱۲۳
کیا امام زین العابدینؑ نے کسی ہاشمی عورت سے شادی کی تھی؟ ۱۲۵
سوال ۳۴ ۱۲۵
سوال ۳۵ ۱۲۵
جواب ۳۴، ۳۵ ۱۲۶
کیا حضرت علی علیہ السلام نے ابوبکر کی بیعت بہ خوشی کی تھی یا مجبوری کی حالت میں ۱۲۹
سوال ۳۶ ۱۲۹
جواب ۳۶ ۱۳۰
"شوریٰ مہاجرین و انصار کے لئے ہے" حضرت علیؑ کے اس قول کی وضاحت ۱۳۱
سوال ۳۷ ۱۳۱
سوال ۳۸ ۱۳۲
جواب ۳۷، ۳۸ ۱۳۲
مجلس اور تعزیہ برآمد کرنے پر کیا دلیلیں ہیں؟ ۱۵۵
سوال ۳۹ ۱۵۵
سوال ۴۰ ۱۵۵
جواب ۳۹، ۴۰ ۱۵۵
واقعہ کربلا کے راوی کون ہیں؟ ۱۵۹
سوال ۴۱ ۱۵۹
جواب ۴۱ ۱۵۹
کیا یہ صحیح ہے کہ یزید نے امام حسینؑ کے قتل کا حکم دیا تھا؟ ۱۶۱
سوال ۴۲ ۱۶۱
جواب ۴۲ ۱۶۱
کالا لباس نہ پہننے کے سلسلہ میں موجود روایات کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ ۱۷۵

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوال۴۳	۱۷۵
جواب۴۳	۱۷۵
کیا تھوک سے استنجاء کیا جا سکتا ہے؟	۱۸۳
سوال۴۴	۱۸۳
جواب۴۴	۱۸۳

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ رب العالمین، وافضل الصلاۃ واتم السلام، علی سیدنا ونبینا محمد وآلہ الطیبین الطاہرین.

یہ ان ۴۴ سوالات کے جوابات ہیں جو سپاہ صحابہ کے زیر نظر شائع ہو جانے والے مجلّہ میں علماء شیعہ کے سامنے پیش کیے گئے، ان سوالات کی اہمیت کے پیش نظر مجھ سے بعض پاکستانی برادران نے یہ خواہش ظاہر کی کہ میں ان سوالات کے جوابات تحریر کروں حالانکہ سوالات بہت معمولی قسم کے ہیں، مذہب اہل بیتؑ طاہرینؑ کے دفاع کی غرض سے ان کے جوابات تحریر کر دیے ہیں۔

ہم خداوند قدوس سے دعا گو ہیں کہ خدایا طالب حق کی ہدایت کرا اور متکبرین کو نیست و نابود فرما و ھو حسبنا و نعم الوکیل

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسماء بنت عمیس سے ابوبکر کی شادی

سوال ۱

جب آپ کے نزدیک ابوبکر صدیق منافق، مرتد، ظالم اور غاصب ہیں تو حضرت علی علیہ السلام نے اپنے بھائی جعفر طیار علیہ السلام کی بیوہ اسماء بنت عمیس کا عقد ان کے ساتھ کیوں ہونے دیا؟

jabir.abbas@yahoo.com

جواب ۱

یہ سوال، سوال کرنے والے کی تاریخ سے ناآگاہی کی دلیل ہے اسلئے کہ حضرت ابوبکر نے اسماء بنت عمیس سے پیغمبر اسلامؐ کے دور حیات میں ہی ان کے شوہر حضرت جعفر طیارؓ کی شہادت کے بعد عقد کر لیا تھا۔ اس کی تفصیل کتاب صحیح مسلم جلد ۴ صفحہ ۲۷ پر جناب عائشہ سے اس طرح نقل کی گئی ہے:

عن عائشة قالت نفست اسماء بنت عمیس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

بمحمد بن ابی بکر بالشجرة، فامر رسول
الله ابابکر یأمرها ان تغتسل وَتُهِلَّ

"عائشہ کا کہنا ہے کہ اسماء بنت عمیس نے جب محمد بن ابوبکر کو مقام شجرہ پر جنم دیا تو رسول اکرم ﷺ نے ابوبکر کو اس بچہ کو غسل دینے اور اس کے کان میں اذان و اقامت کہنے کا حکم دیا"

ہمیں تاریخ میں ایسا کوئی ثبوت نہیں ملا کہ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے اسماء کی شادی حضرت ابوبکر سے کرائی ہو!!

لیکن اسماء بنت عمیس نے حضرت ابوبکر سے عقد کیوں کیا اور حضرت رسول اکرم ﷺ یا حضرت علی علیہ السلام نے انھیں منع کیوں نہیں کیا؟

جواب: پیغمبر اسلام ﷺ نے احکام اسلام ظاہری طور پر جاری کئے ہیں، لوگوں کے مافی الضمیر پر لاگو نہیں کئے اور نہ ہی کسی کے عیوب سے پردہ ہٹایا ہے یہ بات مسلّم ہے جیسا کہ مسند احمد جلد ۴ صفحہ ۸۳ پر تحریر ہے:

ان فی اصحابی منافقین

یعنی آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

"میرے اصحاب میں بعض افراد منافق ہیں" اور صحیح مسلم میں بھی منقول ہے کہ آپ نے فرمایا:

لانخرق علی احد ستراً

"میں کسی کے گناہوں پر پڑے ہوئے پردے نہیں اٹھاتا"

مجمع الزوائد جلد ۹ صفحہ ۲۱۴ پر ابن عمر سے روایت نقل ہوئی ہے:

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"میں پیغمبر اسلام ﷺ کی خدمت میں تھا جب حرملہ بن زید نے رسول خدا کی خدمت میں آ کر آپ کے سامنے بیٹھتے ہوئے اپنی زبان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا ایمان یہاں پر ہے، اپنے سینہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا نفاق یہاں پر ہے اور میری زبان پر ذکر خدا بہت کم جاری ہوتا ہے۔ پیغمبر اسلام ﷺ خاموش رہے جب حرملہ نے آنحضرت ﷺ کی طرف سے منھ پھیر لیا تو پیغمبر اسلام ﷺ نے حرملہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

اللهم اجعل له لساناً صادقاً وقلباً
شاکراً، وارزقه حبی وحب من یحبنی وصل
امره الی الخیر

یعنی خدایا اس کی زبان میں سچائی، اس کے دل میں شکر گذاری کی صلاحیت پیدا کر، اس کو میری اور میرے محبّ کی محبت عطا کر اور اس کو نیکی کی ہدایت عطا فرما اس وقت حرملہ کہنے لگا:

یا رسول اللہ میرے کچھ منافق دوست ہیں اور میں ان سب کا سردار ہوں کیا میں آپ کو ان کے بارے میں کچھ بتاؤں؟ تو پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا:

من جائنا کما جئتنا استغفرنا له کما استغفرنا
لک، ومن اصر علیٰ ذنبه فالله اولیٰ به،
ولانخرق علیٰ احد ستراً

"یعنی میرے پاس جو بھی آتا ہے میں اس کیلئے طلب مغفرت کرتا ہوں جیسا کہ تم آئے اور میں نے تمہارے لئے طلب مغفرت کی اور جو اپنے گناہوں

Contact: jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

پر اصرار کرتا ہے خدا بہتر جانتا ہے کہ اس کے ساتھ کیا سلوک کیا جائے اور میں کسی کا راز فاش نہیں کرتا اس روایت کے تمام راوی صحیح ہیں"

ابوبکر ظاہری طور پر مسلمان تھے لہٰذا پیغمبر اسلام ﷺ اور حضرت علی علیہ السلام نے ان کے ساتھ وہی سلوک کیا جو ایک مسلمان کے ساتھ کیا جاتا ہے اور ان کے حقیقی چہرہ سے نقاب نہیں ہٹائی۔

لیکن یہ مسئلہ کہ اہل بیتؑ اور صحابہ کے سلسلہ میں ہمارا کیا عقیدہ ہے اس کا واضح جواب یہ ہے کہ ہم پیغمبر اسلام ﷺ کے حکم کی پیروی کرتے ہیں کیونکہ آپ نے ہمیں آپ کے بعد قرآن اور اہل بیت سے متمسک رہنے کا حکم دیا ہے اور اس کی واضح دلیل فریقین کے نزدیک صحیح شمار کی جانے والی حدیث ثقلین ہے۔ لہٰذا ہم نے قرآن اور سنت کو صرف اور صرف اہل بیتؑ سے حاصل کیا ہے اور ہم صحابہ کے اچھے و برے ہونے کو اہل بیتؑ کی کسوٹی پر تولتے ہیں یہ متفق علیہ روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام سے محبت اور بغض پیغمبر اکرمؐ کے دور حیات میں اور آپ کے بعد، ایمان اور نفاق کو پرکھنے کا ترازو ہے(۱)

یہی مطلب دیگر ائمہ اہل بیتؑ کے بارے میں بھی ہے پس اگر ہمارے نزدیک یہ ثابت ہو جائے کہ علی علیہ السلام، جناب فاطمہ علیہا السلام، امام حسن علیہ السلام و امام حسینؑ یا باقی ائمہ معصومینؑ میں سے کوئی امام کسی شخص کے بارے میں اچھا

۱۔ مراجعہ کیجئے کتاب الغدیر مؤلف علامہ امینی جلد ۳ صفحہ ۱۸۳۔ جس میں ترمذی اور احمد سے یہ روایت نقل کی گئی ہے۔

نظریہ نہیں رکھتے تھے تو ہم ان کی رائے کو بسر و چشم تسلیم کرتے ہیں اور اس شخص سے یقیناً نفرت کرتے ہیں چاہے وہ شخص صحابی ہی کیوں نہ ہو کیونکہ ہم کو اہل بیتؑ کی اتباع کا حکم دیا گیا ہے صحابہ کی اتباع کا نہیں۔

لیکن آپ نے خود ہی روایات نقل کر کے اپنے لئے مشکل ایجاد کی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام حضرت ابوبکر اور عمر کو اچھی نظر سے نہیں دیکھتے تھے چنانچہ صحیح مسلم جلد ۵ صفحہ ۱۵۲ پر تحریر ہے:

من قول عمر مخاطباً علياً والعباس: فقال ابوبكر قال رسول الله: مانورث ماتركنا صدقة فرأيتماه كاذباً آثماً غادراً خائناً، والله يعلم انه لصادق بار راشدٌ تابعٌ للحقِ. ثم توفي ابوبكر وانا ولي رسول اللهٌ وولي ابي بكر فرأيتماني كاذباً آثماً غادراً خائناً والله يعلم اني لصادق بار راشد تابع للحق فوليتها، ثم جئتماني انت وهذا وانتما جميع وامركما واحد فقلتما ادفعها الينا ... الخ

"عمر نے حضرت علی علیہ السلام اور عباس سے یوں خطاب کیا: ابوبکر سے مروی ہے کہ رسول اللہ کا فرمان ہے: "ہم ترکہ میں میراث نہیں چھوڑتے جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے" مگر تم دونوں ان (ابوبکر) کو کاذب، گنہگار غدار اور خائن سمجھتے ہو، خدا کی قسم اللہ بہتر جانتا ہے وہ سچے اور حق کے تابع تھے جب ابوبکر مر گئے تو ان کے بعد میں رسول اللہ اور ابوبکر کا ولی ہوں، لیکن تم دونوں کی

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نظر میں، میں کاذب، گنہگار، غدار اور خائن ہوں، جبکہ اللہ بہتر جانتا ہے کہ میں بھی سچا، نیک اور حق کی پیروی کرنے والا ہوں، لہٰذا میں نے خلافت قبول کی ہے، مگر تم دونوں میرے پاس اس مقصد سے ہو کہ میں یہ خلافت تم کو سونپ دوں"

خود آپ ہی کی کتابوں میں ہے کہ حضرت عمر کے بقول حضرت علی علیہ السلام اور عباس نے ابوبکر اور عمر کو چار رکیک حرکتوں سے منسوب کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اور عباس کی نظر میں شوریٰ اور سقیفہ حضرت ابوبکر اور عمر کی رچی ہوئی سازش تھی تاکہ وہ ان کے ذریعہ حضرت علی علیہ السلام کی خلافت اور جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کا فدک غصب کرسکیں۔

کیا شرعی نسب باپ سے ہوتا ہے؟

سوال ۲

جب آپ کے مذہب میں سید اس کو کہا جاتا ہے جو باپ کے ذریعہ بنی ہاشم کی طرف منسوب ہو تو حضرت علی علیہ السلام کی وہ اولاد جو فاطمہ سلام اللہ علیہا کے بطن سے نہیں ہے وہ آپ کے نزدیک کیوں سید نہیں ہے؟ معتبر کتابوں سے دلیل پیش کیجئے

سوال ۳

اگر ماں کی وجہ سے ہے تو پھر امام زین العابدین علیہ السلام سید نہ ہوئے کیونکہ ان کی والدہ (بنت کسریٰ) سیدہ اور قرشیہ نہیں تھیں؟

سوال ۴

حضرت علی علیہ السلام آپ کے نزدیک سید ہیں یا نہیں؟ اگر آپ کے نزدیک سید ہیں تو ان کی ساری اولاد سید کیوں نہیں؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جواب ۲ ، ۳ ، ۴

سید ہونے کا معیار صرف ہاشمی ہونا ہے اور ہاشمی صرف باپ کے ذریعہ ہوتا ہے چاہے ماں ہاشمی ہو یا نہ ہو۔ خداوند عالم سورۂ احزاب آیت ۵ میں ارشاد فرماتا ہے:

اُدْعُوْهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ

"ان بچوں کو ان کے باپ کے نام سے پکارو کہ یہی خدا کی نظر میں انصاف سے قریب تر ہے"

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے والدین دونوں ہاشمی تھے اور جو شخص بھی ان کی اولاد ہونے کے اعتبار سے ان کی طرف منسوب ہے وہ ہاشمی اور سید ہے اور کوئی بھی شیعہ حضرت علیؑ کی جو اولاد حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کے بطن سے نہیں ہیں اس کے متعلق یہ نہیں کہتا کہ وہ سید نہیں ہیں ہاں جناب فاطمہؑ کی صالح اولاد کے خاص امتیاز ہیں۔

آل محمدؐ اور اہل بیتؑ کون لوگ ہیں؟

سوال ۵

کیا آل محمدؐ سے مراد فقط ان کی اولاد ہے؟ یا بقیہ افراد بھی شامل ہیں؟

سوال ۶

اگر لفظ "آل" اولاد نبی سے مخصوص ہے تو آپ کے نزدیک حضرت علی علیہ السلام نبی کی آل میں شامل ہیں حالانکہ وہ نبی اکرمؐ کے فرزند نہیں تھے بلکہ آپ کے چچازاد بھائی تھے؟

سوال ۷

اگر آل سے مراد حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیتؑ ہیں تو آپ حضرات نبی اکرم کی ازواج کو اہل بیتؑ میں کیوں نہیں شامل کرتے؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جواب ۵ ، ٦ ، ٧

عربی لغت میں ''آل'' سب سے قریبی رشتہ دار کو کہا جاتا ہے اور اس میں عورتیں شامل نہیں ہوتیں، جب یہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شہر میں فلاں بادشاہ کی آل کی حکومت ہے تو یہاں پر بادشاہ کی اولاد مراد ہوتی ہے اور اس میں بادشاہ کی عورتیں شامل نہیں ہوتیں۔

لہٰذا آل نبی میں آپ کی ازواج شامل نہیں ہوسکتیں، ہاں لفظ ''اہل بیتؑ'' مردوں، عورتوں اور تمام اقارب پر صادق آتا ہے۔

پس آل کے لغوی معنی وسیع ہیں کیونکہ اس کا صلبی اور سب سے نزدیک اقرباء پر اطلاق ہوتا ہے اور اہل بیتؑ کے لغوی معنی بھی وسیع ہیں کیونکہ یہ سب سے قریب رشتہ دار اور ازواج کو بھی شامل ہوتا ہے۔

لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان الفاظ کے لغوی مفہوم کو بدل کر ان کو ایک اسلامی اصطلاح میں استعمال کیا ہے آپ نے اہل بیتؑ اور آل کو ''علی، فاطمہ، حسن علیہ السلام حسین علیہ السلام'' اور ان کی اولاد میں سے نو اماموں میں منحصر فرما دیا ہے جن کی آخری فرد امام مہدی (عج) ہیں لہٰذا اہل بیت نبی اور آل نبی پیغمبر اسلام کی دو خاص اصطلاحیں ہیں جن میں ان کے علاوہ اور کوئی داخل نہیں ہوسکتا جیسے لفظ ''الصلاۃ'' جس کے لغوی معنی بہت وسیع ہیں ہر دعا کو شامل ہے لیکن نبی اکرمؐ نے اس لفظ کو اصطلاح میں ایک خاص عبادت کیلئے معین فرما دیا ہے۔

لہٰذا آیت:

وَأَنْ أَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَاتَّقُوهُ هُوَ الَّذِي إِلَيْهِ تُحْشَرُونَ (۱)

''اور یہ بھی حکم ہوا کہ پابندی کے ساتھ نماز پڑھا کرو اور اسی سے ڈرتے رہو اور وہ تو وہ (خدا) ہے جس کے حضور میں تم سب کے سب حاضر کیے جاؤ گے'' میں لفظ صلاۃ کی تفسیر دعا کے ذریعہ کرے اور یہ کہے کہ جو شخص اپنے ہاتھوں کو بلند کرتا ہے اور اللہ سے دعا مانگتا ہے یا اپنے دل سے دعا کرتا ہے وہ نماز قائم کرتا ہے تو یہ صحیح نہیں ہوگا۔ کیونکہ ''اقیموا الصلاۃ'' سے اصطلاحی صلاۃ (نماز) مراد ہے لغوی صلاۃ مراد نہیں ہے۔

اسی طرح اگر یہاں بھی کوئی شخص یہ کہے کہ آل نبی اور اہل بیت نبی سے لغوی معنی مراد ہیں اور اس میں اولاد اور ازواج بھی شامل ہوں گے تو ہم ان سے یہ کہیں گے کہ آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کلام کو اپنے مفاد میں استعمال نہ کریں کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آل اور اہل بیتؑ کو مخصوص معنی میں استعمال کیا، ان کے حدود معین کیے اور ان کے مصادیق اور افراد کے نام بیان فرمادئے ہیں لہٰذا قرآن اور احادیث شریفہ میں موجود ان الفاظ کے اصطلاحی معنی مراد ہوں گے لغوی معنی نہیں ہاں اگر کوئی واضح قرینہ موجود ہو جو لغوی معنی پر دلالت کرتا ہو۔

۱۔ سورۂ انعام، آیت ۷۲

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس لفظ کے اصطلاحی معنی مراد لئے ہیں اسکی دلیل حدیث کساء ہے جس میں صاف صاف یہ بیان کیا گیا ہے کہ نبی اکرمؐ نے ام سلمہ کو چادر میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی بلکہ احمد نے اپنی مسند میں روایت نقل کی ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ام سلمہ کے ہاتھ سے چادر کھینچ لیا! چنانچہ احمد اپنی مسند جلد ۶ صفحہ ۳۲۳ پر نقل کرتے ہیں: ام سلمہ سے مروی ہے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب فاطمہؑ سے فرمایا: اپنے شوہر اور بیٹوں کو میرے پاس لاؤ۔ جناب فاطمہؑ ان کو لے کر گئیں پیغمبر نے سب کے اوپر فدکی چادر ڈال دی پھر سب کے اوپر اپنا ہاتھ رکھ کر فرمایا:

اللھم ان ھؤلاء آل محمد فاجعل صلواتک وبرکاتک علی محمد وآل محمد انک حمید مجید

''پروردگار یہ آل محمد ہیں، پس محمد اور آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنی برکتیں اور درود بھیج بیشک تو حمید اور مجید ہے'' ام سلمہ کہتی ہیں میں نے ان کے ساتھ شریک ہونے کیلئے چادر اٹھائی مگر فوراً پیغمبر نے میرے ہاتھ سے چادر چھین کر کہا: تم خیر پر ہو(۱)

۱. اس روایت کو ابو یعلی نے اپنی مسند جلد ۱۲، صفحہ ۳۴۴ پر، اور صفحہ ۴۵۶، طبرانی نے معجم کبیر جلد ۳ صفحہ [illegible] پر اور دوسرے علماء نے بھی نقل کیا ہے۔

http://fb.com/ranajabirabbas

نتیجہ

اس مطلب کے پیش نظر کہ آنحضرتؐ نے حدیث کساء میں اہل بیت کے افراد کو معین و مشخص فرمادیا ہے اور اس میں ازواج کو شامل نہیں کیا ہے لہذا کسی شخص کا ازواج نبی کو ان کے اہل بیتؑ میں شامل کرنا رسول اسلام کی مخالفت کرنا ہے اور رسول کی مخالفت حقیقت میں اللہ کی مخالفت ہے! اور ایسا کرنا اہل بیتؑ پر ظلم کرنا ہے کیونکہ خداوند عالم کی طرف سے اہل بیتؑ کو عطا کئے گئے حق میں ان کے علاوہ کسی اور کو شامل کرنا ظلم ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کا ابوبکر سے فدک کا مطالبہ

سوال ۸

ہم نے سنا ہے کہ فاطمہ علیہا فدک کا مطالبہ کرنے کیلئے ابوبکر کے پاس گئی تھیں اور ابوبکر آپ کے عقیدہ کے مطابق غاصب اور ظالم ہیں تو کیا شریعت میں انصاف کیلئے ظالم کے پاس جانا جائز ہے!

jabir.abbas@yahoo.com

سوال ۹

کیا جناب فاطمہ علیہا ابوبکر سے اپنا حق لینے کے لئے ان کے پاس اپنے شوہر حیدر کرار کی اجازت سے گئی تھیں۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ اجازت سے گئی تھیں تو کسی معتبر کتاب صفحہ سطر اور عبارت کے ساتھ دلیل پیش کیجئے؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سوال ۱۰

اگر آپ کہتے ہیں کہ بغیر اجازت کے گئی تھیں تو کیا یہ جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کی شان کے خلاف نہیں ہے؟

جواب ۸، ۹، ۱۰

۱۔ سب لوگ جناب سیدہ، صدیقہ کبریٰ، فاطمہ سلام اللہ علیہا کے زہد اور تقویٰ سے آشنا ہیں کہ آپ، آپ کے شوہر، اور آپ کے فرزند کھانے میں مسکینوں، یتیموں اور اسیروں کو اپنے نفوس پر مقدم رکھتے تھے جیسا کہ قرآن کی یہ آیت ان کی شان میں نازل ہوئی ہے:

وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا

"اور اس کی محبت میں محتاج اور یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں"

اسی طرح سبھی یہ بھی جانتے ہیں کہ صادق اور امین نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زندگی کے آخری لمحات میں اس بیماری کے دوران جس میں آپ نے رحلت فرمائی اپنی بیٹی جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا سے بطور راز یہ فرمایا تھا کہ فاطمہ سلام اللہ علیہا عنقریب مجھ سے ملحق ہوں گی اور ہوا بھی ایسا ہی اہل بیت" میں سے سب سے پہلے جو

۱۔ [illegible]

http://fb.com/ranajabirabbas

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جا ملا وہ جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا تھیں (۱)

یہاں سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ باغ فدک کے مطالبہ سے جناب فاطمہؑ کا مقصد فدک حاصل کرنا نہیں تھا! ان کا مقصد فقط مسلمانوں کو یہ بتانا تھا کہ وہ شخص جو نبی کی جگہ پر ہے وہ اسلام کے احکام کی سراسر مخالفت کر رہا ہے اور وہ اس باغ کا غاصب ہے جسکو نبی نے اپنی لخت جگر اکلوتی بیٹی کو دیا تھا۔

پس جب ابوبکر نبی کی لخت جگر پر اپنی خلافت کے پہلے دنوں میں ہی ظلم کے پہاڑ توڑ رہے ہیں تو باقی مسلمانوں پر ان کے ذریعہ یا ان کے بعد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانشین بننے والوں کے ذریعہ کتنا ظلم ہوگا؟

۲۔ جناب سیدہ سلام اللہ علیہا ابوبکر کے پاس ان کو قاضی اور عادل سمجھ کر قضاوت کی غرض سے نہیں گئی تھیں بلکہ انھوں نے تو ان کی بیعت ہی نہیں کی تھی آپ ان کو خلیفہ ہی نہیں مانتی تھیں پس کیسے ان کو قاضی اور عادل مان لیتیں؟

۳۔ جنابؑ ابوبکر کے گھر نہیں گئی تھیں مسجد میں تشریف لے گئی تھیں جہاں پر ابوبکر اور ان کے اصحاب بیٹھے تھے اور آپ نے ایک عظیم الشان خطبہ دیا ان کے خلاف امیر المومنین کی خلافت کے غصب کرنے پر دلائل پیش کئے اور باغ فدک کے غصب کرنے میں ان کے ظلم و ستم کو واضح کیا۔

تمام مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ انسان کے لئے اپنا حق لینے کی غرض سے ظالم کے پاس جانا، لوگوں کے سامنے اپنے حق کو ثابت کرنا اور اسے

۱۔ صحیح بخاری جلد ۴ صفحہ ۲۴۸ اور جلد ۸ صفحہ ۷۹

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

خلاف احتجاج کرنا جائز ہے اگر چہ وہ ظالم کافر ہی کیوں نہ ہو۔

۴۔ آیہ تطہیر اور آیہ مباہلہ جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے معصومہ ہونے پر واضح دلیل ہے صرف آیت تطہیر ہی اس حقیقت کی بیان گر ہے کہ جناب سیدہؑ کبھی بھی اپنے پروردگار کی معصیت نہیں کر سکتیں اور بغیر اپنے شوہر امیر المومنینؑ کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر نہیں نکل سکتیں۔

اسکے علاوہ یہ حدیث:

ان الرب یرضی لرضا فاطمة ویغضب لغضبها

"پروردگار عالم فاطمہ سلام اللہ علیہا کی رضا سے راضی ہوتا ہے اور فاطمہ سلام اللہ علیہا کے غضبناک ہونے سے غضبناک ہوتا ہے" بھی آپ کی عصمت پر دلالت کرتی ہے جس کو حاکم نے اپنی کتاب مستدرک میں نقل کیا ہے اور اس کو صحیح قرار دیا ہے ملاحظہ کیجیے جلد ۳ صفحہ ۱۵۴۔

لہذا جناب سیدہ سلام اللہ علیہا کا گھر سے اپنے شوہر کی اجازت کے ساتھ نکلنے پر دلیل خود ان کی عصمت ہے اور جس شخص کا یہ گمان ہے کہ آپ بغیر اجازت کے گئی تھیں اسکو اس بات پر دلیل پیش کرنی چاہیے۔

جب حضرت علی علیہ السلام کی خلافت، الٰہی ارادہ تھا تو آپ بلافصل خلیفہ کیوں نہیں بنے؟

سوال ۱۱

جب آپ کے نزدیک حضرت علی علیہ السلام کی خلافت کے متعلق خداوندی عہد اور نبوی اعلان تھا تو فرمایئے علی علیہ السلام نبی کے بلافصل خلیفہ کیوں نہیں بن سکے؟ کیا خدا (نعوذ باللہ) اپنے ارادہ میں ناکام رہا؟

سوال ۱۲

جس خلافت پر صدیق اکبر متمکن (غالب) ہوئے فرمایئے وہ خلافت اور حضرت علیؑ کی خلافت جس کے متعلق خداوند عالم نے وعدہ کیا تھا ایک تھی یا وہ دوسری تھی اگر ایک تھی تو خداوندی پیشین گوئی کیوں غلط نکلی اور اگر مختلف تھیں تو صدیق اکبر غاصب اور ظالم کیسے ٹھہرے؟

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

سوال ۱۳

کیا امامت اور خلافت آپ کے نزدیک منصوص من اللہ ہے؟

سوال ۱۴.

امامت اور خلافت میں جب ائمہ اور خلفاء کے مذہب کا غالب ہونا شرط ہے تو فرمایئے آپ کے بارہ اماموں کو ظاہری طور پر غلبہ کیوں نہ حاصل ہوا؟ کیا وہ خلفا اور آئمہ برحق نہیں تھے؟

جواب ۱۱ ، ۱۲ ، ۱۳ ، ۱۴

۱. سوال کرنے والے نے اللہ کے ارادہ تکوینیہ اور ارادہ تشریعیہ کو بیان نہیں کیا، ارادہ تکوینیہ کے بارے میں خداوند عالم سورہ بقرہ آیت ۱۱۷ میں ارشاد فرماتا ہے:

بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَاقَضٰی
اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ

(وہی) آسمان وزمین کا موجد ہے اور جب کسی کام کا کرنا ٹھان لیتا ہے تو اس کی نسبت صرف کہہ دیتا ہے ہوجا پس وہ (خود بخود) ہوجاتا ہے۔

اگر خداوند عالم کا ارادہ تکوینی ہوتو اس کا نہ ہونا محال ہے لیکن تشریعی ارادہ ہوتو ایسا نہیں ہے جیسے خدا نے ارادہ کیا کہ ابلیس سجدہ کرے، ہر انسان مومن

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہوجائے لیکن اسکے ساتھ ساتھ ان کو قدرت و اختیار بھی دیا۔ پس ابلیس نے سجدہ نہیں کیا اور الٰہی ارادہ ان کی نسبت محقق نہ ہوسکا۔

اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ خدا (معاذ اللہ) اپنے ارادہ کو پورا کرنے سے عاجز ہوگیا تھا اس لئے کہ یہاں یہ تشریعی ارادہ ہے تکوینی ارادہ نہیں ہے۔

انبیاءؑ کے بعد ان کی امتوں کا بھی یہی حال رہا ہے کہ خدا ان کو حکم کرتا تھا اور یہ چاہتا تھا کہ وہ لوگ انبیاءؑ کے اوصیاء کی اطاعت کریں لیکن وہ لوگ اللہ کی معصیت کرتے تھے اوصیاء کو ان کے مقام سے معزول کرتے تھے اور دوسروں کو لاکر ان کی جگہ پر بیٹھاتے تھے جس کے نتیجے میں اختلاف اور قتل و غارت ہوتا تھا لیکن یہ خدا کے عاجز ہونے پر دلیل نہیں بن سکتی کیوں کہ یہ ارادہ تشریعی ہے تکوینی نہیں ہے خداوند عالم فرماتا ہے:

تِلْکَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَابَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ مِنْهُمْ
مَنْ كَلَّمَ اللهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجَات وَاٰتَیْنَا
عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ وَاَیَّدْنَاهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ وَلَوْ
شَاءَ اللهُ مَااقْتَتَلَ الَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِ هِمْ مِنْ بَعْدِ
مَاجَاءَتْهُمُ الْبَیِّنَاتُ وَلٰکِنِ اخْتَلَفُوْافَمِنْهُمْ مَنْ
اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَنْ کَفَرَوَلَوْشَاءَ اللهُ
مَااقْتَتَلُوْاوَلٰکِنَّ اللهَ یَفْعَلُ مَایُرِیْدُ (۱)

"یہ سب رسول وہ ہیں جنہیں ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔ ان میں

---

۱. سورۂ بقرہ، آیت ۲۵۳

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

سے بعض وہ ہیں جن سے خدا نے کلام کیا ہے اور بعض کے درجات بلند کئے ہیں اور ہم نے عیسیٰ بن مریم کو کھلی ہوئی نشانیاں دی ہیں اور روح القدس کے ذریعہ ان کی تائید کی ہے۔ اگر خدا چاہتا تو ان رسولوں کے بعد والے ان واضح معجزات کے آجانے کے بعد آپس میں جھگڑا نہ کرتے لیکن ان لوگوں نے (خدا کے جبر نہ کرنے کی بنا پر) اختلاف کیا۔ بعض ایمان لائے اور بعض کافر ہوگئے اور اگر خدا طے کر لیتا تو یہ جھگڑا نہ کر سکتے لیکن خدا جو چاہتا ہے وہی کرتا ہے'' ایسے موقع پر خداوند متعال یہ چاہتا ہے کہ انسان اچھائی اور برائی کو اپنے ارادہ واختیار سے منتخب کرے۔

۲. غلبہ اور حاکمیت کبھی بھی امامت کی شرط نہیں رہی ہیں بہت سے انبیا کے اوصیا نہ یہ کہ غالب نہیں رہے بلکہ ہمیشہ ظالم و جابر طاقتوں کے سامنے مغلوب رہے اور ان کا کشت و کشتار ہوتا رہا جیسا کہ مذکورہ آیت میں اشارہ کیا گیا ہے۔

بلکہ نبی اکرمؐ فرما چکے تھے کہ ائمہؑ کو میرے بعد امت جھٹلائے گی حضرت علیؑ، امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کو قتل کرے گی اور وہ مغلوب ہو جائیں گے لیکن امت کی یہ تکذیب ان کو کوئی نقصان نہیں پہونچا سکے گی۔

معجم الطبرانی الکبیر جلد ۲ صفحہ ۲۱۳ و ۲۱۴ ح ۱۷۹۴ میں جابر بن سمرہ نے نبی سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا:

یکون لھذہ الامۃ اثنا عشر قیما لا یضرھم من خذلھم، ثم ھمس رسول اللہ بکلمۃ لم

اسمعھا، فقلت لابی ما الکلمۃ التی ھمس بھا النبیؐ؟ قال ابی: کلھم من قریش

''اس امت کے بارہ امام اور رہبر ہوں گے کسی کے ان کو رسوا کرنے سے ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا''

پھر رسول اللہ نے دھیمی آواز میں کوئی کلمہ کہا جو مجھے سنائی نہیں دیا تو میں نے اپنے والد سے پوچھا کہ نبی نے دھیمی آواز میں کون سا کلمہ کہا تو میرے والد نے کہا: ''وہ سب کے سب قریش سے ہوں گے''

معجم الطبرانی الکبیر جلد ۲ صفحہ ۲۵۶ حدیث ۲۰۷۳ پر جابر بن سمرہ سے ہی یہ روایت نقل ہوئی ہے۔

ان کا کہنا ہے:

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منبر سے یہ ارشاد فرماتے سنا کہ:

اثنا عشر قیما من قریش، لا یضرھم عداوۃ من عاداھم

''بارہ امام قریش سے ہوں گے ان کے دشمنوں کی عداوت انھیں کوئی نقصان نہیں پہنچائے گی''

راوی کہتا ہے کہ جب میں نے اپنی پشت کی طرف نگاہ کی تو یہ دیکھا کہ عمر بن خطاب اور میرے والد نے بھی اس حدیث کو تحریر کیا ہے۔

آپ کی کتابوں میں متعدد ایسی روایات موجود ہیں جو اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ جہاں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ائمہؑ کے آنے کی بشارت دی ہے وہیں ان

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پر ظلم وتشدد اوران کی تکذیب کی بھی خبر دی ہے اوراس چیز سے بھی روشناس کرایا کہ ایسا کرنے سے ان کی امامت اور ہدایت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا یہ صفات ائمہؑ اور خاندان اہل بیت ؑ سے مخصوص ہیں۔

۳۔ غلبہ اور حاکمیت کی تو نبوت میں بھی شرط نہیں ہے تو پھر امامت میں کیسے شرط ہوسکتی ہے؟ کیا آپ کو نہیں معلوم کہ اکثر انبیاءؑ مغلوب رہے جھٹلائے جاتے رہے اور قتل کردیے گئے بہت کم ایسے انبیاؑ ہیں جنھوں نے حکومتیں کی ہیں اور وہ غالب رہے ہیں۔ تو ہمارے نبی کے اوصیا بھی ظاہری طور پر دوسرے انبیاؑ کے اوصیا کی طرح مغلوب رہے۔

کیا شیعہ پیغمبر ﷺ کے زمانہ میں موجود تھے؟

سوال ۱۵

بیان کیجئے کہ کیا مذہب تشیع پیغمبر اسلام ﷺ اور حضرت علی علیہ السلام کے زمانہ میں پایا جاتا تھا؟

جواب ۱۵

ہاں کیوں نہیں، پیغمبر اسلام ﷺ کے دور حیات میں بعض صحابہ حضرت علی علیہ السلام سے بہت محبت کرتے تھے اور پروانے کی طرح ان کا طواف کیا کرتے تھے کہ جن کو "علی علیہ السلام کے شیعوں" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور قرآن کی چند آیتیں بھی ان کی مدح میں نازل ہوئی ہیں اور وہ ذات اقدس جو بغیر وحی الٰہی کے کوئی کلام نہیں کرتی اس نے ان کی مدح سرائی فرمائی ہے۔

سیوطی درمنثور (جلد ۶ صفحہ ۳۷۹) میں اس آیت:

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

هُم خَیرُ البَرِیَّة(۱)

''اور بیشک جو لوگ ایمان لائے ہیں اور انھوں نے نیک اعمال کئے ہیں وہ بہترین خلائق ہیں'' کی تفسیر میں یوں تحریر کرتے ہیں کہ:

''ابن عساکر نے جابر بن عبداللہ سے روایت کی ہے کہ جابر کہتے ہیں کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت بابرکت میں حاضر تھے کہ اتنے میں حضرت علی علیہ السلام تشریف لائے پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی کہ جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے یہ (علی علیہ السلام) اور ان کے شیعہ قیامت کے دن کامیاب ہیں اسی وقت یہ آیت:

اِنَّ الَّذِینَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ اُولٰئِکَ
هُم خَیرُ البَرِیَّة

نازل ہوئی۔

اس کے بعد جب علی علیہ السلام آتے تھے تو اصحاب کہا کرتے تھے کہ ''خیر البریہ'' آ گئے۔

ابن عدی اور ابن عساکر نے ابو سعید سے بھی یہ روایت نقل کی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام ''خیر البریۃ'' ہیں۔

ابن عدی نے ابن عباس سے نقل کیا ہے کہ یہ آیت:

اِنَّ الَّذِینَ آمَنُوا عَمِلُوا الصَّالِحَاتِ اُلٰئِکَ هُم

۱۔ سورۂ بینہ آیت

خَیرُ البَرِیَّة

اس وقت نازل ہوئی جب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا ''خیر البریہ'' یہ اور اس کے شیعہ ہیں قیامت کے دن خدا اس سے راضی ہوگا اور یہ خدا سے راضی ہوگا۔

ابن مردویہ نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت نقل کی ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا ہے:

کیا تم نے خدا کا یہ فرمان نہیں سنا: ''اِنَّ الَّذِینَ آمَنُوا ... خیر البریہ''

''یہ تم اور تمہارے شیعہ ہیں میں اور تم حوض کوثر پر ہوں گے جب تمام امتیں حساب دینے کے لئے آئیں گی اور تم کو ''غرّ المحجلین'' کہہ کر پکاریں گی''

ان کے علاوہ اور بھی احادیث ہیں۔ مگر ہمیں تعجب تو یہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اور آپ کے شیعوں کی شان میں آج تک یہ احادیث موجود ہیں حالانکہ جو بھی ایک لمحہ کیلئے بھی برسراقتدار آیا اس نے اس نور کو مٹانے کی پوری کوششیں کی ہیں۔ یہاں تک کہ اموی حکومت نے تمام شہروں میں نماز جمعہ کے دوران تقریباً [illegible] سال تک سب و شتم کو واجب قرار دیا تھا اس کے باوجود اہل سنت کے مصادر میں اس طرح کی عظیم حدیثیں حضرت علی علیہ السلام اور ان کے شیعوں کی شان میں باقی ہیں! کیا یہ بذات خود کرامت و معجزہ نہیں ہے؟

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا حضرت علی علیہ السلام نے مذہب اہل سنت کا انکار کیا ہے؟

سوال ۱۶

وہ حدیث پیش کریں جس میں حیدر کرار نے لفظ اہل سنت کی تردید کی ہو؟

جواب ۱۶

حضرت ابوبکر، عمر اور عثمان کے زمانہ میں ان کی اتباع کرنے والوں کو "اہل سنت والجماعت" نہیں کہا جاتا تھا۔ ان کو اہل سنت کیسے کہا جاتا جبکہ انھوں نے سنت کا انکار کیا اور نبی اکرمؐ کے سامنے آپ سے کہا: "حسبنا کتاب اللہ" تاکہ ان کے لیے کوئی ایسا رقعہ نہ تحریر کردیں جس کے بعد وہ گمراہ نہ ہوں؟۔

اس بات کا ثبوت یہ ہے کہ ہجرت کے چالیسویں سال جب خلافت معاویہ کے ہاتھ لگی تو انھوں نے اپنے ماننے والوں کو "اہل الجماعت" کا نام

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

دیا جس میں اہل السنت نہیں تھا۔

اہل سنت کا نام سب سے پہلے دوسری صدی ہجری میں رائج ہوا اور یہ معتزلہ کے مقابلے میں اہل حدیث کا نام تھا۔

اشعری کا مقالات اسلامیین جلد۲ صفحہ ۲۶۱ میں کہنا ہے: ''اہل سنت یعنی اصحاب حدیث نے کہا ہے کہ خدوند عالم دنیا کے آسمان پر نازل ہوتا ہے جیسا کہ رسول خدا کی حدیث میں آیا ہے''

لیکن ابوبکر و عمر و عثمان کی پیروی کرنے والوں نے اپنے کو اہل جماعت کہا تو اس کی صحابہ نے تائید نہیں کی ہے۔

تاریخ دمشق جلد۴۳ صفحہ ۷۹۸ پر ابن مسعود کا کہنا ہے: جماعت وہ ہے جو حق کے موافق ہو بیشک اکثر لوگ جماعت سے دور ہیں اس لئے کہ اللہ کی اطاعت کرنے والوں کو جماعت کہا جاتا ہے

حضرت علی علیہ السلام سے اہل سنت، بدعت، جماعت اور فرقہ کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے ویسی ہی تفسیر فرمائی جیسے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمائی تھی چنانچہ منتخب کنز العمال کے حاشیہ پر مطبوع مسند احمد جلد۱ صفحہ ۱۰۹ پر عسکری نے سلیم بن قیس عامری سے روایت نقل کی ہے کہ:

ابن الکواء نے حضرت علی علیہ السلام سے سنت، بدعت، جماعت اور فرقہ کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا:

اے ابن الکوا جب تم نے یہ سوال کر لیا ہے تو اس کے جواب پر بھی غور کرو: خدا کی قسم سنت محمد ہے اور سنت سے دور رہنا بدعت ہے۔ جماعت حق کے

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساتھ رہنا ہے اگر چہ وہ کم ہی کیوں نہ ہوں اور تفرقہ اہل باطل کا ساتھ دینا ہے اگر چہ وہ زیادہ ہی کیوں نہ ہوں۔

ابن میثم البحرانی نے شرح نہج البلاغہ (جلد۱ صفحہ ۲۸۹ پر روایت نقل کی ہے کہ ایک شخص نے حضرت امیر المومنینؑ سے سوال کیا:

اے امیر المومنین علیہ السلام مجھے اہل جماعت، اہل فرقہ، اہل سنت اور اہل بدعت کے بارے میں بتایئے تو آپ نے فرمایا:

جب تو نے مجھ سے سوال کیا ہے تو صحیح طریقہ سے سنو اور کسی سے اس بارے میں سوال نہ کرنا۔

اہل جماعت ہم اور وہ لوگ ہیں جو ہماری اتباع کرتے ہیں اگر چہ وہ کم ہی ہوں اور خدا اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظر میں یہی برحق ہیں۔

اہل فرقہ وہ لوگ ہیں جو ہماری اور ہمارے ماننے والوں کی مخالفت کرتے ہیں اگر چہ زیادہ ہی ہوں، اور اہل سنت وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول کی سنت کے ساتھ متمسک ہوں اہل سنت وہ لوگ نہیں ہیں جو اپنی رائے اور اپنی خواہشات پر عمل کرتے ہیں اگر چہ وہ کثیر تعداد میں ہی کیوں نہ ہوں۔

مختصر یہ کہ اہل جماعت معاویہ کے زمانے میں سنیوں کا نام پڑا، اور اس میں سنت کا تذکرہ نہیں تھا، پھر محدثین نے دوسری صدی ہجری میں سنت کو بھی نام کے طور پر جماعت کے ساتھ شامل کر لیا۔

لیکن امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام نے اہل سنت کی تفسیر اپنے اور اپنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

شیعوں کے ذریعہ کی ہے ان لوگوں کے مقابلہ میں جنھوں نے سنت کو ترک کر دیا اور نبی سے کہا ہمیں آپ کی سنت اور آپ کے نامہ کی ضرورت نہیں ہے ہمارے لئے اللہ کی کتاب کافی ہے۔

کیا جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا نے حضرت علی علیہ السلام سے عقد کرنے پر اعتراض کیا تھا؟

سوال ۱۷

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا سے ان کا حضرت علی علیہ السلام کا عقد کرنے کے متعلق سوال کیا تو کیا جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا نے حضرت علی علیہ السلام کی شکل و صورت پر اعتراضات کیے تھے؟

سوال ۱۸

اگر فاطمہ سلام اللہ علیہا نے اعتراضات کیے تو انکی عفت و عصمت کہاں گئی؟ اور اگر اعتراضات نہیں کیے تو کیوں؟ آپ کی ایک کتاب (مقبول احمد از علمائے ہندوستان کی کتاب ضمیمہ ترجمہ قرآن صفحہ ۵۲۹) میں تحریر ہے کہ جب

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آنحضرتؐ نے فاطمہؑ کو بطور راز اپنے ارادہ سے اطلاع دی تو معصومہ نے گردن جھکا دی اور پیغمبرؐ سے عرض کیا بابا آپ کی رائے مقدم ہے آپ کو اختیار ہے مگر میں نے زنان قریش کی زبانی سنا ہے کہ علیؑ کا پیٹ بڑا ہے ان کے ہاتھ لمبے ہیں، پنڈلیاں موٹی ہیں، سر کے اگلے حصہ پر بال نہیں ہیں کشادہ پیشانی ہے، آنکھیں بڑی بڑی ہیں اور کندھا اتنا سخت ہے جیسا اونٹ کا کندھا۔

جواب ۱۷، ۱۸

اس طرح کی روایات کو حضرت علیؑ اور جناب کی طرف منسوب کرنا ان پر تہمت اور افتراء باندھنا ہے علیؑ تمام لوگوں میں سب سے خوبصورت شخص تھے سرخ ہونٹ، خوبصورت اور نورانی چہرہ اور بڑی آنکھوں والے تھے اور موثق مورخین نے اس بات کی شہادت دی ہے کہ تمام بنی ہاشم روشن چہرے والے تھے جو خود بخود قریش کے قبیلوں سے الگ پہچانے جاتے تھے اور پھر یہ کہ حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کی زندگی دنیا میں ایک مثالی زندگی ہے

لیکن بنی امیہ کے راویوں نے اس طرح کی روایات کو باقاعدہ جعل کیا ہے جیسا کہ انھوں نے علیؑ پر یہ جھوٹ باندھا ہے کہ آپ نے فاطمہؑ کو ابوجہل کی بیٹی کہہ کر آواز دی تھی یہ سب باتیں اہلبیت سے کوسوں دور ہیں۔

اس مطلب کے غلط ہونے کے لئے تو اتنا ہی کہہ دینا کافی ہے کہ اس روایت کے نقل کرنے والوں نے کوئی سند نہیں پیش کی جبکہ عبقات الانوار اور الغدیر جیسی کتابوں میں اس روایت کی بڑے محکم دلائل کے ذریعہ تردید کی گئی ہے۔

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ معصومینؑ تمام انبیاءؑ سے افضل ہیں؟

سوال ۱۹

کیا آپ کے نزدیک حضرت علیؑ کا مرتبہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ تمام انبیاء سے افضل ہے؟

جواب ۱۹

جی ہاں امیر المومنین علیؑ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد تمام لوگوں سے افضل ہیں وہ آپ کے وزیر، وصی اور دنیا و آخرت میں آپ کے بھائی ہیں ہماری اور آپ کی کتابوں میں متعدد احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ علیؑ اور دیگر ائمہ اطہارؑ آپ کے ہم درجہ ہوں گے اور چونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مرتبہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمام انبیاءؑ سے افضل ہے لہٰذا ان کے اہل بیتؑ بھی ان کے ساتھ اسی رتبہ میں رہیں گے۔ جنت الفردوس کا سب سے اعلیٰ درجہ حضرات محمد و آل محمدؐ کے لئے مخصوص ہے اس کے بعد جناب ابراہیم اور آل ابراہیم کا درجہ ہے اور پھر تمام انبیاءؑ کا مرتبہ ہے اس سلسلہ میں بھی آپ ہی کی کتابوں میں روایات مو جود ہیں۔

بلکہ آپ کی احادیث کی کتابوں میں ہے کہ اہل بیت اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرنیوالے ان کے درجہ میں ہوں گے تو پھر اہل بیت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم رتبہ کیوں نہیں ہو سکتے؟

چنانچہ ترمذی نے اپنی سنن جلد ۴ صفحہ ۳۳۱ پر یہ روایت کی ہے کہ:

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حسن علیہ السلام اور حسین علیہ السلام کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا جس نے مجھ سے محبت کی اور ان دونوں سے محبت کی اور ان کے والد اور ان کی والدہ سے محبت کی وہ میرے ساتھ روز قیامت میرے درجہ میں داخل ہوگا یہ حدیث حسن علیہ السلام ہے۔" آپ ہی کی کتابوں میں یہ تحریر ہے کہ آنحضرتؐ کے اہل بیت سب سے پہلے حوض کوثر پر وارد ہوں گے اور حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ میں لواء الحمد ہوگا اور لواء الحمد میدان محشر کے پرچم کا نام ہے اور حضرت علی علیہ السلام ہی حوض کوثر کے ساقی اور منافقین کو وہاں سے دور کرنے والے ہیں الخ۔۔۔

اسی سلسلہ میں امام احمد بن حنبل نے اپنی کتاب مناقب صحابہ صفحہ ۲۶۱ پر ابوسعید خدری سے یہ روایت نقل کی ہے کہ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ نے فرمایا کہ: "علی علیہ السلام کو پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو میرے نزدیک دنیا و

http://fb.com/ranajabirabbas

مافیہا سے زیادہ محبوب ہیں:

۱. علی علیہ السلام قیامت کے دن لوگوں کا حساب و کتاب تمام ہونے تک میرا مددگار ہے۔

۲. قیامت کے دن لواء حمد اسی کے ہاتھ میں ہوگا اور آدمؑ اور ان کی اولاد اسی کے نیچے ہوگی۔

۳. وہ حوض کوثر پر کھڑا ہوگا اور جو میری امت میں سے ہوگا اسکو سیراب کرے گا۔

۴. وہ میری تجہیز و تکفین کرے گا۔

۵. اس کا ایمان اس مرتبہ پر ہوگا کہ نہ وہ کفر کا دم بھر سکتا ہے اور نہ ہی غیر مناسب کام انجام دے سکتا ہے(۱)

جب حضرت علی علیہ السلام جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا اور حسنین علیہم السلام کے تمام دوستوں کا یہ مرتبہ ہے کہ روز قیامت پیغمبر کے ہم رتبہ ہوں گے تو پھر حضرت علی علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد سب سے افضل کیوں نہیں ہوں گے؟

---

۱. اس روایت کو ابونعیم نے حلیۃ الاولیاء، جلد ۱۰، صفحہ ۲۱۱ پر، محب طبری نے ریاض النضرہ، جلد ۲، صفحہ ۲۰۳ پر، اور ملا علی ہندی نے کنز العمال، جلد ۶، صفحہ ۴۰۳ پر نقل کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا حضرت علی علیہ السلام پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ معراج میں موجود تھے؟

سوال ۲۰

حضرت علی علیہ السلام کے متعلق سنا ہے کہ شیعہ قائل ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ معراج پر گئے تھے؟ کیا یہ بات صحیح ہے؟ اور اس کا ثبوت قرآن کی کس آیت میں ہے؟

jabir.abbas@yahoo.com

جواب ۲۰

شیعوں نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ معراج پر گئے تھے البتہ حدیث شریف میں اتنا وارد ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو اپنی سب سے پسندیدہ آواز میں خطاب کیا تھا اور وہ حضرت علی علیہ السلام کی آواز تھی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

جناب جعفر مرتضیٰ عاملی نے اپنی کتاب "الصحیح من السیرہ جلد ۳ صفحہ ۱۴" پر تحریر فرمایا ہے کہ:

یہ بات طے ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج بعثت کے تیسرے سال ہوئی تھی یعنی اس وقت معراج ہوئی جب چالیس آدمی بھی اسلام نہیں لائے تھے جس کا مطلب یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج حضرت ابوبکر کے اسلام لانے سے بہت پہلے ہوئی تھی جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ ابوبکر پچاس آدمیوں کے بعد اسلام لائے تھے

کیونکہ انھوں نے ۵ھ بعثت میں اسلام قبول کیا تھا بلکہ بعثت کے ساتویں سال اس وقت اسلام قبول کیا جب پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور قریش کے درمیان ٹکراؤ ہوا تھا یا مسلمانوں کے حبشہ کی طرف ہجرت کے بعد اور اس ٹکراؤ یا ہجرت کے بعد بظاہر سب سے پہلے اسلام لائے تھے۔

جب معراج ان کی ہجرت سے بہت سال پہلے واقع ہوئی ہے تو پھر بعض لوگوں کا یہ کہنا درست نہیں ہے کہ ابوبکر کو صدیق اس لئے کہا گیا ہے کہ جب رسول خدا نے واقعۂ معراج بیان کیا تو انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معراج کی تصدیق کی تھی!

اسی طرح یہ بات بھی صحیح نہیں ہے کہ ملک (فرشتہ) نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معراج میں ابوبکر کی آواز میں گفتگو کی تھی۔

تمام اہل حدیث اور حفاظ نے اس قسم کی روایات کی صاف طور پر تکذیب کی ہے اور صحیح بات یہ ہے کہ اس فرشتہ نے حضرت علی علیہ السلام کی آواز میں گفتگو کی

تھی (۱)

ابو فتح کراجکی کی کتاب کنز الفوائد صفحہ ۲۵۹ پر یوں بیان کرتے ہیں کہ: "حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہؐ جب معراج پر گئے تو آپ نے امیر المومنینؑ کی صورت میں ایک ملک کو دیکھا" اس کے بعد لکھتے ہیں کہ: "تمام محدثین اس روایت کے صحیح ہونے پر متفق ہیں" اس کے بعد حدیث کی سند کو تفصیلی طور پر بیان کرتے ہوئے (۲)

ابن عباس سے یوں نقل کرتے ہیں کہ: میں نے رسول اللہؐ کو یہ فرماتے

---

۱. رجوع فرمائیں المواہب اللدنیہ، جلد ۲، صفحہ ۲۹۔۳۰، در منثور، جلد ۴، صفحہ ۱۵۴۔۱۵۵، الغدیر، جلد ۵، صفحہ ۳۰۲، ۳۲۴ اور ۳۲۵۔ صاحب غدیر نے ان تمام روایات کو وہاں نقل کیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس کی تکذیب کو بھی میزان الاعتدال، جلد ۱، صفحہ ۳۰۷ اور لسان المیزان، جلد ۵، صفحہ ۲۳۵ اور تہذیب التہذیب، جلد ۵، صفحہ ۱۳۸ اور سیوطی کی موضوعات اور ابن حبان اور ابن عدی سے نقل کیا ہے اور مناقب خوارزمی، صفحہ ۳۷ اور ینابیع المودۃ، صفحہ ۸۳ سے نقل کیا ہے۔

۲. حدیث کا سلسلۂ سند یوں ہے: ابو الفتح کا کہنا ہے کہ: مجھ سے اہل سنت کے عالم دین شیخ فقیہ ابو الحسن محمد بن احمد بن الحسن بن شاذان قمی نے بیان کیا اور میں نے اس کو ان کی معروف کتاب ایضاح دقائق النواصب سے نقل کیا ہے اور اس کی مکہ میں مسجد الحرام کے اندر ۴۱۲ھ میں قرائت کی تو انھوں نے اس حدیث کا سلسلۂ سند اس طرح بیان کیا کہ ہم سے ابو القاسم جعفر بن مسرور لجام نے بیان کیا انھوں نے حسین بن محمد سے انھوں نے احمد بن علویہ معروف بہ ابن اسود کاتب اصفہانی سے انھوں نے ابراہیم بن محمد سے انھوں نے عبد اللہ بن صالح سے انھوں نے جریر بن عبد الحمید سے انھوں نے مجاہد سے انھوں نے ابن عباس سے یہ روایت نقل کی ہے۔

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سنا ہے کہ: جب میں شب معراج آسمان پر گیا تو میں جب بھی ملائکہ کے کسی گروہ کے پاس سے گذرا تو انھوں نے مجھ سے علی بن ابی طالب علیہ السلام کے بارے میں سوال کیا یہاں تک کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ علی علیہ السلام کا نام شاید آسمان پر میرے نام سے زیادہ مشہور ہے اور جب میں فلک چہارم پر پہنچا اور میری نظر ملک الموت پر پڑی تو انھوں نے کہا اے محمد خداوند عالم نے ایسی کوئی مخلوق خلق نہیں کی ہے جس کی میں روح قبض نہ کروں مگر آپ اور علی علیہ السلام کے علاوہ کیونکہ خداوند جل جلال خود اپنی قدرت سے آپ دونوں کی روح قبض کرے گا جب میں عرش کے نیچے پہنچا تو میں نے دیکھا کہ میں اور علی علیہ السلام عرش الٰہی کے نیچے ایک ساتھ کھڑے ہوئے ہیں تو میں نے کہا اے علی علیہ السلام تم مجھ سے پہلے پہنچ گئے تو مجھ سے جبرئیل نے کہا:

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آپ سے کون گفتگو کر رہا ہے تو میں نے کہا یہ میرا بھائی علی بن ابی طالب علیہ السلام ہے تو انھوں نے کہا اے محمد یہ علی علیہ السلام نہیں ہیں بلکہ یہ رحمان کے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہے جس کو خداوند عالم نے علی علیہ السلام کی صورت میں خلق کیا ہے ہم مقرب بارگاہ فرشتے جب کبھی بھی علی بن ابی طالب کی زیارت کے مشتاق ہوتے ہیں تو اس فرشتے کی زیارت کرتے ہیں کیونکہ علی علیہ السلام کا مرتبہ پروردگار کے نزدیک بہت ہی اعلیٰ ہے"

حضرت علی علیہ السلام غاصبین خلافت سے خلافت کیوں نہ لے سکے؟

سوال ۲۱

آپ کا عقیدہ ہے کہ حضرت علی علیہ السلام مشکل کشا ہیں تو پھر فرمایئے وہ اپنی مشکل کشائی کیوں نہ کر سکے جبکہ ان سے خلافت و مصلیٰ چھین لیا گیا؟

اس سوال کی وضاحت یہ ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام امام برحق ہیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصی ہیں تو پھر یہ ممکن نہیں ہے کہ ابو بکر اور عمر آپ پر غلبہ حاصل کر کے آپ کی خلافت غصب کر لیتے اور آپ کو حکومت سے معزول کر دیتے، یعنی آپ اس شخص کو حلال مشکلات کیسے کہتے ہیں جو خود اپنی مشکل کو حل نہ کر سکتا ہو؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جواب ۲۱

سوال کرنے والے کو یہ خیال نہیں رہا کہ پروردگار عالم نے لوگوں کو با اختیار پیدا کیا ہے اور انھیں ایمان پر مجبور نہیں کیا ہے اور اپنے انبیا اور ان کے اوصیا کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ عام فطری اسباب کے مطابق عمل کریں لہٰذا کبھی وہ غالب ہو جاتے تھے اور کبھی مغلوب جبکہ پروردگار عالم کے پاس اتنی قدرت تھی کہ وہ معجزے کے ذریعہ اپنے رسولوں کی مدد اور ان کے دشمنوں کو ہلاک کر دے اللہ نے اپنے رسول سے فرمایا ہے: ﴿لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ﴾ (سورۂ غاشیہ آیت: ۲۲) یعنی آپ ان کے اوپر داروغہ نہیں ہیں۔

یا خداوند عالم کا ارشاد ہے:

وَقَالَ الَّذِينَ اَشْرَكُوا لَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهِ مِنْ شَيْءٍ نَحْنُ وَلَا آبَاؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهِ مِنْ شَيْءٍ كَذَالِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ (۱)

اور مشرکین کہتے ہیں کہ اگر خدا چاہتا تو ہم یا ہمارے بزرگ اسکے علاوہ کسی کی عبادت نہ کرتے اور نہ اسکے حکم کے بغیر کسی شے کو حرام قرار دیتے۔

۱۔ سورۂ نحل، آیت ۳۵

http://fb.com/ranajabirabbas

اسی طرح ان کے پہلے والوں نے بھی کیا تھا تو کیا رسولوں کی ذمہ داری واضح اعلان کے علاوہ کچھ اور بھی ہے۔

لہٰذا یہ اعتراض باطل ہے کیونکہ یہ اعتراض تمام ان انبیاءؑ اور اوصیا کے بارے میں بھی ہوگا جن پر کفار اور منافقین نے غلبہ حاصل کر لیا تھا اور ان کو پروردگار نے معجزے کے ذریعہ اپنی مشکل حل کرنے کی اجازت نہیں دی تھی کتنے انبیاءؑ کو بنی اسرائیل نے قتل کیا کتنے اوصیا پر ظلم کیا انھیں میں سے جناب موسیٰؑ اور سلیمانؑ کے وصی بھی ہیں، جبکہ جناب سلیمانؑ کے وصی آصف بن برخیا کے پاس تو اسم اعظم تھا اور ان کے پاس تو کتاب کا بھی کچھ علم تھا اور اس کو قرآن نے بیان بھی کیا ہے اور وہ تخت بلقیس کو چشم زدن میں یمن سے لے آئے تھے لیکن اس کے باوجود بھی ان سے جناب سلیمان کی خلافت کو غصب کر لیا گیا اور انھوں نے غاصبین کے خلاف اپنے معجزے کا استعمال نہیں کیا۔

اسی طرح حضرت علی علیہ السلام جن کے پاس اسم اعظم اور علم کتاب تھا وہ شیروں کے شیر تھے اور اگر ان کیلئے بددعا کرتے تو سب کے سب ہلاک ہو جاتے اور جب لوگوں نے ان کے گھر پر حملہ کیا تھا اگر آپ اپنی تلوار نیام سے نکال لیتے تو زمین کو دشمنوں کے خون سے سیراب کر دیتے لیکن آپ کو صبر کرنے اور عام فطری اسباب کے مطابق چلنے کا حکم دیا گیا تھا جیسا کہ انبیائے ماسبق اور ان کے اوصیا کو حکم دیا گیا تھا۔

لیکن ہم نبی اکرمؐ اور آپ کی عترت طاہرینؑ یعنی حضرت علی علیہ السلام، فاطمہ سلام اللہ علیہا، حسن علیہ السلام، حسین علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام کی نسل سے نو معصومینؑ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

سے کیوں توسل کرتے ہیں؟ اور یہ عقیدہ کیوں رکھتے ہیں کہ ان کے توسل سے پروردگار عالم ہماری مشکلات حل کرتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ پروردگار عالم نے ہم کو ان سے توسل کرنے کا حکم دیا ہے ارشاد ہوتا ہے:

يٰـأَيُّهَـا الَّـذِيْـنَ آمَـنُـوْا وَابْـتَـغُـوْا اِلَـيْـهِ الْوَسِـيْـلَةَ
وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (۱)

"ایمان والو اللہ سے ڈرو اور اس تک پہنچنے کا وسیلہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو کہ شاید اس طرح کامیاب ہو جاؤ"

جب ہم نے خداوند عالم کی بارگاہ تک پہنچنے کے لئے وسیلہ تلاش کیا تو ہم کو ان سے بہتر کوئی اور وسیلہ نہیں ملا۔ جیسا کہ شیخ صدوق نے اپنی کتاب (من لا یحضرہ الفقیہ جلد ۲ صفحہ ۶۱۷) پر یہ دعا نقل کی ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَوْ وَجَدْتُ شفعاء اقرب اليک من
محمد واهل بيته الاخيار الائمة الابرار علی
هم السلام لجعلتهم شفعائی، فبحقهم الذی
اوجبت لهم عليک اسئلک ان تدخلنی
فی جملة العارفين بهم وبحقهم، وفی زمرة
المرحومين بشفاعتهم، انک ارحم

۱۔ سورۂ مائدہ آیت ۳۵

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الراحمين

"پروردگارا اگر مجھے تیری بارگاہ میں محمد و آل محمد اور ان کے ائمہ ابرار سے بہتر اور کوئی وسیلہ مل جاتا تو میں انھیں کو اپنا شفیع قرار دیتا لہٰذا اب ان کے اس حق کے واسطے جس کو تو نے اپنے اوپر لازم کیا ہے میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے ان کے اور ان کے حق کے ذریعہ اپنے مرحوم بندوں کے زمرہ میں شامل فرما بیشک تو ارحم الراحمین ہے"

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا امام حسین علیہ السلام کے قاتل شیعہ تھے؟

سوال ۲۲

جن لوگوں نے حضرت امام حسین علیہ السلام کو ہزاروں خطوط روانہ کیے تھے اور ان کو کوفہ آنے کی دعوت دی تھی انھوں نے آپ سے یہی کہا تھا کہ ہم آپ کے شیعہ ہیں جیسا کہ جلاء العیون میں وارد ہوا ہے لہذا انھیں لوگوں نے آپ کو قتل کیا ہے نہ کہ بنی امیہ کے شیعوں نے جیسا کہ آپ لوگ دعویٰ کرتے ہیں؟

jabir.abbas@yahoo.com

جواب ۲۲

جی ہاں! اکثر زعمائے کوفہ نے امام حسین علیہ السلام کے پاس خطوط لکھے تھے اور ان کو اپنے یہاں آنے کی دعوت دی تھی اور یہ گمان کیا تھا کہ خط لکھنے والے سب کے سب آپ کے شیعہ ہیں چنانچہ اس کو انھوں نے ثابت کر کے دکھایا اور آپ کے ساتھ مل کر جنگ کی اور بہت سے لوگوں نے جب آپ تک پہنچنے کی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

کوشش کی تو ان کو ابن زیاد نے قید کر دیا یہاں تک کہ اس کے تمام قید خانے قیدیوں سے پُر ہو گئے، ان میں سے بہت سے لوگوں نے خیانت کی اور آپ سے غداری کر کے یزید و ابن زیاد کے ساتھ مل کر آپ سے جنگ کی اس بات سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ جن لوگوں نے یہ دعویٰ کیا تھا کہ وہ آپ کے شیعہ ہیں یقیناً ان میں سے بعض لوگ سچے تھے اور اکثر جھوٹے تھے اور یہی لوگ بنی امیہ کے پیروکار تھے اور انھوں نے آپ کو حکومت کی شہ پر خطوط لکھے تھے تا کہ آپ کو کوفہ بلا کر قتل کر دیا جائے۔ کیونکہ حکومت کو آپ کی مکہ میں موجودگی سے خطرہ محسوس ہو رہا تھا۔

کتاب ''امام حسین علیہ السلام کے کلمات'' صفحہ ۳۱۰ پر ہے: جب اہل کوفہ کو معاویہ کی ہلاکت کی خبر ملی تو اہل عراق نے یزید کو بھڑکایا اور یہ کہا کہ حسین اور ابن زبیر نے بیعت سے انکار کیا ہے اور دونوں مکہ پہنچ گئے ہیں۔

محمد بن بشر ہمدانی کا بیان ہے کہ ہم سلیمان بن صرد خزاعی کے گھر میں جمع ہوئے اور میں نے خطبہ دیا اور کہا کہ معاویہ ہلاک ہو چکا ہے اور امام حسین مکہ روانہ ہو گئے ہیں اور آپ لوگ ان کے اور ان کے والد کے شیعہ ہیں تو اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ ان کے ناصر اور ان کے دشمنوں سے جہاد کرنے والے ہیں تو پھر سب مل کر ان کی خدمت میں خط لکھئے اور اگر آپ لوگوں کو شکست کا خوف ہے تو ان کو دھوکہ میں نہ رکھئے ان سب نے جواب دیا نہیں ہم ان کے دشمن سے جنگ کریں گے اور اپنی جانوں کو ان کے سامنے قربان کر دیں گے تو سلیمان نے کہا پھر ان کی خدمت میں یوں خط لکھے:

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

للحسین بن علی من سلیمان بن صرد، والمسیب بن نجبه ورفاعة بن شداد، وحبیب بن مظاهر وشیعته من المومنین والمسلمین من اهل الکوفة، سلام علیک فانا نحمد الیک الله الذی لا اله الا هو، اما بعد: فالحمدلله الذی قصم عدوک الجبار العنید، الذی انتزی علی هٰذه الامة فابتزها وغصبها فینها، وتامر علیها بغیر رضا منها، ثم قتل خیارها واستبقی شرارها، وجعل مال الله دولة بین جبابرتها واغنیائها، فبعداله کما بعدت ثمود انه لیس علینا امام فاقبل لعل الله ان یجمعنا بک علی الحق، والنعمان بن بشیر فی قصر الامارة لسنا نجتمع معه فی جمع. ولا نخرج معه الیٰ عید، ولو قد بلغنا انک قد اقبلت الینا اخرجناه حتیٰ نلحقه بالشام ان شاء الله، والسلام علیک ورحمة الله

ترجمہ: امام حسین بن علی کی خدمت میں سلیمان بن صرد، میسب بن نجبہ رفاعہ بن شداد، حبیب بن مظاہر اور کوفہ میں آپ کے شیعہ مومنین اور مسلمین کی

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com

طرف سے:

السلام علیکم ہم اس خدا کی حمد کرتے ہیں جس کے علاوہ کوئی خدا اور معبود نہیں ہے۔

اس خدا کی حمد جس نے آپ کے اس دشمن کی کمر کو توڑ دیا جو اس امت کے سر پر مسلط ہو گیا اور اس کے حصہ کو غصب کر لیا اور اس کی مرضی کے بغیر اس پر حکومت کرنے لگا اس نے اس امت کے نیک افراد کو قتل کر دیا، بروں کو آزاد چھوڑ دیا اور مال خدا کو ظالمین اور جابرین و اغنیا کے درمیان تقسیم کر دیا وہ خدا کی رحمت سے اسی طرح دور ہوا جس طرح قوم ثمود خدا کی رحمت سے دور ہوئی تھی۔ ہمارے پاس کوئی امام نہیں ہے آپ تشریف لائیں شاید پروردگار ہم کو آپ کے ذریعہ حق پر جمع کر دے اور نعمان بن بشیر دار الامارہ میں موجود ہے نہ ہم جمعہ کے دن اس کے پیچھے نماز پڑھتے ہیں اور نہ ہی عید کے دن اس کے ساتھ جاتے ہیں اور اگر ہم کو یہ اطلاع مل گئی کہ آپ یہاں تشریف لا رہے ہیں تو ہم اس کو یہاں سے نکال باہر کریں گے اور اس کو شام پہنچا دیں گے۔

انشاء اللہ والسلام علیک ورحمۃ اللہ ۔

راوی کا بیان ہے کہ ہم نے وہ خط عبداللہ بن سبع ہمدانی اور عبداللہ بن وال تمیمی کے ذریعہ روانہ کیا وہ دونوں بہت تیزی کے ساتھ چلے یہاں تک کہ دس رمضان المبارک کو امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں مکہ پہنچ گئے ہم نے دو دن انتظار کیا اور اس کے بعد پھر آپ کی خدمت میں قیس بن مسہر صیداوی اور عبد الرحمٰن بن عبداللہ بن الکدن ارحبی اور عمارہ بن عبید سلولی کو بھیجا جن کے ساتھ

تقریباً ۱۵۰ صحیفے تھے۔

دونوں کے بعد ہانی بن ہانی سبیعی اور سعید بن عبداللہ حنفی کو ایلچی بنا کر بھیجا اور ان کے ذریعہ جو خط بھیجا گیا اس کا مضمون یہ تھا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حسین بن علی کی خدمت میں ان کے چاہنے والے مومنین اور مسلمان شیعوں کی طرف سے:

آپ جلد تشریف لائیں لوگ آپ کا انتظار کر رہے ہیں اور آپ کے علاوہ کسی اور کے بارے میں ان کی کوئی رائے نہیں ہے لہٰذا جلدی آیئے جلدی آیئے والسلام علیک۔

اور شبث بن ربعی، حجار بن ابجر، یزید بن حارث بن یزید بن رویم، عزرہ بن قیس، عمرو بن حجاج زبیدی اور محمد بن عمر تمیمی نے آپ کی خدمت میں تحریر کیا:

اما بعد: باغ اور بستان سب ہرے بھرے ہو چکے ہیں پھل تیار ہیں خوشے آمادہ ہیں جب آپ چاہیں تشریف لائیں اگر آپ چاہیں تو آپ کے لئے لشکر تیار کیا جائے والسلام علیک۔

جب ہانی بن ہانی اور سعید بن عبداللہ امامؑ کی خدمت میں پہنچے اور اہل کوفہ کا خط آپ کی خدمت میں پڑھا تو آپ نے ان سے پوچھا مجھے بتاؤ کہ یہ خط کس کس نے لکھا ہے انھوں نے کہا کہ شبث بن ربعی، حجار بن ابجر، یزید بن حارث بن یزید بن رویم، عروہ بن قیس، عمرو بن الحجاج اور محمد بن عمیر بن

jabir.abbas@yahoo.com

عطارد نے مل کر یہ خط تحریر کیا ہے۔

اہل کوفہ کے نام امام کا خط

آپ نے ہانی سبیعی اور سعید بن عبداللہ حنفی کے ذریعہ جو آپ کے آخری ایلچی تھے اس مضمون کا خط تحریر کر کے بھیجا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حسین بن علی علیہ السلام کی طرف سے بزرگان مومنین اور مسلمین کی خدمت میں

امابعد: ہانی اور سعید تم لوگوں کے خطوط لے کر میرے پاس آئے اور یہ تم لوگوں کے سب کے آخری ایلچی ہیں جو میرے پاس پہنچے ہیں اور جو کچھ تم نے ذکر کیا ہے میں اس کو سمجھ گیا ہوں اور یہ جو تم نے کہا ہے کہ ہمارے پاس کوئی امام نہیں ہے لہٰذا آپ تشریف لائیں تا کہ پروردگار آپ کے ذریعہ ہم کو حق و ہدایت پر جمع کر دے۔ لہٰذا میں نے تمہاری طرف اپنے چچازاد بھائی مسلم بن عقیل علیہ السلام کو جو میرے خاندان میں قابل وثوق ہیں کو روانہ کیا ہے اور ان سے کہا ہے کہ مجھے تمہارے حال و احوال اور تمہاری رائے سے مطلع کریں پس اگر انھوں نے میرے پاس یہ تحریر کیا کہ تمہاری قوم و قبیلہ نیز زعماء اور سرداروں کی رائے ہے تم لوگوں کے خطوط جیسی ہے تو میں عنقریب انشاءاللہ تمہارے پاس پہنچوں گا میری جان کی قسم امام صرف اور صرف وہی ہے جو کتاب خدا پر عمل کرے عدل کے دامن کو تھامے رہے حق کے راستے پر چلتا رہے اور اپنے نفس کو ذات خدا تک محدود رکھے۔ والسلام۔

جیسا کہ ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام نے اپنا خط بزرگان مومنین

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اور مسلمین کے نام تحریر فرمایا تھا کیونکہ آپ جانتے تھے کہ ان میں سے اکثر آپ کے شیعہ نہیں ہیں۔

جب آپ نے اپنے ابن عم جناب مسلم بن عقیل علیہ السلام کو کوفہ روانہ کیا تو کوفہ میں موجود یزید کے چاہنے والوں نے یزید کو جناب مسلم کے بارے میں اطلاع دی تو یزید نے بصرہ میں موجود اپنے گورنر ابن زیاد کو خط لکھا اس کو فتال نیشاپوری نے اپنی کتاب (روضۃ الواعظین کے صفحہ ۱۷۴) پر اس طرح نقل کیا ہے اما بعد کوفہ میں موجود میرے بعض شیعوں نے مجھے خبر دی ہے کہ ابن عقیل نے کوفہ میں ایک جماعت تیار کی ہے تا کہ اس کے ذریعہ مسلمانوں کے اثر کو توڑ دے تو جیسے ہی میرا یہ خط پڑھے فوراً کوفہ پہنچ کر ابن عقیل کو ذلت و خواری کے ساتھ طلب کرنا، ان کو اپنے قبضہ میں رکھنا اور آخر کار ان کو قید خانہ میں ڈال دینا یا قتل کر دینا یا شہر بدر کر دینا۔ والسلام"

یزید نے اس خط کے ساتھ ہی کوفہ کا گورنر بھی ابن زیاد ہی کو بنا دیا تھا۔

اس خط سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ کوفہ میں بنی امیہ کے شیعہ بھی تھے اور اہل بیت کے شیعہ بھی اور اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے کہ جن لوگوں نے حضرت امام حسین علیہ السلام سے جنگ کی تھی وہ ابوسفیان کے شیعہ تھے امام حسین کے شیعہ نہیں تھے بلکہ وہ لوگ جنھوں نے امام حسین علیہ السلام کے پاس خطوط لکھے تھے ان میں سے بھی بہت سے لوگ باطن میں بنی امیہ کے شیعہ تھے ان کا مقصد صرف یہ تھا کہ امام حسین علیہ السلام کوفہ آ جائیں تا کہ ان کو قتل کر دیا جائے۔

امام حسین علیہ السلام ان کی نیتوں اور ان کے مقاصد کو بخوبی جانتے تھے لیکن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

انھوں نے اپنے پروردگار کے حکم کے مطابق عمل کیا اور خود ان لوگوں کے بارے میں امام حسین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ یہ لوگ آل ابوسفیان کے ماننے والے ہیں جیسا کہ سید امین کی کتاب لواعج الاشجان کے صفحہ ۱۸۵ پر ہے:

فصاح الحسین: ویلکم یاشیعه آل ابی سفیان ان لم یکن لکم دینکم وکنتم لاتخافون یوم المعاد فکونوا احرارا فی دنیاکم هذه، وارجعوا الیٰ احسابکم ان کنتم عرباً کماتزعمون فنادیٰ شمر: ماتقول یابن فاطمة؟ فقال: اقول انی اقاتلکم وتقاتلوننی والنساء لیس علیهن جناح، فامنعوا عتاتکم وجهالکم وطغاتکم من التعرض لحرمی مادمت حیاً

امام حسین علیہ السلام نے ایک آہ سرد بھری اور فرمایا وائے ہو تم پر اے ابوسفیان کی آل کے چاہنے اور ماننے والو اگر تمہارا کوئی دین و مذہب نہیں ہے اور تمہارے دلوں میں قیامت کا ذرہ برابر خوف بھی نہیں ہے تو کم سے کم اس دنیا میں تو آزاد مردوں کی طرح رہو اور اگر تمہارا یہ گمان ہے کہ تم عرب ہو تو اپنی غیرت کا خیال رکھو۔

شمر نے پکار کر کہا: اے ابن فاطمہ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟

حضرت نے فرمایا میں کہہ رہا ہوں کہ میں تم سے جنگ کر رہا ہوں اور تم مجھ سے جنگ کر رہے ہو لیکن میرے اہل حرم کا تو کوئی گناہ نہیں ہے لہذا جب تک

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں زندہ ہوں تم اپنے طاغی اور جاہل سپاہیوں کو میرے اہل حرم کی ہتک حرمت کرنے سے روکنا۔

شمر نے کہا: اے فرزند فاطمہ آپ کی یہ بات قبول ہے اور پھر اس نے لشکر کی طرف چیخ کر کہا کہ ان کے اہل حرم سے دور ہو جاؤ انھیں سے مقابلہ کرو میری جان کی قسم یہ ہمارے لئے بے مثال کریم ہیں پھر ابن زیاد نے آپ سے جنگ شروع کر دی اور شمر انھیں آپ کے خلاف جنگ کرنے پر بھڑکاتا رہا اس کے بعد وہ لوگ امام حسین علیہ السلام پر حملہ آور ہوئے تو امام حسین علیہ السلام نے بھی ان پر حملے شروع کر دئے اور میدان صاف ہو گیا آپ نے ایک گھونٹ پانی طلب کیا مگر آپ کو پانی نہ مل سکا اور جب بھی آپ نے اپنے گھوڑے کو فرات کی طرف بھیجا انھوں نے مل کر اس پر حملہ کیا اور اس کو فرات کے قریب نہ جانے دیا لہذا جن لوگوں کا یہ کہنا ہے کہ امام حسین علیہ السلام کو قتل کرنے والے خود آپ کے شیعہ تھے بالکل غلط بات ہے اس کا حقیقت سے کوئی ربط ہی نہیں ہے۔

اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جن لوگوں نے امام حسین کو قتل کیا تھا وہ بنی امیہ کے چاہنے والے تھے امام حسین علیہ السلام کے شیعہ جیل اور زندانوں کے اندر قید تھے اور ان میں سے کچھ لوگ کوفہ کا شدید حصار اور پہرا توڑ کر آپ تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے تھے۔ صفار نے امام علی رضا علیہ السلام کا ارشاد بصائر الدرجات صفحہ ۱۹۳ پر یوں نقل کیا ہے:

ان شیعتنا مکتوبون باسمائهم واسماء

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

آبائهم، اخذالله علينا وعليهم الميثاق، يردون موردنا ويدخلون مدخلنا

"ہمارے شیعوں اور ان کے آباء واجداد کے نام باقاعدہ مکتوب ہیں اور خدا نے ہم اور ان لوگوں سے باقاعدہ عہد و میثاق لیا ہے اور جہاں ہم پہنچتے ہیں وہاں وہ بھی آتے ہیں اور جہاں ہم داخل ہوتے ہیں وہاں وہ لوگ بھی پہنچتے ہیں"

حمیری قرب الاسناد میں صفحہ ۳۵۰ پر روایت نقل کرتے ہیں:

وقال ابوجعفرؑ: انما شيعتنا من تابعنا ولم يخالفنا، ومن اذاخفنا خاف، واذا امنا أمن، فأولئك شيعتنا

"امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ ہمارا شیعہ وہ ہے جو ہماری پیروی کرے اور ہماری مخالفت نہ کرے اور جس سے ہمیں خوف ہو اس سے اسے بھی خوف ہو اور جس سے ہم امن وامان میں ہوں اس سے اسے بھی امان محسوس ہو یہی لوگ ہمارے شیعہ ہیں۔

انسان اسی جگہ دفن ہوتا ہے جس مٹی سے اسے خلق کیا گیا ہے، اس کا کیا مطلب ہے؟

سوال ۲۳

ہندوستان کے ایک عالم دین مولانا مقبول احمد صاحب کے ترجمہ قرآن کے حاشیہ میں صفحہ ۶۲ پر اصول کافی سے امام جعفر صادق علیہ السلام کا یہ قول نقل کیا گیا ہے کہ "ہر انسان اسی مٹی میں دفن کیا جاتا ہے جس سے اسے خلق کیا گیا ہے" اور ابوبکر صدیق اور فاروق یہ دونوں پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضہ اقدس میں دفن ہیں اور پیغمبر نے اپنے اس روضہ کے بارے میں فرمایا ہے کہ میری قبر اور منبر کے درمیان جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہے تو آپ کے قول کے مطابق یہ دونوں اسی تربت طاہرہ سے خلق ہوئے ہیں جہاں انھیں دفن کیا گیا ہے؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جواب ۲۳

اولاً یہ کہ سوال کرنے والے نے ہمارے اوپر جس حدیث کے ذریعہ احتجاج کیا ہے اس کو خود ان کے علماء نے ضعیف قرار دیا ہے اور یہ بھی کہا ہے کہ یہ حدیث گڑھی ہوئی ہے۔

ہیثمی نے مجمع الزوائد جلد ۳ صفحہ ۴۲ پر ایک باب قائم کیا ہے جس کا عنوان ہے (باب یدفن فی التربة التی منها خلق) یہ باب اس بارے میں ہے کہ انسان جس مٹی سے خلق کیا جاتا ہے اسی مٹی میں دفن کیا جاتا ہے'' اس سے متعلق تین حدیثیں بیان کرنے کے بعد ان کو انھوں نے ضعیف قرار دیا ہے!

پہلی حدیث: ابو سعید سے مروی ہے کہ پیغمبر اکرم ﷺ مدینہ سے گزرے تو آپ نے کچھ لوگوں کو قبر کھودتے دیکھا آپ نے ان سے اس قبر کے متعلق سوال کیا تو انھوں نے جواب دیا کہ ایک حبشی کا انتقال ہو گیا ہے تو نبی کریم نے فرمایا: ''لا الٰہ الا اللہ اپنی سرزمین سے اسی مٹی کی طرف لایا گیا جس سے اس کو پیدا کیا گیا تھا''

اسی روایت کو بزار نے نقل کیا ہے لیکن اس کے راویوں میں علی بن مدینی کے والد ہیں جو ضعیف ہیں۔

دوسری حدیث: ابو درداء سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ پیغمبر اکرم ؐ ہمارے پاس سے گزرے اس وقت ہم ایک قبر کھودنے میں مشغول تھے آنحضرت نے

فرمایا کہ تم لوگ کیا کر رہے ہو؟ ہم نے کہا: اس غلام کے لئے قبر کھود رہے ہیں تو آپ نے فرمایا: اس کو موت اسی مٹی میں لے آئی جس سے وہ خلق کیا گیا تھا

ابو اسامہ نے کہا ہے کہ اے اہل کوفہ کیا تمہیں معلوم ہے کہ میں نے تمہارے سامنے یہ حدیث کیوں بیان کی ہے کیونکہ ابوبکر اور عمر تربت رسول اکرم ؐ سے خلق کئے گئے ہیں۔

اسی روایت کو طبرانی نے اوسط میں بیان کیا ہے جس میں عجلی نے احوص بن حکیم کو ثقہ کہا ہے جبکہ مستند محدثین نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے۔

ابن عمر سے مروی ہے: ایک حبشی مدینہ میں دفن کیا گیا تو رسول اللہ نے فرمایا کہ یہ اسی مٹی میں دفن کیا گیا ہے جس سے اس کو خلق کیا گیا تھا اسی روایت کو طبرانی نے معجم کبیر میں نقل کیا ہے اور اس میں عبداللہ بن عیسیٰ خزاز ہے جو ضعیف ہے رجوع فرمائیں کتاب المصنف مولف عبدالرزاق جلد ۳ صفحہ ۵۱۵۔

ابن حزم کتاب المحلی جلد ۷ صفحہ ۲۸۵ پر رقمطراز ہیں: بعض لوگ گڑھی ہوئی روایات سے احتجاج کرتے ہیں اس پر ان کو متنبہ کرنا واجب ہے، ان ہی میں سے ہم نے یہ روایت نقل کی ہے کہ پیغمبر اکرم ؐ نے ایک میت کو دیکھ کر فرمایا:

''یہ اسی خاک میں دفن کیا گیا ہے جس خاک سے اسے پیدا کیا گیا تھا'' اس سے لوگوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ: ''پیغمبر اکرم ﷺ مدینہ میں دفن کئے گئے لہٰذا اسی مٹی سے آپ خلق کئے گئے تھے اور چونکہ پیغمبر اکرم دنیا کی ہر مخلوق سے افضل تھے لہٰذا زمین کا وہ حصہ دنیا کا سب سے افضل حصہ ہے''

یہ روایت گڑھی ہوئی ہے کیونکہ اس کی ایک سند میں محمد بن حسن بن زبالہ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے جو بالکل نا قابل اعتبار ہے اس کے بارے میں یحییٰ بن معین نے کہا ہے کہ یہ ثقہ نہیں ہے اور علماء اس کے متروک ہونے پر متفق ہیں۔ پھر اسی روایت کو انیس بن یحییٰ نے مرسل طریقہ سے نقل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم کو نہیں معلوم یہ انیس بن یحییٰ کون ہے۔

دوسری روایت کو ابو خالد نے بھی نقل کیا ہے لیکن وہ خود مجہول الحال ہے اس لئے کہ اس نے یحییٰ بکاء سے نقل کیا ہے اور وہ ضعیف ہے۔

بالفرض اگر اس روایت کو صحیح تسلیم کر لیں تو یہ فضیلت صرف پیغمبر ﷺ کی قبر مبارک کو ہی حاصل ہوگی ورنہ اس سرزمین کے آس پاس تو اور دوسرے منافقین بھی دفن کئے گئے ہیں اسی طرح شام میں جناب ابراہیم، اسحٰق، یعقوب، موسیٰ، ہارون، سلیمان اور داؤدؑ وغیرہ دفن ہیں لیکن کوئی بھی مسلمان یہ نہیں کہتا کہ شام مکہ سے زیادہ افضل ہے۔

شوکانی نے نیل الاوطار جلد ۵ صفحہ ۹۹ پر تحریر کیا ہے کہ قاضی عیاض نے کہا ہے کہ پیغمبر ﷺ کی قبر مبارک زمین کی سب سے افضل جگہ ہے اور مکہ اور مدینہ زمین کے سب سے افضل حصے ہیں لیکن اس میں اختلاف ہے کہ قبر پیغمبر ﷺ کے علاوہ ان دونوں شہروں میں کون افضل ہے چنانچہ اہل مکہ، اہل کوفہ، شافعی، ابن وہب مالکی اور ابن حبیب مالکی نے کہا ہے کہ مکہ افضل ہے اور اسی طرف جمہور کا بھی میلان ہے اور عمرؓ، بعض صحابہ، مالک اور اکثر اہل مدینہ نے کہا ہے کہ مدینہ افضل ہے۔

پہلا نظریہ کے طرفداروں نے عبد اللہ بن عدی کی مذکورہ حدیث سے

استدلال کیا ہے جس کو ابن خزیمہ نے اور ابن حبان وغیرہ نے بھی نقل کیا ہے۔

ابن عبد البر نے کہا ہے کہ اس اختلافی مسئلہ میں یہ روایت ہمارے مدعا کی واضح دلیل ہے لہٰذا اس سے عدول کرنا صحیح نہیں ہے لیکن اس کے مقابل قاضی عیاض نے کہا ہے کہ جس سرزمین پر پیغمبر اکرمؐ دفن کئے گئے ہیں وہ زمین کا سب سے افضل حصہ ہے کیونکہ روایت میں آیا ہے کہ انسان اسی مٹی میں دفن ہوتا ہے جہاں سے اس کی خلقت کے وقت مٹی لی گئی تھی۔ اس روایت کو ابن عبد البر نے اپنی تمہید میں عطا خراسانی کی موقوف سند سے نقل کیا ہے۔

اس کا جواب یہ دیا گیا ہے: جس مٹی سے آنحضرت ﷺ کی تخلیق ہوئی تھی اس کی افضلیت کا اثبات استنباط کے ذریعہ کیا گیا ہے اور اس کو نص صریح اور صحیح روایت کے مقابلہ میں پیش کرنا مناسب نہیں ہے۔

اس کے علاوہ یہ مطلب زبیر بن بکار سے نقل شدہ روایت کے خلاف ہے: "جس مٹی سے پیغمبر اکرمؐ کو خلق کیا گیا تھا جبریل امین نے وہ مٹی خانہ کعبہ سے اٹھائی تھی لہٰذا جس مٹی سے آپ کی تخلیق ہوئی ہے وہ کعبہ کی سرزمین ہے" یہ صحیح روایت اپنی معارض روایت سے ہر اعتبار سے بہتر ہے کیونکہ اس معارض روایت کی سند میں عطاء خراسانی ہے البتہ اگر اجماع والی قاضی عیاض کی بات صحیح ثابت ہو جائے تو وہ صرف اجماع کو حجت ماننے والوں کے لئے حجت ہوگی۔

مدینہ کو افضل قرار دینے والوں نے چند دلیلیں پیش کی ہیں جن میں سے ایک دلیل یہ حدیث ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

مابین قبری ومنبری روضۃ من ریاض الجنۃ

''پیغمبر اسلام ﷺ نے فرمایا کہ میری قبر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے'' جیسا کہ صحیح بخاری وغیرہ میں اس کو نقل کیا گیا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ پیغمبر کا یہ قول بھی ہے:

موضع سوط فی الجنۃ خیر من الدنیا و مافیھا

لیکن اس کے ذریعہ بھی مدینہ کی افضلیت ثابت نہیں کی جا سکتی ہے چونکہ اس حدیث میں مکہ اور مدینہ کی تمام زمینوں پر افضلیت کو واضح طور پر بیان کیا گیا ہے اس کے علاوہ دونوں مذکورہ احادیث اس صحیح حدیث کی معارض نہیں ہو سکتیں کیونکہ یہ صرف مدینہ کے مخصوص حصہ کی فضیلت کو بیان کر رہی ہے جس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا لیکن اس میں مدینہ کی مکہ پر افضلیت کے اثبات میں کوئی دلیل نہیں ہے۔

ابن حزم نے اس حدیث کا یہ جواب دیا ہے کہ اس سے جنت مجازی مراد ہے کیونکہ واقعاً اگر اس سے جنت کا ٹکڑا مراد ہوتا تو پھر اس میں وہ اوصاف جنت بھی پائے جاتے جو خداوند عالم نے بیان کئے ہیں۔ جیسے:

اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوعَ وَلَا تَعْریٰ (۱)

''بیشک یہاں جنت میں تمہارا فائدہ یہ ہے کہ نہ بھوکے رہو گے نہ برہنہ رہو گے''

۱۔ سورہ طہٰ آیت ۱۱۸

بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ اس میں نماز پڑھنا جنت میں نماز پڑھنے کے مانند ہے جیسا کہ نیک دنوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ جنت کے ایام ہیں اور آنحضرت ﷺ کا بھی فرمان ہے:

الجنۃ تحت ظلال السیوف

''جنت تلواروں کے سایہ میں ہے''

ابن حزم نے یہ بھی کہا ہے کہ اگر واقعاً یہ ثابت ہو جائے کہ حقیقت میں اس کو جنت کا ٹکڑا قرار دیا گیا ہے تب بھی افضلیت اسی ایک خاص حصہ کیلئے ہوگی۔

اگر یہ کہا جائے کہ اس سے جو جگہ سب سے زیادہ قریب ہوگی وہ اس سے دور والی جگہ سے زیادہ با فضیلت ہوگی تو اس کا جواب یہ ہے کہ مسجد جحفہ (جو مدینہ سے زیادہ قریب ہے) مکہ سے افضل ہے جبکہ کوئی بھی اس کا قائل نہیں ہے۔

جن لوگوں نے مکہ کو مدینہ سے افضل قرار دیا ہے ان کی دلیلوں میں سے ایک دلیل ابن زبیر کی یہ حدیث ہے جس کو احمد، عبد بن حمید، ابن زنجویہ، ابن خزیمہ طحاوی، طبرانی، بیہقی اور ابن حبان نے نقل کیا اور اس کو صحیح قرار دیا ہے:

قال رسول اللّٰہ صلاۃ فی مسجدی ھذا افضل من الف صلاۃ فیما سواہ الا المسجد الحرام، وصلاۃ فی المسجد الحرام افضل من صلاۃ فی مسجدی بمائۃ صلاۃ

''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: میری مسجد میں ایک نماز پڑھنا دوسری جگہ ہزار نماز پڑھنے سے افضل ہے سوائے مسجد الحرام کے اور مسجد الحرام میں ایک

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

نماز پڑھنا میری مسجد میں سو نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔"

یہ حدیث پندرہ طرق صحابہ سے نقل ہوئی ہے مکہ کی افضلیت کے قائلین نے اس حدیث سے یوں استدلال کیا ہے کہ مسجد النبی کی فضیلت اس جگہ کی فضیلت کی وجہ سے ہے جہاں پر آپ مدفون ہیں (یہ تھا شوکانی کا بیان)۔

ابن حجر نے فتح الباری جلد ۳ صفحہ ۵۵ پر تحریر کیا ہے: قاضی عیاض نے اس حصہ کو مستثنیٰ کیا ہے جس میں نبی کریمؐ کو دفن کیا گیا ہے اور انھوں نے اس بات پر اجماع کا ادعا کیا ہے کہ یہ حصہ روئے زمین پر ہر حصہ سے افضل ہے، اس کے بعد قاضی نے کہا کہ یہ بات مذکورہ بحث سے متعلق نہیں ہے کیونکہ اس کا محل بحث وہ ہے جہاں پر عبادت کرنے کی فضیلت بیان کی جائے۔

قرافی نے قاضی عیاض کا یہ جواب دیا ہے کہ مدینہ کی یہ افضلیت وہاں پر موجود آنحضرتؐ کے کثرت انصار کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ یہ ایسے ہے جیسے قرآن کریم کی جلد کو دوسری تمام جلدوں پر افضلیت حاصل ہے۔

نووی نے شرح مہذب میں کہا ہے کہ ہمارے علماء نے اس بارے میں کوئی روایت نقل نہیں کی ہے اور ابن عبد البر کا کہنا ہے: مسجد النبی کی افضلیت کے لئے آنحضرت ﷺ کی قبر کی افضلیت سے متعلق روایات کی تلاش وہی افراد کرتے ہیں جو اس مسجد کی افضلیت کے قائل نہیں ہیں لیکن اس مسجد کی افضلیت کے معتقد لوگوں کا کہنا ہے: مکہ کے بعد مسجد النبی سے افضل کوئی جگہ نہیں ہے وہ مسجد النبی اور مسجد الحرام کو ایک جیسا سمجھتے ہیں۔ نیز دوسرے بعض علماء کا کہنا ہے کہ مدفن نبی کی افضلیت کی دلیل وہ روایت ہے جس میں بیان

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا گیا ہے کہ انسان اسی جگہ دفن کیا جاتا ہے جہاں سے اس کی مٹی تخلیق کے وقت اٹھائی گئی تھی اس روایت کو ابن عبد البر نے اپنی تمہید کے آخر میں عطائے خراسانی کے ذریعہ سے موقوفاً نقل کیا ہے۔

اسی وجہ سے زبیر بن بکار نے یہ روایت نقل کی ہے کہ جس مٹی سے پیغمبر اکرمؐ کو خلق کیا گیا جبرئیل نے وہ مٹی کعبہ سے اٹھائی تھی لہٰذا جہاں آپ کو دفن کیا گیا وہ خاک کعبہ کا حصہ ہے۔ بنابریں اگر یہ مطلب صحیح ہو تو حقیقت میں یہ فضیلت مکہ اور خاک کعبہ کو حاصل ہے واللہ اعلم۔

شہید اول نے قواعد والفوائد جلد ۲ صفحہ ۱۴۴ پر تحریر فرمایا ہے: "مغرب کے بعض سنی حضرات (جس سے قاضی عیاض مؤلف کتاب الشفا مراد ہیں) کا یہ گمان ہے کہ امت کا اس بات پر اجماع ہے کہ جس مقام پر پیغمبر اکرم ﷺ کو دفن کیا گیا ہے وہ روئے زمین کی سب سے افضل جگہ ہے لیکن اہل سنت کے متعدد علماء اس افضلیت کے بھی منکر ہیں اور ان کے دعوائے اجماع کو بھی قبول نہیں کرتے ہیں"

یہ اہل سنت علماء کے نظریے تھے جن کا خلاصہ یہ ہے:

۱۔ سوال کرنے والے نے کافی کی جس حدیث کے ذریعہ استناد کیا ہے اس کو اہل سنت علماء نے یا ضعیف کہا ہے یا گڑھی ہوئی کہا ہے۔

۲۔ مدینہ کی افضلیت یا عدم افضلیت کے بارے میں علماء نے یہ بحث صرف اس جگہ کے متعلق کی ہے جس جگہ پر نبی اکرمؐ کا جسم مبارک ہے اور یہ اس کے اطراف کو شامل نہیں ہے لہٰذا یہ بات قبر ابوبکر اور عمر کو شامل نہیں ہے اور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

ان لوگوں میں سے جن کے نزدیک وہ حدیث صحیح ہے تو وہ صرف اسی حصہ کو بافضیلت سمجھتے ہیں کہ جہاں پر حضور کا جسم مبارک ہے اور اس میں قبر شریف کے اطراف کا حصہ یا مسجد شامل نہیں ہے۔

۳۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس ارشاد:

مابین قبری ومنبری روضة من ریاض الجنة

"میری قبر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے" کے ذریعہ استدلال کرنا صحیح نہیں ہے کیونکہ وہ دونوں (ابوبکر اور عمر) منبر اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر کے درمیان نہیں ہیں جو وہ باغ بہشت میں قرار پائیں بلکہ وہ پشت قبر پیغمبر اور باغ بہشتی کے باہر واقع ہیں۔

۴۔ آنحضرتؐ نے جو یہ فضیلت بیان فرمائی ہے: "میری قبر اور منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے اسی مخصوص بقعہ کے لئے ہے اور اس جگہ کے متعلق بھی نہیں ہے۔ جس میں خود آپ دفن ہیں اور مسلمانوں میں سے کسی بھی مسلمان نے خود نبی اکرمؐ یا صحابہ میں سے کسی نے یہ روایت نہیں کی ہے کہ یہ فضیلت اس بقعہ کے ساتھ ساتھ اس جگہ کو بھی حاصل ہے جہاں خود آنحضرتؐ کو دفن کیا گیا ہے یا جہاں آپ تشریف فرما ہوتے تھے اور اگر یہ فضیلت ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہو سکتی ہوتی تو ہر فاسق وفاجر کیلئے آپ کی جگہ پر بیٹھ جانا اور یہ دعویٰ کرنا صحیح ہوتا کہ میں تمام لوگوں میں سب سے زیادہ افضل ہوں کیونکہ میں "روضة من ریاض الجنة" "جنت کے باغ کے اندر بیٹھا ہوا ہوں اور تمام مسلمان مجھ سے کمتر ہیں کیونکہ وہ اس باغ میں نہیں ہیں۔

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نتیجہ

علمائے اہل سنت کے مطابق مذکورہ باتوں سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ابوبکر اور عمر کی افضلیت ان کے جائے دفن سے ثابت نہیں کی جا سکتی ہے۔

شیعہ حضرات بھی اسی نظریہ کے قائل ہیں۔

لیکن یہ روایت جس کو کافی جلد ۳ صفحہ ۲۰۲ پر امام باقر اور امام صادق علیہما السلام سے نقل کیا گیا ہے کہ آپ نے فرمایا: "من خلق من تربة دفن فیھا" "جو شخص جس مٹی سے خلق کیا گیا ہے اس کو اسی میں دفن کیا جائے گا" اسی طرح اس کتاب کی دوسری روایت میں حارث بن مغیرہ سے منقول ہے کہ میں نے امام جعفر صادقؑ کو فرماتے سنا: "جب نطفہ رحم میں قرار پاتا ہے تو پروردگار عالم ایک فرشتہ کو حکم دیتا ہے کہ وہ اس جگہ کی تھوڑی سی مٹی جہاں اس کو دفن ہونا ہے اٹھا کر لائے اور نطفہ میں ملا دے اور اس کے بعد سے اس کا دل اس مٹی کے انتظار میں رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اس میں دفن کر دیا جائے"۔

لیکن ان دونوں احادیث کے معنی وہ نہیں ہیں جو مقالہ نگار نے مراد لئے ہیں تاکہ اس سے ابوبکر اور عمر کی فضیلت ثابت کر دی جائے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس ذرۂ اصلی سے انسان کو خلق کیا گیا ہے وہ مرتے وقت اس کے بدن سے جدا ہو کر اسی سرزمین پر دفن ہوتا ہے جہاں سے تخلیق کے وقت لیا گیا تھا اور اس کا ثبوت وہ روایت ہے جس کو کافی جلد ۳ صفحہ ۲۵۱ پر امام صادقؑ سے نقل کیا گیا ہے کہ آپ سے میت کے بارے میں سوال کیا گیا کہ کیا مرنے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کے بعد جسم نابود ہو جاتا ہے؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں اس کا گوشت اور ہڈی کچھ بھی باقی نہیں رہتا بلکہ اس کی وہی طینت باقی رہ جاتی ہے جس سے اسے خلق کیا گیا ہے اور یہ طینت کہنہ اور بوسیدہ ہونے والی نہیں ہے اور یہ قبر میں اسی طرح باقی رہتی ہے یہاں تک کہ اس کو دوبارہ اسی سے خلق کیا جائے گا جس سے پہلی بار خلق کیا گیا تھا''۔

اس مٹی اور طینت سے مراد وہی ذرہ ہے جس سے انسان کو خلق کیا گیا ہے اور وہ نیست و نابود ہونے والا نہیں ہے اور یہ ذرہ اصلی عالم ذر میں اس کی خلقت کی اساس و بنیاد ہے۔

کافی جلد ۲ صفحہ ۱۱ پر امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جب پروردگار عالم نے جناب آدم علیہ السلام کو خلق کرنے کا ارادہ کیا تو پہلے ان دونوں طینتوں کو پیدا کیا پھر ان دونوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا دائیں طرف کی طینت سے کہا تم میرے اذن سے مخلوق بن جاؤ وہ ذرہ کے مانند مخلوق بن گئی اس کے بعد بائیں طرف والی طینت سے کہا: تو میرے اذن سے خلق ہو جا وہ بھی ذرہ کے مانند خلق ہو گئی پھر خدا نے ان کے لئے آگ کو خلق کیا اور ان سے کہا میری اجازت سے اس میں داخل ہو جاؤ چنانچہ اس میں داخل ہونے والا سب سے پہلا گروہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے ان کے بعد اولوالعزم انبیاء، ان کے اوصیاء اور ان کے پیرو تھے۔ پھر بائیں طرف کے گروہ سے کہا:

میری اجازت سے اس میں داخل ہو جاؤ لیکن انھوں نے کہا پروردگارا! کیا تو نے ہم کو اس آگ میں جلانے کیلئے خلق کیا ہے؟ انھوں نے خداوند عالم

کا حکم نہیں مانا۔ تو پروردگار عالم نے دائیں طرف والے گروہ سے فرمایا کہ میرے حکم سے اس آگ سے نکل جاؤ تو چنانچہ جب وہ آگ سے باہر آئے تو آگ نے ان کو ذرہ برابر تکلیف نہیں پہنچائی تھی تو بائیں طرف کا گروہ ان کو دیکھ کر کہنے لگا کہ پروردگار ہم تو اپنے ان ساتھیوں کو بالکل صحیح وسالم پا رہے ہیں لہٰذا ہمیں بھی اس آگ میں داخل ہونے کی اجازت دے دے تو ارشاد ہوا میں نے تمہاری غلطی معاف کی جاؤ داخل ہو جاؤ چنانچہ جب وہ اس کے قریب پہنچے اور انھوں نے اس کی لپٹیں دیکھیں تو کہنے لگے:

اے ہمارے پروردگار ہم میں جلنے کی طاقت نہیں ہے۔ چنانچہ انھوں نے خداوند عالم کی دوسری مرتبہ نافرمانی کی۔ اللہ نے پھر تیسری مرتبہ اُن کو آگ میں جانے کا حکم دیا تو انھوں نے پھر بھی خدا کی نافرمانی کی اس کے برعکس خداوند عالم نے دائیں طرف کی جماعت کو جتنی مرتبہ حکم دیا انھوں نے خدا کی اطاعت کی اور ہر مرتبہ سرافراز باہر نکلے تو اللہ نے ان سے خطاب کیا: تم میرے اذن سے مٹی میں بدل جاؤ اس وقت اللہ نے جناب آدم کو اس مٹی سے خلق کیا'' اسی وقت سے جو شخص جس گروہ میں تھا وہ اسی گروہ میں رہا''

نہج البلاغہ جلد ۲ صفحہ ۲۲۷ پر مالک بن وحیہ سے روایت ہے: ہم امیر المومنین کے پاس بیٹھے تھے آپ کے سامنے لوگوں کے رنگ و نسل کے مختلف ہونے کا تذکرہ ہوا آپ نے فرمایا:

''ان کے درمیان یہ اختلاف ان کی طینت کی وجہ سے ہوا ہے کیونکہ انسان آغاز خلقت میں شور و شیریں، سخت یا نرم زمین کا ایک حصہ تھا لہٰذا جس

jabir.abbas@yahoo.com

Contact: jabir-abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حصہ سے وہ قریب رہا اس میں اس نے اثر کیا اور جس قدر ان کی طینت میں اختلاف ہوگا ان میں اختلاف پایا جائے گا اسی وجہ سے بعض صورت کے حسین وجمیل لیکن عقل کے ناقص ہیں، بعض قد وقامت کے طویل لیکن کم ہمت ہیں، بعض سیرت میں اچھے ہیں لیکن ان کی صورت بری ہے، بعض ظاہری طور پر معمولی انسان لگتے ہیں لیکن باطن میں دور اندیش ہوتے ہیں، بعض میدان جنگ میں فولاد کی مانند ہوتے ہیں لیکن اپنی روزمرہ کی زندگی میں بہت سست ہوتے ہیں بعض فکری اعتبار سے پریشان تو بعض خوش زبان اور خوش اندیشہ ہیں"

مندرجہ بالا مطالب سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے: "مرنے کے بعد ہر انسان کو اسی مٹی میں دفن کیا جائے گا جس سے اسے خلق کیا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کا ذرہ اصلی یا پہلی سرشت مرتے وقت اس سے لے لی جاتی ہے اور اس کو جہاں سے خلق کیا گیا ہے وہیں پلٹا دیا جاتا ہے چونکہ انسان کو خلق کرتے وقت جب پروردگار عالم نے جبرئیل کو بھیجا تو انھوں نے زمین کے مختلف حصوں سے مٹی اٹھائی اور اسی سے انسان کی تخلیق ہوئی۔

لہٰذا صالح اور نیک انسان کو کہیں بھی دفن کیا جائے اس کی مٹی اسی جگہ منتقل کردی جاتی ہے جہاں سے اسے خلق کیا گیا تھا اسی طرح برے انسان کی مٹی بھی اسی جگہ منتقل کردی جاتی ہے جہاں سے اس کی پہلی بار خلقت ہوئی تھی۔

اس بات کی تائید شیعہ اور سنی کتابوں میں موجود حدیث نبوی سے ہوتی ہے۔

روضۃ الواعظین مؤلف فتال نیشاپوری صفحہ ۴۰۹ پر ہے کہ پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا:

لما خلق الله آدم اشتكت الارض الىٰ ربها
لما اخذ منها فوعدها ان يرد فيها ما اُخذ منها
فمامن احد الا يدفن في التربة التي خلق منها

"جب جناب آدمؑ کو پروردگار عالم نے خلق کیا تو زمین نے اپنے رب کی بارگاہ میں شکوہ کرتے ہوئے یوں عرض کیا کہ اس کی مٹی کیوں لے لی گئی ہے پروردگار عالم نے اس سے وعدہ کیا کہ وہ اس کو وہیں پلٹا دے گا جہاں سے اس کو لیا گیا ہے لہٰذا ہر مرنے والے انسان کو کہیں بھی دفن کیا جائے اس کی مٹی اسی طرف پلٹا دی جاتی ہے جہاں سے اس کی خلقت ہوئی ہے"

اسی روایت کے مثل روایت تفسیر بغوی جلد ۱ صفحہ ۲۳۴ پر بھی موجود ہے۔

اس بنا پر ابوبکر اور عمر کے دفن کے سلسلہ میں مقالہ نگار کا دعویٰ خود انہی کے مذہب کی رو سے غلط ہے کیونکہ مقالہ نگار کی بات کی نہ اہل سنت کی احادیث تائید کرتی ہیں اور نہ ہی شیعوں کی احادیث اور چونکہ ہمارے علماء کے نظریے کے مطابق اس کا مطلب یہ ہے کہ جس مٹی اور خاک سے ابوبکر اور عمر خلق کئے گئے تھے ان کی موت کے بعد اس کو اسی جگہ واپس پلٹا دیا گیا جہاں سے ان کی تخلیق ہوئی تھی جس کو خدا بہتر جانتا ہے لہٰذا قبر پیغمبر کے جوار میں ان کی تدفین سے اس کا کوئی ربط نہیں ہے کیا آپ کے درمیان کوئی ایسا شخص ہے جو اس جگہ سے واقف ہے جس سے ان کو خلق کیا گیا تھا؟

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا حضرت علی اور ائمہؑ کیلئے شہادت ثالثہ دینا واجب ہے؟

jabir.abbas@yahoo.com

سوال ۲۴

اہل سنت جو کلمہ (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ) پڑھتے ہیں وہ آپ کے نزدیک کامل ہے یا ناقص؟

سوال ۲۵

اگر اہل سنت کا کلمہ پورا ہے تو اعلان کر دیجئے تا کہ اہل سنت کے کلمہ کے متعلق شبہات دور ہو جائیں؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

سوال ۲۶

اگر یہ کلمہ ادھورا ہے تو پھر آپ کی کتاب حیات القلوب جلد ا صفحہ ۲ پر ملا باقر مجلسی نے یہ کیوں تحریر کیا ہے کہ سرور کائنات کی مہر نبوت پر اہل سنت والا کلمہ تھا؟

سوال ۲۷

کتاب غزوات حیدریہ صفحہ ۲۹ سطر ۱۸ پر درج ہے کہ جب جناب خدیجہ اسلام لائیں تو وہی کلمہ حضور نے پڑھوایا جو اہل سنت پڑھتے ہیں فرمایئے حضرت خدیجہ کے ایمان کے بارے میں آپ کا کیا فتویٰ ہے؟

سوال ۲۸

اذان میں "اشھدان علیاولی اللہ" جو آپ لوگ کہا کرتے ہیں اسکے متعلق اپنی کتاب میں سے کسی امام کی صحیح حدیث پیش کیجئے؟

جواب ۲۴ ، ۲۵ ، ۲۶ ، ۲۷ ، ۲۸

شیعوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اسلام لانے کیلئے کم سے کم "لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ" کا زبان سے ادا کرنا ضروری ہے اور جو شخص ان دونوں باتوں کی گواہی دے وہ شرعاً مسلمان ہے اس کو وہی حق حاصل ہے جو دوسرے

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مسلمانوں کو حاصل ہے اور اس کے ساتھ وہی برتاؤ کیا جائے گا جو ایک مسلمان کے کے ساتھ ہوتا ہے لیکن غالی اور ناصبی اس حکم سے جدا ہیں۔

لیکن صرف اتنا کہنے سے کسی مسلمان کا ایمان کامل نہیں ہوتا اور وہ اس وقت تک مومن نہیں کہا جا سکتا جب تک وہ حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام اور بقیہ ائمہ طاہرینؑ کی ولایت کی گواہی اور ان کے دشمنوں سے برائت کا اقرار نہ کرلے اس کی یہ شہادت ہمارے نزدیک اصول دین کا حصہ ہے اور ہم پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت و رسالت کی گواہی کے بعد یہ گواہی دیتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام اور آپ کی اولاد کے دوسرے ائمہ معصومینؑ ہمارے امام و رہبر ہیں۔

یہ تو عقیدہ کا مرحلہ تھا لیکن اس بات کا اعلان کرنا بعض حالات میں واجب ہے اور بعض حالات میں مستحب ہے۔

اس کے باوجود کہ ولایت اہل بیتؑ اصول دین میں ہے پھر بھی جو شہادتین کی گواہی دیتا ہے اور ولایت اہل بیتؑ کا اعتراف نہیں کرتا ہے ہم اس کو بھی مسلمان سمجھتے ہیں کیونکہ سیرت پیغمبر اور آپ کی سیرت سے متعلق صحیح حدیث سے کہ ایسے لوگوں کا مسلمان ہونا ثابت ہے۔

یہی وجہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان لوگوں سے بھی مسلمانوں جیسا برتاؤ کیا جنھوں نے آپ کی بات نہیں مانی، آپ کو امت کو گمراہی سے بچانے والا نوشتہ نہیں لکھنے دیا اور آپ کے سامنے یہ کہا کہ "ہمارے لئے کتاب خدا کافی ہے" اسی لئے انھوں نے پیغمبر پر ہذیان کی تہمت لگائی آپ کی شان میں

Contact : Jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

بے ادبی کی اور خود بھی گمراہ ہوئے اور امت کی گمراہی کا ذریعہ بھی بنے لیکن اس کے باوجود پیغمبر نے ان کو اپنے گھر سے نکال دینے پر ہی اکتفا کیا اور ان کو کافر قرار نہیں دیا۔

صحیح بخاری جلد ا صفحہ ۳۷ پر ابن عباس سے منقول ہے: ''جب نبی اکرمؐ کے مرض میں شدت آ گئی تو آپ نے فرمایا مجھے کاغذ لا کر دو تا کہ میں تمہارے لئے ایک نوشتہ لکھ دوں کہ جس کے بعد تم گمراہ نہ ہو۔ عمر نے کہا کہ پیغمبر پر درد کا غلبہ ہے اور ہمارے پاس کتاب خدا ہے وہی ہمارے لئے کافی ہے۔ اس کے بعد لوگوں کے درمیان میں اختلاف ہو گیا اور بات زیادہ بڑھ گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا میرے پاس سے دور ہو جاؤ اور میرے پاس جھگڑا نہ کرو۔ ابن عباس یہ کہتے ہوئے نکلے کہ پیغمبر اور ان کے نوشتے کے درمیان حائل ہونے والی سب سے بڑی مصیبت یہی ہے''۔

اسی روایت کو بخاری نے اپنی صحیح میں اور دوسرے مقامات پر بھی درج کیا ہے اور ہم چونکہ اپنے نبی کے مطیع ہیں لہٰذا ان لوگوں کو کافر نہیں کہتے اور ان سے مسلمانوں جیسا برتاؤ کرتے ہیں کیونکہ وہ لوگ شہادتین پڑھتے تھے۔

انھیں روایات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ نبی کریمؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو یہ خبر دی کہ امت تم سے خیانت کرے گی اور اس سے نبی پر جفا ہو گی اور تمہاری ولایت اور امامت کا انکار کرے گی لیکن اس کے باوجود بھی پیغمبرؐ نے آپ کو یہ حکم دیا کہ ان کے ساتھ گمراہ اور فتنے میں پڑے ہوئے جیسے مسلمانوں جیسا برتاؤ کیا جائے اور ان کی تکفیر نہ کی جائے۔

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اسی سلسلہ میں مستدرکِ حاکم جلد ۳ صفحہ ۱۴۲ پر مرقوم ہے کہ یہ امت میرے بعد تم سے بغاوت کرے گی اور تم میری زندگی کے دستور اور میری سنت پر جنگ کرو گے جو تم سے بغض اور دشمنی کرے گا وہ میرا دشمن ہے اور تمہاری یہ ڈاڑھی تمہارے سر کے خون سے رنگین ہو گی حاکم نے کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے اور ذہبی نے بھی اپنی تلخیص میں اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے (۱)

ابن کثیر بدایہ و نہایہ جلد ۷ صفحہ ۳۶۰ پر رقمطراز ہیں کہ بیہقی نے فطر بن خلیفہ اور عبدالعزیز بن سیاہ کے طریق سے اور ان دونوں نے حبیب بن ثابت کے توسط سے ثعلبہ حمانی سے نقل کیا ہے کہ میں نے حضرت علی علیہ السلام کو منبر پر فرماتے سنا:

خدا کی قسم نبی نے مجھ سے فرمایا تھا کہ میری امت میرے بعد تم سے بغاوت کرے گی بخاری نے کہا ہے کہ ثعلبہ بن زید حمانی کی اس حدیث میں اشکال ہے''

بیہقی کا کہنا ہے:

ہم نے یہی روایت دوسری سند کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام سے الدلائل جلد ۶ صفحہ ۴۴۰ پر نقل کی ہے جس کو اپنے حافظہ سے یوں نقل کیا ہے کہ ابو علی

۱۔ اسی حدیث کو خطیب بغدادی نے اپنی کتاب تاریخ بغداد، جلد ۱۱، صفحہ ۲۱۶ پر، متقی ہندی نے کنز العمال، جلد ۱۱، صفحہ ۲۹۷ اور صفحہ ۶۱۷، ابن اسامہ نے بغیۃ الباحث، صفحہ ۲۹۶ اور ابن عساکر نے تاریخ مدینہ دمشق میں جلد ۴۲، صفحہ ۴۴۸ پر نقل کیا ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

روذباری نے انھوں نے ابو محمد بن شوذب واسطی سے انھوں نے شعیب بن ایوب سے انھوں نے عمرو بن عون سے انھوں نے ھشیم بن اسماعیل بن سالم سے انھوں نے ابوادریس ازدی سے انھوں نے حضرت علی سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: پیغمبر نے مجھے جن چیزوں کے بارے میں بتایا ہے ان میں ایک یہ ہے کہ یہ امت میرے بعد تم سے خیانت کرے گی!

بیہقی کا کہنا ہے: اگر یہ حدیث صحیح ہے تو اس سے وہ لوگ مراد ہیں جنھوں نے حضرت علی علیہ السلام کے خلاف قیام اور ان کے قتل کرنے کے اقدامات کئے تھے۔

لیکن بیہقی کا سقیفہ میں بیٹھکر خیانت کرنیوالوں کا دفاع اور حدیث کا ضعیف قرار دینا بے فائدہ ہے چونکہ حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اور بہت متعصب سنی عالم ذھبی نے بھی اس حدیث کو صحیح کہا ہے۔

لیکن پیغمبر کا حضرت علی علیہ السلام کو یہ حکم دینا کہ ان سے فتنہ پرور لوگوں جیسا برتاؤ کرنا مرتد اور دین سے خارج ہونے والو جیسا برتاؤ نہ کرنا یہ روایت ہمارے اور اہل سنت کے متعدد علماء نے نقل کی ہے۔

نہج البلاغہ جلد ۲ صفحہ ۴۹ پر ہے کہ ایک شخص نے کھڑے ہوکر کہا اے امیر المومنینؑ ذرا ہمیں فتنہ کے بارے میں کچھ بتائیں اور کیا آپ نے اس بارے میں رسول اللہ سے سوال کیا تھا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ جب پروردگار عالم نے یہ آیت نازل کی:

الم اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُتْرَکُوْا اَنْ یَقُوْلُوْا آمَنَّا وَھُمْ لَایُفْتَنُوْنَ

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

''الم کیا لوگوں نے یہ سمجھ لیا ہے کہ (صرف) اتنا کہہ دینے سے کہ ہم ایمان لائے چھوڑ دیے جائیں گے اور ان کا امتحان نہ لیا جائیگا''

تو مجھے معلوم تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے تو ہم میں یہ فتنہ برپا نہیں ہوا لہٰذا میں نے عرض کیا: یارسولؐ اللہ یہ فتنہ کیا ہے جس کی آپ کو پروردگار عالم نے خبر دی ہے؟ تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علی علیہ السلام میری امت میرے بعد فتنہ میں مبتلا ہوگی تو میں نے عرض کیا یا رسول اللہ جنگ احد میں جب کچھ مسلمان درجۂ شہادت پر فائز ہوگئے اور میں شہادت سے محروم رہ گیا اور یہ چیز مجھ پر بہت شاق ہوئی تو کیا آپ نے اس وقت مجھے بشارت نہیں دی تھی کہ شہادت تمہارے انتظار میں ہے؟

آپ نے فرمایا:

ہاں ایسا ہی ہے تم کس طرح صبر کروگے؟ میں نے عرض کیا یارسول اللہ یہ صبر کی منزل نہیں بلکہ شکر کا مقام ہے۔ آپؐ نے فرمایا اے علی علیہ السلام اس قوم کا اس کے اموال کے ذریعہ امتحان لیا جائے گا اور یہ لوگ خدا پر اپنے دین کا احسان جتائیں گے اور اس کی رحمت کی تمنا کریں گے اس کے سطوت وعذاب سے اپنے کو امان میں سمجھیں گے کاذب شبہات اور فضول خواہشات کے ذریعہ اس کے حرام کو حلال قرار دیں گے چنانچہ خمر کو نبیذ کے ذریعہ رشوت کو ہدیہ کے ذریعہ اور ربا کو بیع کے ذریعہ حلال قرار دیں گے!

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اس وقت میں ان لوگوں کو کن میں شمار کروں دین سے خارج ہوجانے والوں میں یا فتنہ میں پڑنے والوں میں؟ آنحضرتؐ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

نے فرمایا: ان کو فتنہ برپا کرنے والوں میں شمار کرنا۔

کتاب خصال صفحہ ۴۶۲ پر حضرت علی علیہ السلام کا یہ قول مروی ہے: رسولؐ اللہ کی یہ بات مجھے یاد ہے کہ اے علی علیہ السلام اگر یہ قوم ایک دن تمہاری خلافت چھین کر کسی اور کے حوالے کر دے اور اس کام کے ذریعہ میری نافرمانی کرے تو تم صبر کرنا یہاں تک کہ خود بات بن جائے یاد رکھو کہ وہ لوگ ضرور بالضرور تم سے غداری کریں گے لہٰذا تم ان کو اپنی ذلت اور خون خرابہ کا موقع نہ دینا کیونکہ جبرئیل علیہ السلام نے پروردگار عالم کی طرف سے مجھ تک یہ خبر پہنچائی ہے کہ یہ امت میرے بعد تم سے ضرور غداری کرے گی''

شرح نہج البلاغہ جلد ۹ صفحہ ۲۰۶ پر ابن ابی الحدید کا بیان ہے کہ یہ روایت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے اور اس روایت کو کثرت کے ساتھ محدثین نے حضرت علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ سے فرمایا:

إِنَّ اللهَ قَدْ كُتِبَ عَلَيْكَ جِهَادَ الْمَفْتُوْنِيْنَ
كَمَا كُتِبَ عَلَىَّ جِهَادَ الْمُشْرِكِيْنَ

''پروردگار عالم نے تمہارے اوپر اہل فتنہ سے جہاد اسی طرح واجب قرار دیا ہے جس طرح مشرکین سے جہاد کو میرے اوپر واجب قرار دیا ہے''

میں نے عرض کیا: یارسول اللہ پھر میں آپ کے بعد ان اہل فتنہ کے ساتھ کیسا برتاؤ کروں؟ فتنہ برپا کرنے والوں یا مرتد ہو جانے والوں کی طرح؟

آپ نے فرمایا: وہ لوگ فتنہ میں اس طرح سرگردان ہو جائیں گے کہ انھیں عدالت خود بخود دکھائی دے جائیگی۔

میں نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ان کو عدالت ہمارے ذریعہ ملے گی یا ہمارے علاوہ کسی اور کے ذریعہ ملے گی؟

آپ نے فرمایا: ان کو عدالت ہمارے ذریعہ ملے گی ہمارے ہی ذریعہ خدا نے عدالت کا آغاز کیا ہے ہم پر ہی اس کا اختتام ہوگا اور ہمارے ہی ذریعہ شرک کے بعد خدا نے لوگوں کے دلوں کو توحید پر جمع کیا ہے اور ہمارے ہی ذریعہ فتنہ کے بعد دلوں کو متحد کرے گا۔

میں نے کہا:

الحمدللّٰه على ما وهب لنا من فضله

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہم کو اپنے فضل سے نوازا ہے۔

انھیں احادیث اور ان کے مانند دوسری احادیث کی بنیاد پر فقہاء شیعہ نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اور ائمہ طاہرینؑ کی امامت کی گواہی دینا (یعنی شہادت ثالثہ) اگرچہ اصول دین کا حصہ ہے لیکن ہم اس کے مخالف کو کافر نہیں کہتے ہیں بلکہ وہ لوگ منحرف ہوگئے اور ان کا اسلام ناقص ہے۔

لیکن یہ کہنا کہ اختتام نبوت تک یہی دو شہادتیں تھیں تو اس سے تیسری شہادت کی نفی نہیں ہوتی کیونکہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شہادت کا اعلان مختلف مقامات اور مناسبتوں میں کیا ہے کہ انھیں میں سے ایک حدیث غدیر ہے جس کے صحیح ہونے پر شیعہ اور اہل سنت کا اتفاق ہے۔

مذکورہ مطالب سے مقالہ نگار کی اس بات کہ جناب خدیجہ ام المومنین علیہا السلام نے صرف شہادتین کے ذریعہ اسلام قبول کیا تھا کی [illegible] ہوگئی کیونکہ

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact: jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جناب خدیجہ کے اسلام قبول کرتے وقت بلکہ تمام مسلمانوں کے مذہب اسلام اختیار کرتے وقت شہادت ثالثہ کا نہ کہا جانا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کی ولایت کی شہادت دینا یہ اسلام کا جزء نہیں ہے اس لئے کہ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں تمام مسلمانوں پر شہادت ثالثہ واجب نہیں ہوئی تھی اور جب اس کو سب کے لئے واجب قرار دیدیا گیا تو جس نے اس پر اعتراض کیا اور اس کا معتقد نہیں ہوا اس پر کفر کا حکم بھی نہیں لگایا گیا۔

اس کے علاوہ شیعہ اور اہل سنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ پیغمبر اکرم کثرت کے ساتھ کہا کرتے تھے: "قُولُوا لا الٰہ الا اللہ تفلحوا" یعنی (لا الٰہ الا اللہ کہو اور نجات پا جاؤ (سیرۂ نبویہ ابن کثیر جلد۱ صفحہ ۴۶۲ وغیرہ) کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ شہادت ثانیہ (اشہد ان محمد رسول اللہ کہنا) اسلام کا جزء نہیں ہے؟!

ہاں یہ مطلب کہ ہم اذان اور اقامت میں امیر المومنینؑ کی ولایت کی گواہی دیتے ہیں تو اس کو کسی فقیہ نے اذان اور اقامت میں واجب ہونے کا فتوی نہیں دیا ہے اگر چہ یہ ایمان کا رکن ہے بلکہ ہم اذان میں اس جملہ کو مستحب کی نیت سے کہتے ہیں اور اس کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت اور رسالت کی گواہی کا تتمہ سمجھتے ہیں کیونکہ جب بھی پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی گواہی دی جائے تو حضرت علی اور دوسرے ائمہ طاہرینؑ کی امامت کی شہادت دینا مستحب ہے۔

"صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيماً" کا کیا مطلب ہے؟

سوال ۲۹

جب قرآن کریم میں "وسلموا تسلیما" ہے تو آپ درود میں "بارک وسلم" کیوں نہیں کہتے؟

جواب ۲۹

ہمارے فقہاء اور دوسرے فقہاء نے فتوی دیا ہے کہ نماز میں تشہد میں پیغمبر اکرم پر صلوات بھیجنا واجب ہے اور نماز کے علاوہ دوسرے مقامات پر مستحب ہے، اسی طرح نماز میں آپ پر اس طرح سلام بھیجنا:

"السلام علیک ایھا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" بھی مستحب ہے لیکن اس آیت:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"یاایھا الذین آمنوا صلوا علیه وسلموا تسلیما" میں تسلیم کا مطلب سلام نہیں ہے بلکہ "سلموا علیه وسلموا تسلیما" سے مراد یہ ہے کہ ان کی اطاعت کرو اور وہ جو حکم دیں اس کو مانو اور جس سے منع کریں اس سے رک جاؤ جیسا کہ ارشاد الٰہی ہوتا ہے:

فَلَا وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ
فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ
حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (۱)

"پس آپ کے پروردگار کی قسم کہ یہ ہرگز صاحب ایمان نہ بن سکیں گے جب تک آپ کو اپنے اختلافات میں حکم نہ بنائیں اور پھر جب آپ فیصلہ کر دیں تو اپنے دل میں کسی طرح کی تنگی کا احساس نہ کریں اور آپ کے فیصلہ کے سامنے سراپا تسلیم ہو جائیں"

شیخ صدوق نے معانی الاخبار صفحہ ۳۶۸ پر ابی حمزہ سے نقل کیا ہے کہ میں نے حضرت امام جعفر صادقؑ سے اس آیت:

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّهَا
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (۲)

"اس میں شک نہیں کہ خدا اور اس کے فرشتے پیغمبر (اور ان کی آل پر) درود بھیجتے ہیں تو اے ایماندارو تم بھی درود بھیجتے رہو اور برابر سلام کرتے رہو" کے

۱۔ سورۂ نساء، آیت ۶۵ ۲۔ سورۂ احزاب، آیت ۵۶

http://fb.com/ranajabirabbas

بارے میں سوال کیا تو آپ نے فرمایا کہ خدا کی طرف سے صلوات کا مطلب رحمت ہے ملائکہ کی طرف سے صلوات کا مطلب تزکیہ ہے اور لوگوں کی طرف سے صلوات کا مطلب دعا ہے لیکن آیت: "وسلموا تسلیما" کا مطلب یہ ہے کہ ان کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کر دو۔

بحار الانوار جلد ۲ صفحہ ۲۰۴ پر امام جعفر صادق سے مروی ہے کہ:

اس سے مراد آپ پر صلوات بھیجنا اور جو کچھ آپ لے کر آئے ہیں اس کے سامنے اپنے سر کو تسلیم کر دینا ہے۔

احتجاج طبرسی جلد ۱ صفحہ ۳۷۷ پر مرقوم ہے کہ اس آیت کا ایک ظاہر ہے اور ایک باطن آیت کا ظاہر یہ ہے کہ ان پر صلوات بھیجی جائے اور باطن یہ ہے کہ و سلموا تسلیما یعنی جس کو انھوں نے اپنا وصی اور خلیفہ بنایا ہے اور تمہارے اوپر ان کو فضیلت دی ہے اور ان کے سلسلہ میں تم سے جو عہد لیا ہے اس کے سامنے تم اپنے سر کو بالکل جھکا دو۔

اسی بات کی تائید میں نووی شرح مسلم جلد ۱ صفحہ ۲۴۴ پر یوں رقمطراز ہیں کہ اگر کوئی شخص کہے کہ تشہد میں آپ پر صلوات سلام سے جدا کیوں ہے؟ تو میں جواب دوں گا کہ تشہد سلام میں صلوات سے پہلے ہے اور وہ "السلام علیک ایھا النبی ورحمة الله وبرکاته" ہے۔

لہذا اصحاب نے آنحضرت کی خدمت میں عرض کیا تھا یا رسول اللہ ہم آپ پر سلام بھیجنا تو سیکھ گئے لیکن یہ بتائیے کہ آپ پر کیسے صلوات بھیجیں... تو ہم پیغمبر اکرمؐ پر صلوات بھیجتے ہیں اور نماز میں ان کی آل کو ان کے ساتھ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

شامل کرتے ہیں اور نماز کے علاوہ دوسری جگہوں پر بھی ان کو اسی طرح شامل کرتے ہیں جیسا کہ پیغمبر نے ہم کو حکم دیا ہے اور ان پر نماز میں ''اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ'' کہہ کر سلام پڑھتے ہیں اور اسی طریقہ سے پیغمبر پر ہم سلام بھیجتے ہیں جب ان کی زیارت ان کی قبر شریف کے پاس یا دور سے کھڑے ہو کر سلام کرتے ہیں۔

اس بنا پر نماز میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہنا صحیح ہے ہمارے بعض علما نے اسی کو کہا ہے اور اسی کو اپنی کتابوں میں تحریر بھی کیا ہے لیکن حقیقت میں یہ ناقص سلام ہے اس لئے کہ یہ صرف سلام کی درخواست ہے خود سلام نہیں ہے بلکہ سلام کرنے سے ذہن میں آپ کو براہ راست اس طرح سلام کیا جاتا ہے: ''السلام علیک یارسول اللہ'' یا ''السلام علیک ایها النبی ورحمة الله وبرکاته، اور (وسلّم) کہنا اس کے ناقص سلام ہونے کی یہ دلیل ہے کہ اگر کوئی شخص پیغمبر کو سلام کرنے کی نذر کرے اور وہ اس جملہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے ذریعہ آنحضرت ﷺ پر سلام بھیجے تو یہ صحیح نہیں ہوگا۔

قابل غور بات یہ ہے کہ جس عبارت کے ذریعہ اہل سنت آنحضرتؐ پر سلام بھیجتے ہیں یعنی ''صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمْ'' یہ ترکی کے عثمانی بادشاہوں کی ایجاد ہے کیونکہ پہلے اہل سنت علماء کے نزدیک نماز میں آپ کے اوپر صلوات میں آل کو شامل کرنا رائج تھا جیسا کہ ہم ان کے قدیم قلمی کتابوں میں دیکھتے ہیں لیکن ترکیوں نے (وآلہ) کو حذف کرکے صلوات کو

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ناقص بنا دیا لہٰذا اس کے آخر میں قافیہ صحیح کرنے کے لئے ''وسلم'' کا اضافہ کر دیا!

بہر حال اس بارے میں ہمارے لئے تو کوئی مشکل پیش نہیں آسکتی ہے بلکہ آپ ضرور ایسی پانچ مشکلوں اور مصائب میں پھنس جائیں گے جن کا آپ کے پاس کوئی جواب نہیں ہے:

۱. جس آل کو پیغمبر نے اپنی صلوات کے ساتھ مخصوص کیا اور ان کو اپنا قرین قرار دیا ہے تو کیا آپ لوگ نبی کے ساتھ غیر آل کو بھی شامل کرتے ہیں اس بدعت کے جواز پر آپ کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے؟!

۲. آپ نماز میں صرف صلوات ابراہیمی کو پڑھتے ہیں؟ جبکہ حدیث نبی میں ہے کہ جب آپ سے سوال کیا گیا کہ ہم آپ پر کس طرح صلوات بھیجیں تو آپ نے اپنی آل کے ساتھ اپنے اوپر صلوات بھیجنے کا مطلق حکم دیا تھا تو پھر اس حکم نبوی (جو تعلیمی اور توقیفی ہے) کو تشہد سے مخصوص کرنے کی کوئی صورت نہیں نکلتی اور نہ ہی تشہد میں دوسری صلوات ایجاد کرنے کی کوئی وجہ سمجھ میں آتی ہے۔

۳. آپ لوگ عام طور سے آنحضرتؐ پر صلوات بھیجتے وقت آلہ کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کی جگہ اصحاب کو رکھتے ہیں اور ان کو نبی کا قرین قرار دیتے ہیں جبکہ آپ کے پاس اس سلسلہ میں پیغمبر سے نقل شدہ ایک بھی حدیث نہیں ہے!

۴. آپ لوگ آل نبی پر صلوات بھیجتے وقت نیت کرتے ہیں کہ اس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سے مراد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پوری اولاد یعنی جناب فاطمہؑ حضرت علی اور اسی طرح بنی ہاشم، بنی عبدالمطلب کی قیامت تک ساری اولاد شامل ہے اور ان سب کو آپ پیغمبر اکرمؐ کے ساتھ ملا دیتے ہیں جبکہ یہ بات طے ہے کہ ان میں بعض ایسے افراد بھی تھے جو خدا اور رسولؐ کے دشمن تھے اور آج بھی ایسے افراد ہیں جو عیسائی ملحد، قاتل، فاسق اور اشرار ہیں تو پھر آپ نبی پر جو صلوات بھیجتے ہیں اس میں ان لوگوں کو شامل کر کے اپنی اس صلوات کو کیوں خراب کرتے ہیں کیونکہ یہ بات محال ہے کہ خداوند عالم ہم کو کفار اور فجار پر صلوات کا حکم دے اور ان کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قرین قرار دے؟

حالانکہ یہ اعتراض ہماری صلوات پر نہیں ہو سکتا کیونکہ ہم آل محمدؐ سے انھیں افراد کو مراد لیتے ہیں جن کو پیغمبر نے معین فرما دیا ہے یعنی حضرت علی، جناب فاطمہؑ، امام حسن علیہ السلام، اور امام حسین علیہ السلام کی ذریت کے نو ائمہ جن کی آخری فرد حضرت مہدی عجل اللہ تعالیٰ فرجہ الشریف ہیں اور ہمارے پاس ائمہ معصومین سے صحیح و متواتر احادیث موجود ہیں اور اسی طرح صحابہ سے بھی کچھ روایات مروی ہیں جن کو شیخ صدوق نے اور خزاز قمی نے اپنی کتاب میں تمام اسانید کے ساتھ صحابہ کے ذریعہ پیغمبر اکرمؐ سے نقل کیا ہے کہ آپ کے بعد بارہ امامؑ ہیں اور وہی آپ کی عترت اور اہل بیتؑ ہوں گے۔

۵. اگر آپ پیغمبر کے ساتھ صحابہ کو ملا کر ان پر صلوات بھیجنے کی مشکل کو کسی طرح حل بھی کر لیں تو کیا آپ کے لئے کسی قید و شرط کے بغیر تمام صحابہ پر درود و صلوات بھیجنا جائز ہے؟!

چونکہ جب آپ کہتے ہیں (صلی اللہ وعلی اصحابہ اجمعین) تو آپ ایک لاکھ سے زیادہ لوگوں کو اس بات میں شامل کر لیتے ہیں اور ان کو پیغمبر کے ساتھ شمار کرتے ہیں جبکہ ان میں وہ لوگ بھی ہیں جو عقبہ کی رات پیغمبرؐ کو قتل کرنے کے درپے تھے اور انھیں لوگوں میں وہ افراد بھی شامل ہیں جن کا نفاق نص قرآن اور نص نبی سے ثابت ہے، ان میں ایک جماعت وہ بھی ہے جن کے بارے میں پیغمبر نے یہ گواہی دی ہے کہ وہ مرنے کے بعد ہرگز پیغمبر کا دیدار نہیں کریں گے، یہ لوگ ان کے بعد بدل جائیں گے دین سے پلٹ جائیں گے، ان کو حوض کوثر پر وارد ہونے سے روک دیا جائے گا اور انھیں جہنم میں جانے کا حکم دیا جائے گا بلکہ بخاری نے تو یہاں تک روایت کی ہے کہ ان لوگوں میں سے جہنم سے چند انگشت شمار افراد نجات پائیں گے۔

جب ایسا ہے تو پھر آپ لوگ ان تمام لوگوں کو پیغمبر کے ساتھ ملا کر صلوات کیوں پڑھتے ہیں اور اس بدعت کے ذریعہ اپنی صلوات کو کیوں ضائع کرتے ہیں؟!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا عورتوں کے لئے نماز میں تکتف واجب ہے؟

سوال ۳۰

نماز میں مردوں کے لئے اگر ہاتھ باندھنے کا ثبوت قرآن میں نہیں ہے تو فرمایئے عورتوں کے لئے ہاتھ باندھنے کا ثبوت کس آیت میں ہے؟

جواب ۳۰

نماز میں ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھنے کو تکتف یا تکفیر کہا جاتا ہے یہ بدعت ہے اور اس سے نماز باطل ہو جاتی ہے چاہے عورت رکھے یا مرد۔

جیسا کہ حدائق الناظرہ مؤلف محقق بحرانی جلد ۹ صفحہ ۱۰ پر منقول ہے کہ:

عن حریز عن رجل عن ابی جعفر قال:

لاتکفر انما یصنع ذالک المجوس

یعنی امام محمد باقر سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

پر نہ رکھا کرو کہ یہ مجوسیوں کا طریقۂ کار ہے۔!

میں کہتا ہوں کہ اسی بات پر وہ روایت بھی دلالت کرتی ہے جس کو خصال میں ابوبصیر اور محمد بن مسلم کے ذریعہ امام صادق سے اور آپ نے اپنے آباؤ اجداد سے نقل کیا ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا ہے: کوئی مومن نماز میں اپنے ہاتھوں کو نہ باندھے کیونکہ وہ خداوند عالم کے سامنے کھڑا ہے اور یہ اہل کفر یعنی مجوسیوں کی شباہت ہے۔

آیۃ اللہ خوئی کتاب الصلاۃ جلد ۴ صفحہ ۴۴۵ پر رقمطراز ہیں: یہ بات بالکل واضح وروشن ہے کہ تکفیر یعنی دونوں ہاتھ باندھنا یہ عمل عصر نبی میں نہیں تھا اگر چہ اس بارے میں غیر شیعی روایات اس مطلب کی طرف اشارہ کرتی ہیں لیکن یہ تمام کی تمام روایات صحیح نہیں ہیں کیونکہ اگر یہ عمل پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں رائج ہوتا تو اس سے بھی واقف ہوتے حتی بچہ بچہ جانتا ہوتا اور یہ نماز کے دوسرے افعال کی طرح سبھی کو معلوم ہوتا۔

چونکہ جس عمل کو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے برسوں انجام دیا ہو اس کے اس طرح مخفی رہ جانے کا کوئی امکان نہیں ہے ورنہ لوگوں کا اس بارے میں ائمہ طاہرین سے سوال کرنے کا کیا مقصد اور ان کا اس کا جواب دینے کا کیا مطلب ہے؟ جیسا کہ صحیحہ ابن جعفر میں آیا ہے کہ یہ (ہاتھ باندھ کر کھڑے ہونا) ایک طرح کا عمل ہے اور نماز میں عمل نہیں انجام دیا جا سکتا؟! یہ سوال وجواب اس وقت ہوئے جب وفات پیغمبر کے چند دن ہی گذرے تھے اس کے باوجود خود اہل سنت کے درمیان ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھنے کے طریقہ میں بھی

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اختلاف ہے کہ آیا ناف کے اوپر ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنا چاہئے یا ناف کے نیچے ہاتھ رکھ کر؟!

ان باتوں کے باوجود اس میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے کہ یہ وہ بدعت ہے جو عصر پیغمبر کے بعد ایجاد ہوئی ہے یا تو خلیفۂ اول کے زمانہ میں جیسا کہ کہا جاتا ہے یا خلیفۂ دوم کے زمانہ میں اور خلیفۂ دوم کے زمانہ والی بات صحیح نظر آتی ہے کیونکہ مؤرخین نے کتابوں میں تحریر کیا ہے کہ جب فارس کے اسیر خلیفۂ دوم کے پاس لائے گئے اور انھوں نے ان کو ہاتھ باندھے کھڑے دیکھا تو سوال کیا کہ یہ اس طرح کیوں کھڑے ہیں تو جواب دیا گیا کہ یہ لوگ اپنے بادشاہوں کی اسی طرح تعظیم وتکریم کیا کرتے ہیں ان کو یہ چیز پسند آ گئی تو انھوں نے اس عمل کو نماز میں بجالانے کا حکم دیدیا کیونکہ خداوند عالم سب سے زیادہ لائق تعظیم ہے"۔

ہاتھ باندھ کر نماز پڑھنے کے جواز پر اہل سنت کی بعض احادیث دلالت تو کرتی ہیں لیکن وہ احادیث ایک دوسرے کی متعارض اور متضاد ہیں اسی لئے بعض مذاہب اہل سنت جیسے مالکی نے اس عمل کو بدعت قرار دیا ہے اور وہ ہاتھ باندھ کر نماز نہیں پڑھتے ہیں۔

لیکن اگر سوال کرنے والے کا مقصد عورتوں کا نماز کی حالت میں سینہ پر ہاتھ رکھنا ہے تو اس کے متعلق اتنا بتا دینا ہی کافی ہے کہ اسلام میں عورتوں کے وظائف مردوں سے مختلف ہیں اور ان وظائف کا مختلف ہونا ان کی عفت و پاکدامنی کو محفوظ کرنے کے لئے ہے ان ہی میں سے ایک سینہ پر ہاتھ رکھ کر نماز پڑھنا ہے شیعہ حضرات کی کتابوں میں موجود روایات کے مدنظر یہ حکم اس

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

عمل (تکتف) سے جدا ہے جس کو اہل سنت بجالاتے ہیں شیعہ فقہاء کی نظر میں عورتوں کا اس حالت میں نماز پڑھنا مستحب ہے۔

اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل حدیث ملاحظہ کیجئے جس کو شیخ صدوق نے کتاب خصال صفحہ ۵۸۵ پر نقل کیا ہے جس میں امام محمد باقرؑ نے فرمایا ہے کہ:

''عورتوں پر کچھ چیزیں لازم نہیں ہیں جیسے اذان، اقامت، نماز جمعہ، نماز جماعت، مریض کی عیادت، تشییع جنازہ میں شرکت، حالت احرام میں بلند آواز میں تلبیہ، صفا اور مروہ کے درمیان سعی، حجر اسود کا بوسہ، خانہ کعبہ میں داخل ہونا، حج میں سر کے بال مونڈنا... قیام کی حالت میں اپنے دونوں پیروں کا ملانا اور ہاتھوں کا سینہ پر رکھنا اور رکوع میں اپنے ہاتھوں کو رانوں پر رکھنا...''

کیا جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا امام حسین علیہ السلام کے حمل کے وقت رنجیدہ رہتی تھیں؟

سوال ۳۱

مولانا مقبول احمد کی تفسیر میں ہے کہ جب امام حسینؑ اپنی والدہ گرامی کے بطن میں تھے تو آپ رنجیدہ رہتی تھیں کیا یہ بات صحیح ہے؟ برائے مہربانی اس کی وضاحت فرمائیں۔

جواب ۳۱

سوال کرنے والے کی مراد وہ روایت ہے جس کو شیخ کلینی نے اصول کافی جلد ا صفحہ ۴۶۴ پر امام جعفر صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ: جب جناب فاطمہؑ کے شکم مبارک میں امام حسینؑ کا نور منتقل ہوا تو جناب جبرئیلؑ [illegible]

jabir.abbas@yahoo.com

Contact: jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

کی خدمت اقدس میں تشریف لائے اور کہا کہ فاطمہ علیہا السلام کے یہاں ایک بچہ پیدا ہوگا جس کو آپ کے بعد آپ کی امت قتل کردے گی، چنانچہ جب امام حسین علیہ السلام شکم مادر میں آئے تو جناب فاطمہ علیہا السلام دل برداشتہ رہتی تھیں اور جب آپ کی ولادت ہوئی تب بھی آپ دل برداشتہ تھیں۔

اس کے بعد امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ: دنیا میں کوئی عورت ایسی نہیں دیکھی گئی جس کے یہاں لڑکا پیدا ہوا اور اس کو خوشی نہ ہوا اور وہ دل برداشتہ رہے لیکن چونکہ جناب فاطمہ علیہا السلام کو یہ معلوم تھا کہ آپ کے اس بیٹے کو بے دردی کے ساتھ شہید کیا جائے گا لہٰذا آپ کو خوشی نہیں ہو رہی تھی اور اسی بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے:

وَوَصَّيْنَا الْإِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ إِحْسَانًا حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا...(۱)

"اور ہم نے انسان کو اس کے ماں باپ کے ساتھ نیک برتاؤ کرنے کی نصیحت کی کہ اس کی ماں نے بڑے رنج کے ساتھ اسے شکم میں رکھا ہے اور پھر بڑی تکلیف کے ساتھ پیدا کیا ہے اور اس کے حمل اور دودھ بڑھائی کا کل زمانہ تیس مہینے کا ہے..."

کافی جلد ۱ صفحہ ۴۶۴ پر امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۔ سورۂ احقاف آیت ۱۵

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے فرمایا ہے کہ: میرے پاس جبرئیل آئے اور مجھ سے کہا اے محمد پروردگار عالم آپ کو ایک بچہ کی بشارت دیتا ہے جو فاطمہ کے بطن سے پیدا ہوگا اور اس کو آپ کے بعد آپ کی امت قتل کردے گی تو آپ نے فرمایا اے جبرئیل میرے پروردگار کی بارگاہ میں میرا سلام کہنا اور عرض کرنا کہ مجھے ایسے مولود کی حاجت نہیں ہے جو بطن فاطمہ علیہا السلام سے ہو اور اس کے بعد میری امت اس کو قتل کردے جبرئیل آسمان پر گئے اور دوبارہ واپس آئے اور انھوں نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پھر یہی بات کہی تو آپ نے فرمایا:

اے جبرئیل میرے پروردگار کی خدمت میں میرا سلام پہنچانا اور یہ عرض کرنا کہ مجھے ایسے مولود کی حاجت نہیں ہے جس کو میرے بعد میری امت قتل کردے جبرئیل یہی پیغام لے کر پھر آسمان پر گئے اور پھر نازل ہوئے اور کہا کہ اے محمدؐ آپ کا پروردگار آپ کو سلام کہتا ہے اور بشارت دیتا ہے کہ وہ پروردگار اس کی ذریت میں امامت، ولایت اور وصیت کو قرار دے گا تو آپ نے فرمایا کہ میں راضی ہوں۔

پھر آپ نے جناب فاطمہؑ کے پاس یہ پیغام بھیجا کہ رب کریم نے مجھے یہ بشارت دی ہے کہ عنقریب تمہارے یہاں ایک فرزند پیدا ہوگا جس کو میرے بعد میری امت قتل کردے گی تو شہزادی نے اس کے جواب میں یہ کہلایا کہ مجھ کو ایسے مولود کی حاجت نہیں ہے جس کو آپ کے بعد آپ کی امت قتل کردے تو آنحضرتؐ نے یہ پیغام بھیجا کہ پروردگار نے اس کی ذریت میں امامت، ولایت اور وصایت کو رکھا ہے جس کو سن کر شہزادی نے کہا کہ میں راضی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

ہوں جس کے بعد آنحضرتؐ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی:

حَمَلَتْهُ اُمُّهُ كُرْهاًوَّوَضَعَتْهُ كُرْهاًوَحَمْلُهُ
وَفِصَالُهُ ثَلاَثُوْنَ شَهراًحَتّىٰ اِذَابَلَغَ اَشُدَّهُ وَبَلَغَ
اَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْ اَنْ
اَشْكُرَنِعْمَتَكَ الَّتِيْ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى
وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحاًتَرْضَاهُ وَاَصْلِحْ لِيْ
فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ... (۱)

"اس کی ماں نے بڑے رنج کے ساتھ اسے شکم میں رکھا ہے اور پھر بڑی تکلیف کے ساتھ پیدا کیا ہے اور اس کے حمل اور دودھ بڑھائی کا کل زمانہ تیس مہینے کا ہے یہاں تک کے جب وہ توانائی کو پہنچ گیا اور چالیس برس کا ہو گیا تو اس نے دعا کی کہ پروردگار مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکریہ ادا کروں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا کی ہے اور ایسا نیک عمل کروں کہ تو راضی ہو جائے اور میری ذریت میں بھی صلاح وتقویٰ قرار دے کہ میں تیری ہی طرف متوجہ ہوں اور تیرے فرمانبردار بندوں میں ہوں"

اس کے بعد امامؑ فرماتے ہیں کہ اگر آنحضرتؐ یہ نہ فرماتے: "اصلح لی فی ذریتی" تو آپ کی پوری ذریت امام ہوتی" (یہ دونوں روایات کامل الزیارات صفحہ ۱۲۲ پر مرقوم ہیں)

۱۔ [illegible]

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قارئین کرام آپ نے دیکھا کہ سوال کرنے والے نے بڑی ہوشیاری کے ساتھ اس میں تحریف کی ہے اور پوری حدیث شریف سے صرف (کرهت حمله) سے اپنے مطلب کی بات اخذ کی ہے اور امام جعفر صادقؑ کی تفسیر کو ترک کر دیا ہے اور شہزادی کائنات اور ائمہ طاہرینؑ اور انکی ذریت کی عظیم منقبت سے چشم پوشی کی ہے۔

اہل بیتؑ کے فضائل میں تحریف کا یہ ایک نمونہ تھا جو دشمنوں نے اپنایا ہے ان کے اس طرح کے نہ جانے کتنے کام ہیں جو تاریخ کے اوراق پر ثبت و درج ہیں اس کے مقابل جن کو انھوں نے اپنا آئیڈیل اور رہنما بنایا ان کے عیوب پر پردہ ڈال دیا اور ان کے فسق و فجور کو تقویٰ اور ان کے کفر کو ایمان سے تعبیر کیا ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا جناب فاطمہ علیہا
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اکلوتی بیٹی تھیں؟

jabir.abbas@yahoo.com

سوال ۳۲

قرآن، پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب کر کے کہتا ہے "وبنا تک" یعنی اپنی بیٹیوں سے، اور بنات جمع کا صیغہ ہے تو آپ لوگوں نے قرآن کے حقیقی معنی کو کیوں ترک کر دیا اور صرف یہ کیوں کہتے ہیں کہ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صرف بیٹی جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا تھیں اور آپ نے بقیہ بیٹیوں کو ان کی ربیبہ کہہ کر ان کا انکار کیوں کر دیا!

جواب ۳۲

پہلی بات تو یہ کہ اس آیت:

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ وَنِسَاءِ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ذٰلِكَ
اَدْنٰى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا (۱)

"اے پیغمبر آپ اپنی بیویوں بیٹیوں اور مومنین کی عورتوں سے کہہ دیجئے کہ اپنی چادر کو اپنے اوپر لٹکائے رہا کریں کہ یہ طریقہ ان کی شناخت یا شرافت سے قریب تر ہے اور اس طرح ان کو اذیت نہ دی جائے گی اور خدا بہت بخشنے والا اور مہربان ہے"

آیت میں جو بنات کا صیغہ جمع کی شکل میں استعمال ہوا ہے یہ اس بات پر دلالت نہیں کرتا ہے کہ پیغمبر کی ایک سے زیادہ بیٹیاں تھیں۔ چونکہ جو قضیہ فرض کیا گیا ہے اس کا واقع کے مطابق ہونا ضروری نہیں ہے۔

بلکہ یہ ایک عام تعبیر ہے جس سے خاص مراد لیا گیا ہے اور اس طرح کی آیات قرآن مجید میں بکثرت موجود ہیں جیسا کہ خداوند عالم نے آیۂ مباہلہ میں ارشاد فرمایا:

فَمَنْ حَاجَّكَ فِيْهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ
فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَاءَنَا وَاَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا
وَنِسَاءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ
فَنَجْعَلْ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ (۲)

۱۔ سورۂ احزاب، آیت ۵۹ ۲۔ سورۂ آل عمران، آیت ۶۱

"پیغمبر علم کے آجانے کے بعد جو لوگ تم سے کٹ حجتی کریں ان سے کہہ دیجئے کہ آؤ ہم لوگ اپنے اپنے فرزند، اپنی اپنی عورتوں اور اپنے اپنے نفسوں کو بلائیں اور پھر خدا کی بارگاہ میں دعا کریں اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت قرار دیں"

اور مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ یہاں پر "انفس" سے مراد جو جمع کا صیغہ ہے نبیؐ اور علیؑ ہیں "نساء" سے مراد جو جمع کا صیغہ ہے صرف جناب فاطمہ علیہا السلام ہیں اور "ابناء" یہ بھی جمع ہے اور اس سے مراد امام حسن علیہ السلام و امام حسین علیہ السلام ہیں۔

دوسرے یہ کہ اس سلسلہ میں علمائے شیعہ کے درمیان دو نظریات پائے جاتے ہیں بعض لوگ کہتے ہیں کہ:

رقیہ، زینب اور ام کلثوم نبی کریم کی بیٹیاں تھیں۔

اور بعض لوگوں کا نظریہ یہ ہے:

یہ جناب خدیجہ علیہا السلام کی بہن جناب ہالہ کی بیٹیاں اور نبی کی پروردہ تھیں ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا تھا جناب خدیجہ نے ان کو پالا تھا۔

اور وہ لوگ یہ روایت بھی بیان کرتے ہیں کہ جناب خدیجہ شادی کے وقت دوشیزہ اور پاکیزہ تھیں اور نبی سے پہلے آپ نے کسی سے شادی نہیں کی تھی۔

ابن شہر آشوب نے اپنی کتاب مناقب آل ابی طالب جلد ۱ صفحہ ۱۳۸ پر نقل کیا ہے کہ:

احمد بلاذری اور ابوالقاسم کوفی نے اپنی اپنی کتابوں میں مرتضیٰ نے شافی میں اور ابو جعفر نے تلخیص میں یہ روایت کی ہے کہ جب نبی نے جناب خدیجہ

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir-abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

سے شادی کی تو آپ دوشیزہ اور غیر شادی شدہ تھیں اور اس بات کی تائید ان دو کتابوں الانوار اور البدع سے ہوتی ہے کہ رقیہ اور زینب دونوں جناب خدیجہ کی بہن ہالہ کی بیٹیاں تھیں اور اس نظریہ کے قائل افراد نے تاریخ، حدیث اور علم انساب کی کتابوں سے اپنی دلیلیں بیان کی ہیں (۱)

اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو بخاری نے اپنی صحیح جلد ۵ صفحہ ۱۵۷ پر نقل کیا ہے وہ لکھتے ہیں:

نافع سے مروی ہے کہ ایک شخص ابن عمر کے پاس آیا اور کہا کہ تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم ایک سال حج کرتے ہو اور ایک سال عمرہ کرتے ہو اور راہ خدا میں جہاد نہیں کرتے ہو جبکہ تم جانتے ہو کہ خدا نے اس کی طرف کتنی رغبت دلائی ہے؟

انھوں نے کہا کہ اے میرے بھتیجے اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے خدا اور اس کے رسول پر ایمان لانا، نماز پنجگانہ پڑھنا، ماہ رمضان کے روزے رکھنا، زکوۃ ادا کرنا اور حج بجالانا تو اس نے کہا:

اے ابو عبدالرحمن کیا تم نے قرآن کریم کی یہ آیت نہیں سنی ہے:

وَإِن طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا
بَيْنَهُمَا فَإِن بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ

۱. رجوع فرمایئے کتاب بنات النبی ام ربائبہ تالیف سید جعفر مرتضی عاملی ضمیمہ کتاب خلفیات کتاب مأساۃ الزہراء، جلد ۲، صفحہ ۱۲۹ اور انھیں کی کتاب الصحیح من السیرۃ، جلد ۶، صفحہ ۲۲

فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ (۱)

"ایمان والو خبردار کوئی قوم دوسری قوم کا مذاق نہ اڑائے کہ شاید وہ اس سے بہتر ہو اور عورتوں کی بھی کوئی جماعت دوسری جماعت کا مسخرہ نہ کرے کہ شاید وہی عورتیں ان سے بہتر ہوں اور آپس میں ایک دوسرے کو طعنے بھی نہ دینا اور برے برے القاب سے یاد نہ کرنا"

نیز ارشاد خداوندی ہے کہ:

وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ
فَإِنِ انتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ (۲)

"اور ان سے اس وقت تک جنگ جاری رکھو جب تک سارا فتنہ ختم نہ ہو جائے اور دین صرف اللہ کا نہ رہ جائے پھر اگر وہ لوگ باز آجائیں تو ظالمین کے علاوہ کسی پر زیادتی جائز نہیں ہے"

عمر نے کہا: ہم نے زمانۂ پیغمبر میں اس وقت جہاد کیا جب مسلمانوں کی تعداد بہت کم تھی اور دین کے متعلق ان کا امتحان ہو رہا تھا کہ یا تو ان کو قتل کر دیا جائے یا ان کو سزا دی جائے لیکن اب چونکہ اسلام پھیل چکا ہے لہٰذا ان کے امتحان کا زمانہ ختم ہو چکا ہے اس نے کہا علی علیہ السلام اور عثمان کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ تو ابن عمر نے کہا کہ عثمان کو خدا نے معاف کر دیا ہے لیکن تم لوگ ہو جنھوں نے ان کو معاف نہیں کیا ہے! اور رہی علی علیہ السلام کی بات تو وہ رسول

۱. سورہ حجرات، آیت ۹
۲. سورہ بقرہ، آیت ۱۹۳

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اللہ ﷺ کے ابن عم اور ان کے داماد ہیں اور پھر اپنے ہاتھ سے ایک طرف اشارہ کیا اور کہا کہ یہ ان کا گھر ہے جس کو تم دیکھ رہے ہو۔"

ابن عمر اس وقت ہاتھ سے حضرت علی علیہ السلام کے گھر کی طرف اشارہ کر کے یہ بتانا چاہ رہے تھے کہ وہ ہمیشہ آنحضرت ﷺ کے ہمراہ رہتے تھے اور یہ بات بھی قابل غور ہے کہ ابن عمر نے حضرت علی علیہ السلام کو نبی کریم ﷺ کا داماد بتایا عثمان کو نہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ پیغمبر اکرم ﷺ عثمان کی پروردہ کے شوہر تھے آپ کی حقیقی بیٹی کے نہیں!

کربلا کے بعد

اہل بیت ؑ کی خواتین کا طرز عمل

سوال ۳۳

پیغمبر اکرم ﷺ کی عترت میں سے کربلا میں امام زین العابدین علیہ السلام کے علاوہ اور کوئی باقی نہیں رہ گیا تھا صرف کچھ عورتیں اور بچیاں تھیں آپ یہ بتائیے کہ ان عورتوں نے کس سے شادی کی؟

جواب ۳۳

شہدائے کربلا کی کچھ خواتین نے اپنے شوہروں کی شہادت کے بعد اصلاً شادی نہیں کی اور بعض عورتوں اور لڑکیوں نے شادی کی اس کی تفصیل سیرت، تاریخ اور انساب کی کتابوں میں موجود ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا امام زین العابدین علیہ السلام نے کسی زن ہاشمی سے شادی کی تھی؟

سوال ۳۴

کیا امام زین العابدین علیہ السلام نے کسی علوی سیدانی سے شادی کی تھی؟ ان کا نام بتایئے؟

jabir.abbas@yahoo.com

سوال ۳۵

اور اگر آپ نے علوی سیدانی سے شادی نہیں کی تھی تو آپ نے خدا کے اس فرمان:

وَأَنْكِحُوا الْأَيَامَىٰ مِنْكُمْ وَالصَّالِحِينَ مِنْ
عِبَادِكُمْ وَإِمَائِكُمْ إِنْ يَكُونُوا فُقَرَاءَ يُغْنِهِمُ اللَّهُ

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ (۱)

"اور اپنے غیر شادی شدہ آزاد افراد اور اپنے غلاموں اور کنیزوں میں سے باصلاحیت افراد کے نکاح کا اہتمام کرو کہ اگر وہ فقیر بھی ہوں گے تو خدا اپنے فضل وکرم سے انھیں مالدار بنادے گا کہ خدا بڑی وسعت والا اور صاحب علم ہے۔" پر عمل کیوں نہیں کیا اور کیا نبی کریم کی عترت قرآن پر عمل نہیں کرتی تھی؟

جواب ۳۴، ۳۵

مسلمانوں میں کسی فقیہ نے یہ فتویٰ نہیں دیا ہے کہ قرآن کریم پر عمل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ ہاشمی کے اوپر یہ واجب ہے کہ وہ ہاشمی اور صرف سیدانی سے ہی شادی کرے جیسا کہ خود پیغمبر اکرم ﷺ نے بھی غیر ہاشمی خواتین سے شادی کی تھی جبکہ آپ دنیا کے ہر شخص سے بہتر قرآن کریم پر عمل پیرا تھے اس کے باوجود بھی یہ واضح رہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے سیدانی ور ہاشمی خاتون سے شادی کی اور آپ کا نام جناب فاطمہ بنت حسن علیہ السلام تھا اور آپ ہی امام محمد باقر علیہ السلام کی والدہ گرامی ہیں جن کو آپ نے صدیقہ کا لقب دیا تھا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: وہ صدیقہ تھیں اور آل حسن علیہ السلام میں کسی کا مرتبہ ان کے برابر نہیں ہے۔

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے: "میری والدۂ گرامی ایک دیوار کے

۱۔ سورۂ نور آیت ۳۲

نزدیک بیٹھی ہوئی تھیں کہ وہ دیوار گرنے لگی اور ہم نے ایک خطرناک آواز سنی تو آپ نے اپنے دست مبارک سے اشارہ کیا: لَا وَحَقِّ الْمُصْطَفٰی حضرت مصطفیٰ کے حق کی قسم ابھی تجھے گرنے کی اجازت نہیں دی گئی ہے چنانچہ وہ دیوار اسی طرح معلق رہی یہاں تک کہ آپ وہاں سے ہٹ گئیں" ملاحظہ کیجئے اصول کافی جلد ۱ صفحہ ۴۶۹۔

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا حضرت علی علیہ السلام نے ابو بکر کی بیعت بہ خوشی کی تھی یا مجبوری کی حالت میں؟

jabir.abbas@yahoo.com

سوال ۳۶

کتاب احتجاج طبرسی صفحہ ۵۳ طبع نجف اشرف میں ہے:

"ثُمَّ تَنَاوَلَ یَدَ اَبِیْ بَکْرٍ فَبَایَعَهٗ" "پھر آپ نے اپنا ہاتھ ابو بکر کی طرف بڑھایا اور ان کی بیعت کر لی آپ ہم کو اس کے متعلق یہ بتایئے کہ کیا یہ ظاہری اور بناوٹی بیعت تھی اور اس کے ذریعے سے لوگوں کو گمراہ کیا گیا تھا اگر ایسی بات ہے، یہ امام برحق کے شایان شان نہیں ہے اور اگر واقعا بیعت کی تھی تو پھر اس کے بعد شیعہ اور سنی کے درمیان میں کوئی اختلاف ہی باقی نہیں رہ جاتا؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

جواب ۳۶

اس سے متعلق ہماری تمام کتابوں میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ حضرت علی علیہ السلام اور ان کے شیعوں سے ابو بکر کی بیعت زبردستی لی گئی تھی اور ہمارے مخالفین اسی کو اپنی قضاوت کا معیار قرار دیتے ہیں۔

جبکہ اگر ان سے سوال کیا جائے کہ اگر کسی آدمی سے اسلحہ کے زور پر اور زبردستی کوئی معاملہ کیا جائے اس کا شرعی حکم کیا ہے تو سب یہی کہیں گے کہ یہ معاملہ باطل ہے۔

جب کسی چیز کا زبردستی معاملہ کرنا باطل ہے تو پھر بیعت جس کا معاملہ ہزاروں معاملوں سے زیادہ اہم ہے وہ باطل نہیں ہوگی؟!

شیخ صدوقؒ نے کتاب خصال کے صفحہ ۴۶۱ پر اپنی سند سے عثمان بن مغیرہ سے اور زید بن وہب سے روایت کی ہے کہ: جن لوگوں نے حضرت علی علیہ السلام پر مقدم ہونے اور منصب خلافت کی بنا پر ابو بکر کی مخالفت کی تھی وہ مہاجرین و انصار کے بارہ افراد تھے مہاجرین میں خالد بن سعید بن عاص، مقداد بن اسود ابی بن کعب، عمار بن یاسر، ابوذر غفاری، سلمان فارسی، عبد اللہ بن مسعود اور بریدہ اسلمی تھے اور انصار میں خزیمہ بن ثابت ذو الشہادتین، سہل بن حنیف، ابوایوب انصاری اور ابوہیثم بن تیہان وغیرہ تھے۔

جب وہ (ابوبکر) منبر پر گئے تو ان لوگوں نے اس کے بارے میں مشورہ

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیا چنانچہ بعض لوگوں نے کہا کہ ان کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منبر سے نیچے اتار لینا چاہئے لیکن بعض لوگوں نے کہا کہ ایسا کرنا خود کو ہلاکت میں ڈالنا ہے اور خداوند عالم نے ارشاد فرمایا ہے:

وَلَاتُلْقُوا اَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّهْلُکَةِ

"اپنے ہاتھوں اپنے کو ہلاکت میں نہ ڈالو"

لہٰذا اس سلسلہ میں ہم حضرت علی علیہ السلام سے مشورہ کرنا چاہئے اور ان کے حکم کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔

چنانچہ وہ سب حضرت علی علیہ السلام کے پاس آئے اور کہا اے امیر المومنین علیہ السلام آپ نے اپنے اس حق کو کیوں چھوڑ دیا جس کے آپ حقدار تھے ہم اس شخص کو منبر رسول سے کھینچنا چاہتے ہیں کیونکہ خلافت آپ کا حق ہے اور اس منصب کے لئے آپ ہی اس سے زیادہ اولیٰ و سزاوار ہیں اور ہم نے آپ کے مشورہ کے بغیر اس کو منبر سے اتارنا مناسب نہیں سمجھا تو مولائے کائنات علی علیہ السلام نے فرمایا کہ:

اگر تم ایسا کرتے تو ان کیلئے جنگ کرنے کا موقع فراہم ہوجاتا اور تمہاری تعداد کا آنکھ میں سرمہ یا کھانے میں نمک کی طرح خاتمہ ہوجاتا چونکہ اس امت نے قول رسول کو بھلا کر اور اپنے رب کی بات جھٹلا کر ابوبکر کا انتخاب کرلیا ہے اور میں نے اس سلسلہ میں اپنے اہل خانہ سے مشورہ کیا ہے تو انھوں نے سکوت کے علاوہ اور کوئی مشورہ نہیں دیا کیونکہ تم لوگ جانتے ہو کہ ان لوگوں کے سینے بغض خدا اور بغض اہل بیت نبی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

ہیں اور تم اس بات سے بھی بخوبی واقف ہو کہ وہ لوگ جاہلیت کا پرچم لہرانا چاہتے ہیں۔

لہٰذا خدا کی قسم اگر تم ایسا کر گزرتے تو وہ لوگ اپنی تلواروں کو کھینچ کر تم سے جنگ وجدال کیلئے تیار ہو جاتے اور تمہارے ساتھ ویسا ہی برتاؤ کرتے جیسا انھوں نے میرے ساتھ برتاؤ کیا ہے اور مجھ پر یہاں تک زور ڈالا کہ بیعت کرو، ورنہ ہم تمہارا سر قلم کر دیں گے اور میرے پاس اس قوم سے اپنا دفاع کرنے کے علاوہ کوئی چارۂ کار باقی نہیں رہ گیا تھا اور اس وقت مجھے رسول خداؐ کا یہ قول یاد آیا کہ:

"اے علی علیہ السلام یہ قوم تم سے عہد شکنی کرے گی اور تمہارے بارے میں میری بات کی نافرمانی کر کے تم پر ظلم وتشدد کرے گی لہٰذا تم حکم الٰہی کے پہونچنے تک صبر کرنا یاد رکھو کہ یہ لوگ تم سے ضرور غداری کریں گے لہٰذا تم ان کو خون بہانے کا موقع نہ دینا کیونکہ یہ امت میرے بعد تم سے غداری کرے گی اور اس بات کی اطلاع مجھے جبرئیل امین نے میرے رب تبارک وتعالیٰ کی طرف سے دی ہے۔"

لیکن تم سب ان کے پاس جاؤ اور تم نے اس سلسلہ میں جو نبی کریم ﷺ سے سنا ہے وہ ان کے سامنے بیان کر دو تا کہ ان کے پاس کسی قسم کا شک وشبہ نہ رہ جائے اور ان پر حجت تمام ہو جائے اور جب وہ اپنے رب کے سامنے حاضر ہوں تو پھر نبی اکرم ﷺ کی نافرمانی اور ان کے اوامر کی مخالفت کی وجہ سے ان کی عقوبت میں کسی طرح کی کمی نہ ہو۔ زید کا کہنا ہے کہ چنانچہ جمعہ کے

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دن وہ سب لوگ گئے اور منبر رسول ﷺ کو اپنے حلقہ میں لیکر بیٹھ گئے اور مہاجرین سے کہا کہ اے مہاجرین! اللہ قرآن مجید میں تم کو تمام مسلمانوں پر مقدم قرار دیتے ہوئے فرماتا ہے:

لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ (۱)

"اللہ نبی مہاجرین اور انصار کی توبہ کو قبول کرنے والا ہے اور اس میں تم سے ابتدا کی گئی ہے"

چنانچہ جس شخص نے سب سے پہلے بولنا شروع کیا وہ خالد بن سعید بن عاص تھے انھوں نے اپنی بنی امیہ کی طرف نسبت ہونے کی وجہ سے کہا:

اے ابوبکر خدا سے ڈرو اور خوف خدا پیدا کرو تمھیں معلوم ہے کہ علی علیہ السلام کے بارے میں پیغمبر اکرم ﷺ نے کیا فرمایا ہے کیا تمھیں نہیں معلوم کہ جب بنی قریظہ کے دن ہم پیغمبر اکرم ﷺ کو حلقہ میں لئے ہوئے بیٹھے تھے تو آنحضرت ﷺ نے ہمارے بزرگوں سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ

"اے گروہ مہاجرین وانصار میں تمھیں ایک وصیت کر رہا ہوں لہٰذا تم اسے اچھی طرح ذہن نشین کر لو میں تمھیں جو حکم دینے جا رہا ہوں اس کو تہہ دل سے قبول کر لو آگاہ ہو جاؤ کہ علی میرے بعد تمہارے امیر اور میرے جانشین ہیں اور مجھ کو اس بات کی خبر میرے پروردگار نے دی ہے، اور اگر تم نے میرے اس

۱۔ سورۂ توبہ آیت ۱۱۷

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

حکم پر عمل نہ کیا ان کے دامن سے وابستہ نہ رہے ان کی مدد نہ کی تو پھر تمہارے دین کے احکام میں اختلاف پیدا ہو جائے گا اور تم پر اشرار مسلط ہو جائیں گے یادرہے کہ میرے اہل بیت ہی میرے امر کے وارث ہیں اور یہی میرے حکم کے مطابق امت کو چلانے والے ہیں بار الہا جو شخص ان لوگوں میں سے میرے حکم پر عمل کرے اس کو میرے زمرہ میں محشور فرمانا تاکہ وہ میری ہمراہی سے بہرہ مند ہو...۔"

لیکن سوال کرنے والے نے کتاب احتجاج سے صرف ایک فقرہ نقل کر کے بڑی ہوشیاری کے ساتھ دھوکہ دینے کی کوشش کی ہے یہ جملہ احتجاج طبرسی جلد ا صفحہ ۱۰۹ مطبوعہ دار النعمان نجف اشرف تحقیق سید خرسان میں اس طرح مرقوم ہے:

"پھر وہ حضرت علی علیہ السلام کو رسی میں باندھ کر ابوبکر کے سامنے لائے عمران کے سر پر تلوار لئے ہوئے کھڑے تھے خالد بن ولید، ابوعبیدہ بن جراح، سالم، مغیرہ بن شعبہ، اسید بن حضیر، بشیر بن سعد اور دوسرے تمام لوگ ابوبکر کے ارد گرد مسلح بیٹھے ہوئے تھے اور حضرت علی علیہ السلام کی زبان مبارک پر یہ الفاظ جاری وساری تھے کہ خدا کی قسم اگر میری تلوار میرے ہاتھ میں ہوتی تو تمہارے ہاتھ مجھ تک نہیں پہنچ پاتے خدا کی قسم یہ سب کچھ میرے پاس تلوار نہ ہونے کی وجہ سے ہو رہا ہے خدا کی قسم جن مشقتوں کو میں سہہ رہا ہوں ان کی وجہ سے میں اپنے نفس کی ملامت نہیں کر رہا ہوں اگر مجھے صرف چالیس افراد مل جاتے تو تمہاری جماعت کو درہم برہم کر دیتے خدا اس قوم پر لعنت کرے جس نے

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میری بیعت کرنے کے بعد مجھے چھوڑ دیا۔

اس وقت عمر نے خوفناک آواز میں کہا: بیعت کرو؟ علی علیہ السلام نے کہا: اگر بیعت نہ کروں تو؟

عمر نے کہا ہم تم کو ذلیل و رسوا کر کے قتل کر دیں گے؟ علی علیہ السلام نے کہا: اگر تم ایسا کرو گے تو ایک خدا کے بندہ اور پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی کے قاتل قرار پاؤ گے۔ ابوبکر نے کہا: بندۂ خدا تو صحیح ہے لیکن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بھائی ہونے کو قبول نہیں کرتے ہیں علی علیہ السلام نے کہا: کیا تم اس بات کا انکار کرتے ہو کہ رسولؐ اللہ نے مجھ سے عقد اخوت پڑھا تھا؟ علی علیہ السلام نے اس بات کی تین مرتبہ تکرار کی اور حاضرین سے مخاطب ہو کر فرمایا:

اے گروہ مہاجرین وانصار میں تم کو خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا تم نے غدیر خم کے دن رسولؐ خدا کا یہ فرمان نہیں سنا، کیا تم نے غزوۂ تبوک میں یہ بیان نہیں سنا تھا...؟ علی علیہ السلام نے پیغمبر اکرم کی اپنے بارے میں بیان کی جانے والی تمام باتیں بیان کیں۔

اس کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: اے زبیر اے سلمان اور اے مقداد میں تمہیں خدا اور اسلام کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں کیا تم نے رسولؐ اللہ کو مجھ سے یہ فرماتے نہیں سنا ہے کہ فلاں فلاں یعنی پانچ لوگوں نے اپنے نام عہد نامہ تحریر کیا ہے اور انھوں نے جو کام آج انجام دیا ہے اس پر ہم پیمان ہوئے تھے؟ انھوں نے جواب دیا: ہاں ہم نے آپ کے بارے میں ایسا فرماتے ہوئے سنا ہے، میں (علی علیہ السلام) نے آپ سے پوچھا تھا کہ: مجھے [illegible] آپ کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

قربان ہوں اس وقت کے بارے میں آپ کا کیا حکم ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ نے فرمایا اگر تمہیں ساتھی اور مددگار مل جائیں تو ان کا مقابلہ کرنا اور اگر تمہیں ساتھی اور اعوان نہ ملیں تو بیعت کے ذریعہ اپنی جان کی حفاظت کرنا۔

پھر حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: خدا کی قسم جن لوگوں نے میری بیعت کی تھی اگر ان لوگوں میں سے مجھے چالیس آدمی بھی مل جاتے تو میں راہ خدا میں اور برائے خدا جہاد کرتا، اور خدا کی قسم تم میں سے کوئی ایک آدمی بھی قیامت تک خلافت کو نہیں پا سکتا۔

پھر آپ نے بیعت کرنے سے پہلے با آواز بلند فرمایا:

ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِیْ وَکَادُوْا یَقْتُلُوْنَنِیْ

"اے میرے بھائی اس قوم نے مجھے ضعیف بنا دیا ہے یہ اس وقت میرے قتل کا ارادہ رکھتے ہیں"

اس کے بعد ابوبکر کے ہاتھ پر بیعت کر لی، زبیر سے کہا گیا اب تم بھی بیعت کرو لیکن انھوں نے انکار کیا عمر خالد بن ولید اور مغیرہ بن شعبہ نے ان کو دھکا دیا اور ان لوگوں نے ان کی تلوار ان کے ہاتھ سے چھین لی اور اس کو زمین پر مار کر توڑ دیا، جب عمر ان کے سینہ پر بیٹھا ہوا تھا تو زبیر نے کہا: اے صہاک کے بیٹے اگر میری تلوار میرے ہاتھ میں ہوتی تو تو میرے قریب بھی نہ آتا پھر اس کے بعد انھوں نے بیعت کر لی۔

سلمان کہتے ہیں کہ اس کے بعد ان لوگوں نے مجھ کو پکڑا اور میری گردن کو

http://fb.com/ranajabirabbas

دبایا قریب تھا کہ میرا دم گھٹ جائے تو پھر انھوں نے مجھ کو چھوڑا اس کے بعد میرے ہاتھ کو مروڑا پھر مجھ سے بھی زبردستی ان کی بیعت لی گئی اور اسی طرح ابوذر و مقداد سے بھی زبردستی بیعت لی گئی"۔

طبرسی نے "احتجاج" میں اسی کی مانند روایت شیخ صدوق کی کتاب خصال سے دوسری سند کے ذریعہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کی ہے۔

قارئین کرام آپ اس مقالہ نگار کی چال بازی اور ہوشیاری دیکھیں کہ انھوں نے بیعت مولائے کائنات کو کس طریقہ سے اختیاری بیعت بنا ڈالا اور اس روایت میں سے ایک جملہ اخذ کر لیا جبکہ یہ پوری روایت اس بات کی واضح دلیل ہے کہ آپ سے زبردستی بیعت لی گئی تھی اس بات کی تائید انھیں کی کتابوں سے ہوتی ہے جیسا کہ ابن عبد ربہ نے عقد الفرید جلد ۳ صفحہ ۶۴ پر یہ عنوان قائم کیا ہے: "الذین تخلفوا عن بیعۃ ابی بکر" "جن لوگوں نے ابوبکر کی بیعت سے انکار کیا وہ کہتے ہیں کہ: "علی علیہ السلام، عباس، زبیر جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر میں بیٹھے رہے یہاں تک کہ ابوبکر نے عمر بن خطاب کو بھیجا تاکہ ان کو جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر سے نکال کر لے آئیں اور کہا اگر وہ لوگ انکار کریں تو ان کو قتل کر دینا اور ان سے جنگ کرنا۔

عمر آگ لے کر ان کے گھر کو جلانے کے لئے آئے، جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا نے ان کو روکتے ہوئے فرمایا: اے خطاب کے بیٹے کیا تو ہمارے گھر کو جلانے آیا ہے انھوں نے کہا ہاں، لیکن اگر آپ اس بات کا اقرار کر لیں جس کا امت نے اقرار کر لیا ہے یہ سن کر حضرت علی علیہ السلام گھر سے نکل کر ابوبکر کے پاس آئے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

اور پھر بیعت کی"۔

اسی طرح بلاذری نے انساب الاشراف جلد ا صفحہ ۵۸۶ اور ۵۸۷ پر متعدد روایات نقل کی ہیں جو یہ بتاتی ہیں کہ ان لوگوں نے زبردستی حضرت علی علیہ السلام سے بیعت لی تھی ان میں سے ذیل میں چند روایات پیش کی جارہی ہیں:

۱. ابن عباس سے مروی ہے: جب حضرت علی علیہ السلام نے ابوبکر کی بیعت سے انکار کردیا تو ابوبکر نے عمر بن خطاب کو بھیجا اور کہا کہ ان کو زبردستی میرے پاس لے کر آؤ جب حضرت علی علیہ السلام آگئے تو ان کے درمیان گفتگو ہوئی اور حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: خلافت کا صرف اتنا دودھ دوہو جتنا تمہارا حصہ ہے خدا کی قسم تم آج خلافت پر اس لئے جان دے رہے ہو تاکہ تم کل اس خلافت کے مالک بن جاؤ...) پھر ابوبکر کے پاس گئے اور ان کی بیعت کرلی...

۲. عدی بن حاتم سے مروی ہے: مجھے کسی پر اتنا رحم نہیں آیا جتنا علی علیہ السلام پر اس وقت آیا جب ان کو رسی میں باندھ کر لایا گیا اور ان سے کہا گیا بیعت کرو انھوں نے کہا اگر نہ کروں تو؟ ان لوگوں نے جواب دیا پھر ہم تمہیں قتل کردیں گے۔ آپ نے فرمایا: ایک بندۂ خدا اور رسول خدا کے بھائی کو قتل کروگے؟ پھر آپ نے اس طرح بیعت کی کہ آپ کا دایاں ہاتھ بند تھا۔

۳. ابی عون سے مروی ہے: ابوبکر نے حضرت علی کے پاس بیعت کیلئے بھیجا مگر آپ نے بیعت نہیں کی جب عمر آگ لیکر آئے تو جناب فاطمہؑ نے دروازے کے پیچھے سے کہا: اے خطاب کے بیٹے کیا تو میرے اوپر میرا دروازہ گرادو گے؟ عمر نے کہا ہاں کیونکہ اس سے آپ کے باپ کے دین کو تقویت

ملے گی پھر حضرت علی علیہ السلام آئے اور انھوں نے بیعت کی۔

۴. حمران بن اعین نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: خدا کی قسم حضرت علی علیہ السلام نے اس وقت تک بیعت نہیں کی جب تک آپ کو اپنے گھر سے اٹھتا ہوا دھواں نہیں دکھائی دیا۔

مصنف: ہمارا کہنا یہ ہے کہ مخالفین اچھی طرح اس بات کو جانتے ہیں کہ جو بیعت زبردستی اور جبر و اکراہ کے ساتھ لی جاتی ہے وہ شرعاً باطل ہے، اور انسان سے زبردستی لئے جانے والا عمل اس کا نہیں ہوتا ہے لہٰذا جس کی زبردستی بیعت لی جائے وہ شرعی خلیفہ نہیں ہوسکتا، اور ابوبکر کی بیعت شروع میں تو خفیہ اور حیلہ سے لی گئی پھر تلوار سے ڈرا دھمکا کر لی گئی اسی لئے عمر نے کہا تھا کہ یہ بیعت ناگہانی ہوئی تھی۔

اسی وجہ سے تلوار کی نوک پر بیعت لینا ایک سنت بن گئی اور تلوار سے غلبہ حاصل کر لینے والی خلافت کو ہی قانونی کہا جانے لگا، اسی راستے اور اسی بدعت پر تمام خلفاء چلتے رہے اور انھوں نے اسی طرح لوگوں کو اپنی بیعت پر مجبور کیا اور ان میں سے کسی نے بھی یہ روش تبدیل نہیں کی سوائے امیر المومنین حضرت امام علی علیہ السلام اور حضرت امام حسن علیہ السلام کے صرف یہی دو بزرگوار تھے جنھوں نے لوگوں کو اپنی بیعت پر مجبور نہیں کیا تھا بلکہ انھوں نے لوگوں کو بالکل چھوٹ دیدی تھی کہ جو بیعت کرنا چاہے کرسکتا ہے اور جو نہ کرنا چاہے اسے اختیار ہے۔

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت علی علیہ السلام کے اس قول (شوریٰ مہاجرین وانصار کیلئے ہے) کی وضاحت

سوال ۳۷

نہج البلاغہ طبع مصر صفحہ ۸ پر یہ عبارت درج ہے:

اِنَّمَا الشُّوْرٰی لِلْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِاِنْ اِجْتَمَعُوْا عَلٰی رَجُلٍ سَمَّوْهُ اِمَامًا

"شوریٰ مہاجرین وانصار کا حق ہے اگر وہ کسی شخص کے بارے میں اجماع کرلیں تو اس کو اپنا امام بنالو اسی میں رضائے خدا ہے" تو کیا یہ بات آپ کے مذہب کے موافق ہے؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

سوال ۳۸

جب آپ کے امام حضرت علی علیہ السلام یہ فرمارہے ہیں کہ خلفائے ثلاثہ کی بیعت خدا کی خوشنودی ہے تو پھر آپ اس سے کیوں منہ پھیرتے ہیں اور اس پر کیوں راضی نہیں ہوتے؟

جواب ۳۷۔ ۳۸

پہلی بات تو یہ ہے کہ مولائے کائنات کا یہ جملہ اس خط سے ماخوذ ہے جو آپ نے معاویہ کو لکھا تھا اس کے الفاظ یہ ہیں:

اِنَّهُ بَایَعَنِی الْقَوْمُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا اَبَابَکْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ عَلٰی مَابَایَعُوْهُمْ عَلَیْهِ، فَلَمْ یَکُنْ لِلشَّاهِدِ اَنْ یَخْتَارَ وَلَا لِلْغَائِبِ اَنْ یَرُدَّ، وَاِنَّمَا الشُّوْرٰی لِلْمُهَاجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ، فَاِنِ اجْتَمَعُوْا عَلٰی رَجُلٍ وَسَمَّوْهُ اِمَاماً کَانَ ذٰلِکَ لله رِضًی، فَاِنْ خَرَجَ مِنْ اَمْرِهِمْ خَارِجٌ بِطَعْنٍ اَوْبِدْعَةٍ رَدُّوْهُ اِلٰی مَاخَرَجَ مِنْهُ، فَاِنْ اَبٰی قَاتَلُوْهُ عَلٰی اتِّبَاعِهِ غَیْرَ سَبِیْلِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَوَلَّاهُ اللهُ مَاتَوَلّٰی. وَلَعَمْرِیْ یَامُعَاوِیَةُ لَئِنْ نَظَرْتَ بِعَقْلِکَ دُوْنَ هَوَاکَ لَتَجِدَنِّیْ

Presented by: Rana Jabir Abbas

اَبْرَأَ النَّاسِ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ، وَلَتَعْلَمَنَّ اَنِّیْ کُنْتُ فِیْ عُزْلَةٍ عَنْهُ اِلَّا اَنْ تَتَجَنّٰی، فَتَجَنَّ مَابَدَالَکَ. وَالسَّلَامُ

"معاویہ ابن ابی سفیان کے نام: جن لوگوں نے ابوبکر، عمر اور عثمان کی بیعت کی تھی، انھوں نے میرے ہاتھ پر اسی اصول کے مطابق بیعت کی جس اصول پر وہ ان کی بیعت کر چکے تھے اس بناپر جو حاضر ہے اسے پھر نظر ثانی کا حق نہیں اور جو بروقت موجود نہ ہوا سے رد کرنے کا اختیار نہیں اور شوریٰ کا حق صرف مہاجرین وانصار کو ہے، وہ اگر کسی پر ایکا کرلیں اور اسے خلیفہ سمجھ لیں تو اسی میں اللہ کی رضا وخوشنودی سمجھی جائے گی، اب جو کوئی اس کی شخصیت پر اعتراض یا نیا نظریہ اختیار کرتا ہوا، الگ ہو جائے تو اُسے وہ سب اسی طرف واپس لائیں گے، جدھر سے وہ منحرف ہوا ہے اور اگر انکار کرے تو اس سے لڑیں گے کیونکہ وہ مومنوں کے طریقہ سے ہٹ کر دوسری راہ پر ہولیا ہے اور جدھر سے وہ پھر گیا ہے، اللہ بھی اسے اُدھر ہی پھیر دے گا۔

اے معاویہ میری جان کی قسم اگر تم اپنی نفسانی خواہشوں سے دور ہو کر عقل کی نظر سے دیکھو، تو سب لوگوں سے زیادہ مجھے عثمان کے خون سے بری پاؤ گے، مگر یہ کہ تم بہتان باندھ کر کھلی ہوئی چیزوں پر پردہ ڈالنے لگو۔ والسلام" اور نصر بن مزاحم کی کتاب صفین مطبوعہ مصر جلد ۱ صفحہ ۳۱ پر ہے کہ نمیر بن وعلہ نے عامر بن شعبی سے نقل کیا ہے کہ جب حضرت علی علیہ السلام بصرہ سے آئے تو انھوں نے جریر کو ہمدان سے کوفہ بلایا اور جب آپ نے معاویہ کی طرف ایلچی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact: jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

ایلچی بھیجنا چاہا تو آپ سے جریر نے کہا کہ آپ مجھے بھیج دیں میں اس کو اس بات کے ماننے پر راضی کرلوں گا اور وہ آپ کے گورنروں میں سے ایک گورنر بن جائے گا اور آپ کی اطاعت کی طرف اہل شام کو بھی دعوت دوں گا اور آپ ان لوگوں کو بالکل میرے ہم وطن اور میری قوم کی طرح پائیں گے اور مجھے امید ہے کہ وہ لوگ آپ کی نافرمانی نہیں کریں گے۔

مالک اشتر نے حضرت علی علیہ السلام سے کہا اس کو نہ بھیجئے اور اس کی بات کو نہ مانئے خدا کی قسم مجھے تو ایسا لگتا ہے کہ اس کی خواہش بھی انھیں (شامیوں) کی خواہشات کی طرح اور اس کی نیت بھی انھیں کی نیت کی طرح ہے۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: چھوڑو دیکھیں یہ کیا کرتا ہے، چنانچہ آپ نے اس کو شام بھیج دیا اور جانے سے پہلے اس سے کہا کہ میرے چاروں طرف رسول اللہ کے اصحاب اہل دین اور اہل رائے ہیں جن کو تم نے دیکھا ہے اور میں نے ان سب کے درمیان تمہارا انتخاب کیا ہے کیونکہ تمہارے بارے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "مِنْ خَيْرِ ذِي يَمَنٍ" "تم یمن کے بہترین افراد میں سے ہو لہٰذا یہ خط لے کر معاویہ کے پاس جاؤ اگر وہ اس بات کو مان جائے جس کو تمام مسلمانوں نے تسلیم کیا ہے تو ٹھیک ہے ورنہ خط دے کر کہہ دینا کہ میں ان کی گورنری سے راضی نہیں ہوں اور نہ دیگر مسلمان اس کے خلیفہ بننے سے راضی ہیں چنانچہ جریر گئے اور معاویہ کے پاس شام پہنچے دربار میں پہنچ کر اس کے سامنے حمد وثنائے الٰہی کی اور پھر کہا: اما بعد اے معاویہ تمہارے ابن عمر کی خلافت پر اہل حرمین، اہل مصرین، اہل حجاز، اہل یمن، اہل مصر اور اہل

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عروض یعنی اہل عمان، اہل بحرین اور اہل یمامہ نے اتفاق کرلیا ہے سوائے اس علاقہ کے جس میں تو رہتا ہے اور اگر اس علاقہ سے سیلاب گزر جائے تو یہ خود بخود غرق ہو جائے گا اور میں تمہارے پاس اس لئے آیا ہوں تا کہ تمہیں اس شخص (حضرت علی علیہ السلام) کی بیعت کی طرف تمہاری راہنمائی کروں اور پھر حضرت علی علیہ السلام کا خط اس کے ہاتھ میں دیدیا جسکا متن یہ تھا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اما بعد: مدینہ والوں نے میری بیعت کر لی ہے لہٰذا شام میں تم پر بھی میری بیعت کرنا واجب ہے کیونکہ میری بیعت ان لوگوں نے کی ہے جن لوگوں نے ابوبکر عمر اور عثمان کی بیعت کی تھی، انھوں نے میرے ہاتھ پر اُسی اصول کے مطابق بیعت کی جس اصول پر وہ ان کی بیعت کر چکے تھے اس بنا پر جو حاضر ہے اسے نظر ثانی کرنے کا حق نہیں، اور جو بروقت موجود نہ ہو اسے رد کرنے کا اختیار نہیں، اور شوریٰ کا حق صرف مہاجرین و انصار کو ہے، وہ اگر کسی پر ایکا کرلیں اور اس کو اپنا خلیفہ بنالیں تو اسی میں اللہ کی رضا وخوشنودی سمجھی جائے گی اب جو کوئی اس کی شخصیت پر اعتراض یا نظریہ اختیار کرتا ہوا الگ ہو جائے تو اسے وہ سب اُسی طرف واپس لائیں گے جدھر سے وہ منحرف ہوا ہے اور اگر انکار کرے تو اُس سے لڑیں گے کیونکہ وہ مومنوں کے طریقہ سے ہٹ کر دوسری راہ پر ہولیا ہے اور جو کچھ اس نے کیا ہے اللہ اس کو وہی دکھائے گا اور اسے جہنم میں ڈال دے گا اور یہ بہت برا راستہ ہے۔

طلحہ وزبیر نے پہلے میری بیعت کی پھر دونوں نے میری بیعت کو توڑ دیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

اوران کی یہ عہد شکنی بیعت مرتد ہونے کے مترادف تھی لہٰذا میں نے ان سے جہاد کیا یہاں تک کہ حق آشکار اور امر الٰہی ظاہر ہو گیا اور وہ حق کو نہیں مان رہے تھے لہٰذا تو اس راہ کو اختیار کر جس کو تمام مسلمانوں نے اختیار کیا ہے میں تمہارے لئے سلامتی اور عافیت چاہتا ہوں مگر یہ کہ تم خود اپنے کو فتنہ میں ڈال دو اور اگر تم نے ایسا کیا تو میں تم سے جنگ کروں گا اور اس سلسلہ میں اللہ سے مدد چاہونگا۔

تم نے قتل عثمان کے بارے میں جو بہت زیادہ شور مچا رکھا ہے خیریت اسی میں ہے کہ جس چیز کو اور لوگوں نے اختیار کیا ہے اسی کو تم بھی اختیار کر لو اور حکومتی امور کو مجھ پر چھوڑ دو میں تمہاری اور ان لوگوں کی ذمہ داری قرآن کریم کی بنا پر ادا کرونگا لیکن وہ چیز جس کے تم خواہاں ہو وہ اس دھوکہ کے مانند ہے جس کو بچہ کو دودھ پینے سے روکنے کے لئے اختیار کیا جاتا ہے۔

میری جان کی قسم اگر تم اپنی عقل کی رو سے اور خواہشات نفس سے ہٹ کر دیکھو گے تو قریش کے درمیان خون عثمان کے بارے میں مجھ کو بے گناہ پاؤ گے!

جان لو کہ تم آزاد کردہ ہو جس کو خلافت کا حق نہیں ہے اور اس بارہ میں شوریٰ بھی کچھ نہیں کر سکتی میں تمہارے پاس باایمان مہاجر جریر بن عبداللہ کو بھیج رہا ہوں تم بیعت کرو 'ولا قوۃ الا باللہ' اور خدا کی قدرت کے علاوہ کوئی قدرت نہیں ہے۔

جب جریر حضرتؑ کا خط پڑھ چکے تو جریر بن عبداللہ نے خداوند عالم کی حمد

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وثنا کے بعد کہا:

اے لوگو! عثمان کے قتل کے معاملہ نے دوسروں کی تو کیا بات وہاں پر موجود لوگوں کو پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے اس وقت انگشت شمار لوگوں کے علاوہ سب نے علی علیہ السلام کی بیعت کر لی ہے انھیں میں طلحہ اور زبیر بھی تھے اگرچہ انھوں نے کسی دلیل کے بغیر بیعت توڑ دی تھی۔ خبردار اس دین میں فتنوں کی کوئی گنجائش نہیں اور اس وقت عرب جنگ کرنے کے لئے آمادہ نہیں ہیں۔

کل بصرہ میں گھمسان کا رن پڑا تھا اگر ایسے حوادث کارگر ہو بھی گئے تو لوگوں میں اب ان کو برداشت کرنے کی سکت باقی نہیں رہ گئی ہے۔

خدا کی قسم اگر ہم حکومت کی باگ ڈور سنبھالنا چاہیں تو ہم اس حکومت کیلئے ان (علی علیہ السلام) کے علاوہ کسی اور کو قبول نہیں کریں گے، جو بھی اس کی مخالفت کرے گا خود دردسر میں مبتلا ہوگا۔ لہٰذا اے معاویہ جس طرح اور لوگوں نے علی کی بیعت کی ہے تم بھی ان کی بیعت کر لو اگر تم یہ کہتے ہو کہ تمھیں عثمان نے یہ منصب عطا کیا ہے اور اس سے معزول بھی نہیں کیا۔ تو ہم یہ کہیں گے کہ اگر تمہاری یہ بات صحیح تسلیم کر لی جائے تو پھر دین خدا میں کچھ بھی باقی نہیں رہے گا چونکہ ہر شخص اس منصب کا دعویدار ہوگا جو پہلے اس کے پاس تھا لیکن خدا نے کسی بھی حاکم کو اس کے پہلے والے حاکم کے فرمان کا مجری نہیں بنایا بلکہ حالات کے مطابق مختلف افراد کو ولایت وحکومت سپرد کی۔

معاویہ نے کہا: اس موضوع کے متعلق تم بھی غور وفکر کرو ہم بھی غور وفکر کرتے ہیں میں عنقریب اہل شام کی رائے [illegible] آگاہ کروں گا [illegible] جب جریر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے تقریر ختم کی تو معاویہ نے مسجد میں لوگوں کو نماز جماعت کیلئے بلایا۔ جب سب جمع ہو گئے تو منبر پر گیا اور طولانی گفتگو کے بعد کہا:

اے لوگو! تم جانتے ہو کہ میں تم پر عمر اور عثمان کا خلیفہ ہوں۔ میں نے تم میں سے کسی کو ذلیل و خوار نہیں کیا میں عثمان کا ولی (خون بہا کا مطالبہ کرنے والا) ہوں وہ مظلوم مارے گئے ہیں اور خداوند عالم کا ارشاد ہے: ﴿ومن قتل مظلوماً ...﴾ یہ جاننا چاہتا ہوں کہ تم لوگوں کی عثمان کے قتل کے بارے میں کیا رائے ہے؟

سب اہل شام نے ایک زبان ہو کر عثمان کے انتقام کی بات کی اس سلسلے میں سب نے اسکی بیعت کی اور اس راہ میں اپنی جان اور مال قربان کرنے کا عہد کیا۔(۱)

۲. امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام اس طرح معاویہ کو آگاہ کرنا چاہ رہے تھے کہ تم نے ابوبکر، عمر اور عثمان کی اطاعت کی ہے اور ان کی خلافت کا صرف اس لئے اعتراف کیا ہے کہ صرف مہاجرین و انصار نے ان کی بیعت کی تھی اور اب

---

۱. محمودی نے اس واقعہ کو نہج السعادہ جلد ۴ صفحہ ۸۹ پر مندرجہ ذیل کتابوں سے نقل کیا ہے: کتاب صفین صفحہ ۲۹ طبع مصر اور صفحہ ۱۸ طبع ایران، اور عقد الفرید جلد ۳ صفحہ ۱۰۶ طبع دوم جس کا عنوان (اخبار علی ومعاویہ من کتاب عسجدۃ الثانیہ فی تواریخ الخلفاء، الامامۃ والسیاسۃ جلد ۱ صفحہ ۹۳، ابن ابی الحدید در شرح مختار (۴۳) من خطب نہج البلاغۃ جلد ۳ صفحہ ۷۵ اور اس کو ابن عساکر نے تاریخ دمشق جلد ۵۶ صفحہ ۱۹۷ اور یہ روایت کلبی صفحہ ۶۰ پر تحریر کیا گیا ہے۔

http://fb.com/ranajabirabbas

ان ہی لوگوں نے میری (حضرت علی علیہ السلام) بیعت کر لی ہے لہٰذا تمھیں بھی میری بیعت کر لینا چاہئے اور آپ کا یہ فرمان:

فان اجتمعوا علی رجل وسموہ اماما کان
ذالک للہ رضی

اگر وہ لوگ ایک شخص پر اجماع کر لیں اور اسکو اپنا امام مان لیں تو اسی میں خدا کی رضا ہے اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا ہے کہ آپ ابوبکر اور عمر کی خلافت کو صحیح سمجھتے تھے تاکہ یہ بات نص رسول کے معارض ہو جائے۔

اگر ہم یہ تسلیم کر لیں کہ جس کی بیعت پر مہاجرین اور انصار اجماع کر لیں اس کی حکومت شرعی اور قانونی ہے تو پھر اس کا مطلب یہ ہے کہ امت کے تمام مہاجرین اور انصار کسی ایک شخص کی بیعت پر اجماع کریں اور حکومت سے مراد اس وقت کی وہ امت اسلامیہ ہے جو کسی گمراہی پر اجماع نہیں کرتی، اسی میں اہل بیتؑ شامل ہیں جن کے گمراہی سے بچنے کی خود رسول اللہؐ نے خبر دی ہے۔

امیر المومنینؑ، معاویہ کو اس حقیقت سے آگاہ کرنا چاہتے تھے کہ تم طلقاء، آزاد شدہ لوگوں میں سے ہو اور تمہارا اس امت میں شمار نہیں ہوتا جن کا اجماع حجت ہے یہ نہ مہاجرین میں سے ہیں نہ انصار میں سے ہیں لہٰذا تمہارے مخالفت کرنے سے تو اجماع پر کوئی اثر پڑنے والا نہیں ہے اور جس اجماع کا حضرت علی علیہ السلام نے تذکرہ فرمایا ہے ایسا اجماع کسی کی خلافت پر بھی امکان پذیر نہ ہو سکا نہ ابوبکر کی خلافت پر نہ عمر کی خلافت پر۔ نہ عثمان کی خلافت پر، اور نہ ہی حضرت علی علیہ السلام کی خلافت پر کیونکہ اس قسم کے اجماع میں ایک

Contact: jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

شخص کی مخالفت سے اجماع باطل ہوجاتا ہے اور یہ بالکل واضح و روشن ہے کہ ان میں سے ہر ایک کی خلافت پر ایک گروہ نے مخالفت کی تھی۔

میر حامد حسین ہندی اس بارے میں عبقات الانوار جلد ۳ صفحہ ۲۹۹ میں تحریر کرتے ہیں:

دہلوی صاحب کا یہ کہنا کہ اگر یہ حدیث ثقلین عترت کی امامت کو ثابت کرتی ہے تو پھر شیعوں کے نزدیک حضرت علی علیہ السلام سے مروی متواتر حدیث کہ ''شوریٰ مہاجرین اور انصار کے لئے ہے'' کیسے صحیح ہوگی؟

میں کہتا ہوں کہ اس کے غلط ہونے کی چند وجہیں ہیں:

۱. ہم ثابت کرچکے ہیں کہ حدیث ثقلین بارہ اماموں کی امامت پر دلالت کرتی ہے۔ اس کے لئے ہم نے مستحکم دلائل اور روشن براہین بیان کردی ہیں جن کے بعد کسی شک و شبہ کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہ جاتی ہے۔ لہٰذا دہلوی کا شک کرنا بے بنیاد ہے۔

۲. ان کا اس جملہ ''شوریٰ کا حق فقط مہاجرین اور انصار کو ہے'' کو حدیث کہنا لوگوں کو دھوکہ دینا ہے کیونکہ آپ کا یہ جملہ کتب سیرت اور تاریخ میں اس خط میں موجود ہے جو آپ نے معاویہ کے نام تحریر فرمایا تھا اور یہ اس لئے پیش کیا تھا کیونکہ وہ (معاویہ) اس کو تسلیم کرتا تھا۔

۳. اس جملہ کے متعلق یہ کہنا کہ یہ حدیث شیعوں کے نزدیک متواتر ہے بالکل غلط ہے۔

۴. یہ جملہ حدیث ثقلین کے منافی نہیں ہے کیونکہ سارے مہاجرین اور

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انصار کو ثقلین کا اتباع کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ لہٰذا اگر وہ قرآن و عترت کی راہنمائیوں کے ذریعہ کسی کی امامت پر اجماع کرلیں تو اسکی امامت صحیح ہے اور یہ بات واضح ہے کہ اس طرح کا اجماع اہل بیتؑ میں سے حضرت علی علیہ السلام کے علاوہ کسی اور کو نصیب نہیں ہوا اسی سے دوسروں کی خلافت کا باطل ہونا بھی ثابت ہوجاتا ہے۔

۵. جس بات پر مہاجرین اور انصار اجماع کریں وہ یقیناً حق ہے کیونکہ اہل بیتؑ بھی مہاجرین میں سے تھے بلکہ اجماعی طور پر مہاجرین کے امام اور پیشوا ہیں لہٰذا اس اجماع کی اتباع کرنا حدیث ثقلین کی روشنی میں قرآن اور عترت دونوں سے تمسک کرنا ہے اور ان دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے۔

۶. یہ جملہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ تمام انصار و مہاجرین سے مشورہ کرنا ضروری ہے اور اس میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے کہ ابوبکر کی بیعت مشورہ سے نہیں ہوئی تھی بلکہ بقول عمر ابوبکر کی بیعت ناگہانی طور پر ہوئی تھی پھر بھی خدا نے اس کے شر سے بچالیا۔ پھر عمر نے کہا کہ اگر آئندہ کسی نے یہ راہ اختیار کی تو بیعت کرنے والے اور جس کی بیعت کی گئی ہے دونوں کو قتل کردیا جائے۔

چنانچہ بخاری حضرت عمر کے آخری حج کے موقع پر ان کے اور عبدالرحمن بن عوف کے درمیان ہونے والی گفتگو کو یوں نقل کرتے ہیں: ''ہم سے عبد العزیز بن عبد اللہ نے بیان کیا انھوں نے ابراہیم بن سعد سے انھوں نے صالح سے انھوں نے ابن شہاب سے انھوں نے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود سے اور انھوں نے ابن عباس سے ... کہ میں مہاجرین

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com

کے کچھ افراد جن میں عبدالرحمٰن بن عوف بھی تھا کو قرآن پڑھاتا تھا، ایک دن میں منیٰ میں ان کے گھر میں تھا اور وہاں پر عمر بن خطاب بھی موجود تھے ان کا یہ آخری حج تھا عبدالرحمٰن نے میرے پاس آ کر کہا: اے کاش ہم اس شخص کو دیکھتے جو آج امیر المومنین کے پاس آ کر کہہ رہا تھا: اے امیر المومنین فلاں شخص کے بارے میں کیا رائے ہے جو یہ کہتا ہے کہ اگر عمر مرگئے تو میں فلاں کی بیعت کرونگا کیونکہ خدا کی قسم ابوبکر کی بیعت ناگہانی طور پر ہوئی تھی جس کے شر سے خدا نے بچالیا۔

عمر نے اس بات سے غضبناک ہو کر کہا: آج رات میں لوگوں سے خطاب کرونگا جس میں اس سازش کے کرنے والوں اور لوگوں کے حقوق غصب کرنے والوں کے بارے میں بھی بتاؤں گا۔

عبدالرحمٰن نے کہا: اے عمر ایسا کام نہ کیجئے چونکہ یہ حج کا موسم ہے لوگوں کا ازدحام ہے اور اکثر لوگ آپ کے ماننے والے ہیں مجھے ڈر ہے کہ کہیں آپ تقریر میں ایسی باتیں نہ کہہ جائیں جن کو یہ لوگ نہ سمجھ پائیں لہٰذا مدینہ پہنچنے تک صبر کیجئے کیونکہ مدینہ دارالہجرت اور دارالسنۃ ہے آپ وہاں پر رہنے والے فقہاء اور عظیم شخصیتوں کی ایک میٹنگ کیجئے اور جو کچھ کہنا ہو ان کے سامنے کہئے اس لئے اہل علم حضرات آپ کی باتیں سنیں گے اور ان سے صحیح نتیجہ اخذ کریں گے۔

عمر نے کہا: خدا کی قسم مدینہ میں پہلی ہی تقریر میں یہ باتیں بیان کرونگا۔

ابن عباس کا بیان ہے کہ: ہم ذی الحجہ کے آخر میں مدینہ پہنچے جمعہ کے دن

زوال کے وقت جلدی سے مسجد میں پہونچے منبر کے پاس سعید بن زید بن نفیل بیٹھے ہوئے تھے۔ میں بھی اس کے کندھے سے کندھا ملا کر بیٹھ گیا یہاں تک کہ عمر آئے جب میں نے ان کو آتے دیکھا تو سعید بن زید سے کہا کہ وہ آج ایسی تقریر کریں گے جیسی آج تک نہیں کی ہے اس نے میری بات کو نہیں مانتے ہوئے کہا: ہمیں ایسی امید نہیں ہے کہ وہ آج ایسی بات کریں جو آج تک نہ کی ہو۔ عمر منبر پر گئے اور موذن کے اذان ختم کرتے ہی کھڑے ہو کر خدا کی حمد وثنا کے بعد کہا:

میں تم کو کچھ باتیں بتانا چاہتا ہوں شاید یہ میری آخری تقریر ہو۔ لہٰذا جو بھی میری بات کو صحیح سمجھ جائے جہاں تک اسکے لئے ممکن ہو وہ اس کو دوسروں تک پہنچائے اور جو نہ سمجھ پائے اس کو میری اجازت نہیں ہے کہ وہ ان کو بیان کر کے مجھ پر بہتان باندھے۔ خداوند عالم نے محمدؐ کو حق کے ساتھ مبعوث کیا ان پر کتاب نازل کی، جن چیزوں کو خداوند عالم نے آپ پر نازل کیا ان میں ایک آیت رجم ہے ہم نے اس کو پڑھا اور اچھی طرح سمجھا لہٰذا آنحضرتؐ نے بھی اس حد کو جاری کیا اور آنحضرتؐ کے بعد ہم نے بھی جاری کیا لیکن مجھے ڈر ہے کہ زمانہ کے گذرنے کے بعد کہیں لوگ اس آیت رجم کا انکار کر بیٹھیں! اس طرح خداوند عالم کی نازل کردہ اس فضیلت کا انکار کر کے گمراہ ہو جائیں قرآن کریم میں رجم کا حکم شادی شدہ مرد اور عورت کے لئے ہے اور یہ حکم اس وقت ثابت ہوگا جب شاہد شہادت دیں یا عورت حاملہ ہو یا وہ خود اعتراف کریں۔

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم نے خدا کی کتاب میں پڑھا ہے کہ اپنے والدین سے روگردانی نہ کرو کیونکہ یہ کفر ہے۔۔ اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے "میرے بارے میں عیسیٰ بن مریم کی طرح غلو نہ کرنا مجھ کو صرف خدا کا بندہ اور اس کا رسول کہنا اور مجھے یہ خبر ملی ہے کہ تم میں سے کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اگر عمر مر جائے تو ہم فلاں شخص کی بیعت کرینگے! اور دیکھو تم ان افراد کے دھوکہ میں نہ آ جانا کہ ابوبکر کی بیعت ناگہانی طور پر ہوئی تھی آگاہ ہو جاؤ ہے تو ایسا ہی لیکن خدا نے اس کے شر سے بچائے رکھا اور تم میں کوئی ایسا شخص نہیں ہے جس کی طرف ابوبکر کی طرح گردنیں بلند ہوں لہٰذا جو شخص بھی مسلمانوں کے مشورہ کے بغیر کسی کی بیعت کرے گا تو بیعت کرنے والے اور جس کی بیعت کی جائے دونوں کو قتل کر دیا جائے گا جب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد انصار نے ہماری مخالفت کی تو وہ سب کے سب سقیفہ میں جمع ہوئے علی علیہ السلام اور زبیر اور ان کے ساتھیوں نے ہمارا ساتھ نہیں دیا"(۱)

قارئین کرام آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ خود عمر نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ ابوبکر کی بیعت کی مخالفت ہوئی تھی اور اس خلافت پر مہاجرین اور انصار کا اجماع نہیں تھا جو خدا کی خوشنودی کا باعث ہوتا لہٰذا اہل سنت حضرت علی علیہ السلام کے بیان سے جو استفادہ کرنا چاہ رہے تھے وہ ان کو حاصل نہ ہو سکا۔

۱. [illegible] ج ۳ صفحہ ۲۹۹

http://fb.com/ranajabirabbas

مجلسیں اور تعزیہ برآمد کرنے پر کیا دلیلیں ہیں؟

سوال ۳۹

تعزیہ بنانا کس امام کا فعل ہے معتبر کتاب کا حوالہ درکار ہے؟

سوال ۴۰

اگر تعزیہ بنانا اور اس پر موجودہ طرز کی عزاداری کرنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا حضرت علی علیہ السلام سے ثابت ہو تو براہ کرم ارشاد فرمائیں لیکن صحیح حوالہ کے ساتھ؟

جواب ۳۹ ، ۴۰

ہم نے حضرت امام حسین علیہ السلام کی عزاداری کو رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سیکھا ہے ہماری اور آپ کی کتابوں میں منقول ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ: امت عنقریب میرے فرزند حسین کو قتل کر دے گی آپ کے قتل ہونے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

کے پچاس سال پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امام حسین علیہ السلام پر گریہ وبکا کیا تھا۔ یہ حدیث شرایط شیخین کے مطابق صحیح ہے لیکن انھوں نے نقل نہیں کیا ہے۔

حاکم "مستدرک علی الصحیحین جلد ۳ صفحہ ۱۷۶ پر یوں رقمطراز ہیں:

ام الفضل کہتی ہیں کہ:(۱)

ایک دن میں نے رسول اللہ کی خدمت میں حاضر ہوکر عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آج رات میں نے ایک عجیب خواب دیکھا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا وہ خواب کیا تھا؟ ام الفضل نے کہا بہت ڈراونا خواب تھا۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

بتاؤ تو کیا ہے؟ ام الفضل نے کہا: آپ کے جسم کا ایک حصہ جدا ہوکر میری آغوش میں آگرا آپ نے فرمایا: نیک خواب ہے انشاءاللہ خداوند عالم جناب فاطمہؑ کو ایک بچہ عطا کرے گا۔ جو تمہاری آغوش میں پرورش پائے گا۔ چنانچہ جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے بطن سے امام حسین علیہ السلام کی ولادت ہوئی اور ارشاد رسولؐ کے مطابق بچے نے میری آغوش میں پرورش پائی، ایک دن میں آپ کی خدمت میں پہنچی تو میں نے حسین علیہ السلام کو آپ کی آغوش میں دیدیا کچھ دیر کے بعد جب میں نے غور سے دیکھا تو آپ کی آنکھوں سے اشک جاری تھے

۱۔ ہم کو ابو عبداللہ محمد بن علی جوہری نے بغداد میں بتایا انھوں نے ابوالاحوص محمد بن ھشیم قاضی سے انھوں نے اوزاعی سے انھوں نے ابو عمار شداد بن عبداللہ سے اور انھوں نے ام الفضل [illegible] نقل کیا ہے۔

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں نے آپ سے پوچھا میرے ماں اور باپ آپ پر قربان ہوجائیں کیا بات ہے؟ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جبرئیل میرے پاس آئے اور انھوں نے مجھے خبر دی ہے کہ عنقریب میری امت میرے اس بیٹے کو قتل کردے گی میں نے کہا: اسی بچہ (امام حسین علیہ السلام) کو!؟ فرمایا: ہاں اور اس وقت مجھے آپ نے سرخ مٹی دی! یہ حدیث شرائط شیخین کے مطابق صحیح ہے لیکن انھوں نے اسے نقل نہیں کیا ہے"

لیکن بڑے تعجب کی بات ہے کہ خداوند عالم جبرئیل کے ذریعہ اس مصیبت کی خبر دے، امت کے کارناموں سے آپ کو آگاہ کرے اور جس سرزمین پر انھیں قتل کیا جائے گا وہاں کی مٹی بھیجے اور پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس مصیبت پر آنسو بہائیں مگر اہل سنت حضرات ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاسی نہیں کرتے ہیں اور نہ ہی امام حسین علیہ السلام کی عزاداری برپا کرتے ہیں۔

۲۔ شاید آپ کو نہیں معلوم کہ انبیاءؑ، اولاد انبیاءؑ اور اوصیاء کے متعلق محبت کا اظہار کرنا عبادت اور سنت حسنہ ہے اور شاید آپ لوگوں نے وہ آیت نہیں پڑھی جس میں یہ بیان ہوا ہے کہ یعقوبؑ یوسفؑ کے فراق میں مدتوں گریہ فرماتے رہے جیسا کہ قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے:

وَتَوَلّٰی عَنْھُمْ وَقَالَ یَاۤاَسَفٰی عَلٰی یُوْسُفَ وَابْیَضَّتْ عَیْنَاہُ مِنَ الْحُزْنِ فَھُوَ کَظِیْمٌ (۱)

۱۔ سورۂ یوسف، آیت ۸۴

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

"یہ کہہ کر انھوں نے سب سے منھ پھیر لیا اور کہا کہ افسوس ہے یوسف کے حال پر اور اتنا روئے کہ آنکھیں سفید ہو گئیں اور غم کے گھونٹ پیتے رہے"

۳۔ نبی اکرم ﷺ کے قول و فعل، اور تقریر کے بعد ہمارے لئے ائمہ کا قول و فعل اور تقریر حجت ہے چونکہ آنحضرتؐ کا یہ فرمان ہے کہ:

انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی اھل بیتی

"میں تمہارے درمیان دو گرانقدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں ایک کتاب خدا اور دوسرے میری عترت جو میرے اہل بیتؑ ہیں"

اور حسین علیہ السلام مظلوم پر گریہ و بکا اور ان کے غم میں عزاداری کرنا مستحب ہے اس سلسلہ میں ائمہؑ اطہار سے متعدد احادیث مروی ہیں لہٰذا ہم آپ پر گریہ و بکا کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ امام حسین علیہ السلام کی مصیبت کے علاوہ کسی میت پر جزع و فزع کرنا صحیح نہیں ہے۔

۴۔ اس فقہی قاعدہ:

کُلُّ شَیْءٍ لَک حلال حَتّی تَعْلَمَ انَّهُ حَرامٌ

"تمہارے لئے ہر چیز حلال ہے جب تک تم کو اس کے حرام ہونے کا علم نہ ہو جائے" کی رو سے بھی مختلف ممالک میں امام حسین علیہ السلام کی یاد میں کی جانے والی عزاداری ایک جائز فعل ہے۔

واقعۂ کربلا کے راوی کون ہیں؟

سوال ۴۱

جب امام زین العابدین علیہ السلام کے علاوہ عترت رسول مقبول ﷺ کے سب افراد شہید ہو گئے تھے اور حضرت زین العابدین علیہ السلام بحالت مرض خیمہ کے اندر تھے اور مستورات کے چہروں پر برقعے تھے۔ کسی کو حضرت امام حسین علیہ السلام کی طرف سے باہر جھانکنے اور خیمہ سے باہر آنے کی اجازت نہ تھی، تو فرمائیے دسویں محرم کے حالات کس راوی نے ہم تک پہنچائے ہیں؟

جواب ۴۱

واقعہ کربلا لشکر یزید کے دسیوں سپاہیوں اور اہلبیتؑ کے متعدد افراد اور متعدد ساکنین کربلا کے سامنے رونما ہوا تھا۔ اس واقعہ کو اہل سنت اور شیعہ دونوں کے راویوں نے نقل کیا ہے بلکہ اس واقعہ کے بارے میں [illegible] مستقل کتاب

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

لکھی گئی تھی تاریخ وحدیث آشنا افراد کو اچھی طرح معلوم ہے کہ واقعہ کربلا ان واقعات میں سے ہے جس کو مورخین اور راویوں نے بہت تفصیل سے نقل کیا ہے اور اکثر کتب تاریخ میں محفوظ ہے۔

ان کے علاوہ اہل بیت پیغمبر ﷺ میں سے امام زین العابدین اور جناب زینبؑ ہیں جو واقعہ کربلا کی عینی شاہد ہیں۔

یہ کہنا درست نہیں ہے کہ اہل حرم اس واقعہ کے عینی شاہد نہیں ہیں کیونکہ متعدد واقعات ان کی آنکھوں کے سامنے رونما ہوئے تھے اور خود آپ کی اپنی حدیث کی کتابوں میں ان واقعات کو درج کیا گیا ہے چنانچہ اگر آپ ان کا مطالعہ کریں گے تو میری بات کی تائید کریں گے۔

کیا یزید نے امام حسین علیہ السلام کے قتل کا حکم دیا تھا؟

سوال ۴۲

کیا یہ صحیح ہے کہ امام حسین علیہ السلام کو یزید بن معاویہ نے قتل کرایا تھا؟ جبکہ بیان کیا گیا ہے کہ یزید نے آپ کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا بلکہ یزید کے کچھ وظیفہ خواروں نے آپ کو قتل کیا تھا! اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

جواب ۴۲

۱. تاریخ اور حدیث کے ماہرین کا اتفاق ہے کہ یزید نے مدینہ میں اپنے گورنر کو یہ حکم دیا تھا کہ امام حسین علیہ السلام سے زبردستی بیعت لے اور اگر وہ انکار کریں تو ان کو قتل کر دے۔

جب آپ حاکم مدینہ کے خطرہ کے پیش نظر اپنی جان کی حفاظت کے مقصد سے مکہ مکرمہ تشریف لے گئے تو یزید نے آپ کو [illegible] قتل کرانے کا

Contact: jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

کیلئے آدمی بھیجے چاہے آپ خانہ کعبہ کے پاس ہی کیوں نہ ہوں۔ جب امام حسین علیہ السلام عراق پہنچے تو یزید نے ابن زیاد کو کوفہ کا گورنر بنا کر اس کو حکم دیا کہ وہ حسین علیہ السلام کا ڈٹ کر مقابلہ کرے، ان سے یزید کی بیعت کے علاوہ کچھ قبول نہ کرے، اگر انکار کریں تو ان کو قتل کر دے، ان پر گھوڑے دوڑائے اور ان کا سر میرے (یزید کے) پاس بھیج دے۔ پانچ مہینوں سے زیادہ مدت تک یعنی نصف رجب سے (جس دن معاویہ کا انتقال ہوا) دس محرم تک یزید حجاز و عراق میں موجود اپنے گورنروں سے خط و کتابت کرتا رہا۔

لہٰذا جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ ابن زیاد نے یزید کے کہے بغیر امام حسین علیہ السلام کے قتل کا حکم دیا تھا وہ یا تو جاہل ہے یا ہٹ دھرم ہے۔

۲. تعجب تو یزید سے محبت کرنے والوں پر ہوتا ہے جو ہٹ دھرمی کے ذریعہ یزید کے دامن پر لگے ہوئے خون کے دھبہ کو مٹانا چاہتے ہیں کیا ان کو اس چیز پر تعجب نہیں ہوتا کہ یزید فاسق، شرابی، کتوں اور بندروں سے کھیلنے والا تارک الصلاۃ اور اپنی محرم خواتین سے نکاح کرتا تھا!

اگر یزید کے طرفداروں کو میری اس بات پر یقین نہ آتا ہو کہ امام حسین علیہ السلام کے قتل کا ذمہ دار یزید تھا تو ان کو ذہبی کی تاریخ اسلام اور تاریخ ابن کثیر کا مطالعہ کرنا چاہئے یہ دونوں مذہب کے اعتبار سے حنبلی اور ابن تیمیہ کے چاہنے والے تھے ان کے علاوہ طبری، ابن اثیر، ابن خلدون اور ابن عساکر و غیرہ... کی تاریخوں کی طرف رجوع کریں جن میں یزید کے گھناؤنے افعال مرقوم ہیں۔

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہمارے نکتۂ نظر سے اس فکر کے بانی ابن تیمیہ ہیں جنھوں نے اہل بیتؑ سے تعصب میں کتب احادیث، تاریخ اور حتی اپنے ہم مسلک علماء کے نظریات سے چشم پوشی کرتے ہوئے یزید کو امام حسین علیہ السلام کے قتل سے بری الذمہ کرنے کی پوری کوشش کی ہے!

چنانچہ ابن تیمیہ اپنی کتاب رأس الحسین صفحہ ۲۰۷ پر رقمطراز ہیں: یزید حسین علیہ السلام کے قتل پر خوش نہیں ہوا تھا بلکہ اس نے آپ کے قتل پر دکھ کا اظہار کیا تھا لیکن خداوند عالم اس کی نیت کو بہتر جانتا ہے۔ ہاں اتنا ضرور ہے کہ یزید نے قتل حسین علیہ السلام کا حکم نہیں دیا تھا لیکن اس نے حسین علیہ السلام کے قاتلوں سے انتقام بھی نہیں لیا تھا اور نہ ہی ان کو کوئی سزا دی تھی کیونکہ انھوں نے یزید کی حکومت بچانے کی خاطر یہ قدم اٹھایا تھا اور نہ یزید نے امام حسین علیہ السلام اور ان کے اہل بیتؑ کا حق ادا کیا تھا نہ ہی اس سے عدالت اور نیک سیرت کا کوئی نمونہ دیکھنے کو ملا جس سے اس کی تحسین کی جا سکے اور نہ کسی نے یہ ادعا کیا ہے کہ وہ ایسا بدکار آدمی تھا جس کی بنا پر وہ حد شرعی کا مستحق ہوتا البتہ اہل حرہ کے واقعہ کے بارے میں یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ اس نے یہ عمل دشمنی کی بنیاد پر انجام دیا تھا۔

مذکورہ عبارت کے آخری جملہ سے معلوم ہوتا ہے کہ دشمنی کی وجہ سے ابن تیمیہ کو امام حسین علیہ السلام کے قتل کئے جانے کے متعلق شک تھا اس کے باوجود اس نے یزید کو اپنی پیچ دار باتوں کے ذریعہ بچانے کے لئے کہا ہے کہ اس نے امام حسین علیہ السلام کے قتل کا حکم نہیں دیا تھا بلکہ یہ کہا تھا کہ اگر [illegible] کریں تو قتل کر دینا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

کیا یہ حکم نہیں ہے اگر چہ ابن تیمیہ نے یزید پر لعنت بھیجنے کو جائز قرار دیا ہے۔ وہ مدینہ کی تباہی اور اصحاب کی قتل و غارت کی وجہ سے امام حسین علیہ السلام کے قتل کی وجہ سے نہیں ذرا دیکھئے بدتوفیقی کا آخری انجام!

ابن تیمیہ نے اپنی کتاب راس الحسین صفحہ ۲۰۵ پر لکھا ہے کہ یزید نے متعدد غلط کام بھی انجام دئے تھے جیسے واقعہ حرہ ایک صحیح روایت میں علی علیہ السلام کے ذریعہ پیغمبر کی یہ حدیث نقل ہوئی ہے: مدینہ حرم ہے لہٰذا جو اس کے اندر کوئی غلط کام کرے یا کسی غلط کام کرنے والے کو پناہ دے اس پر خدا ملائکہ اور تمام لوگوں کی لعنت ہے اس سلسلہ میں اس کا کوئی نیک کام قبول نہ ہوگا نیز فرمایا: جو شخص اہل مدینہ کے بارے میں برے ارادے رکھے خداوند عالم اس کو اس طرح نابود کرے گا جس طرح پانی میں نمک نابود ہو جاتا ہے۔

اسی لئے امام احمد بن حنبل سے سوال کیا گیا آپ یزید سے حدیث نقل کر سکتے ہیں؟ کہا نہیں، کیا یہ وہی شخص نہیں ہے جس نے اہل حرہ کے ساتھ کیا ناروا سلوک کیا تھا۔ ان سے کہا گیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم یزید سے محبت رکھتے ہیں؟ انھوں نے کہا: کیا خدا اور قیامت پر ایمان رکھنے والا یزید سے محبت رکھ سکتا ہے؟ امام احمد کے بیٹے نے ان سے کہا کہ پھر کس لئے اس پر لعنت نہیں بھیجتے تو جواب میں کہا: تم نے کبھی اپنے باپ کو کسی پر لعنت بھیجتے دیکھا ہے۔

۳۔ یزید کو بری الذمہ کرنے کی ابن تیمیہ کی ساری کوششیں بے کار ہیں کیونکہ تمام مذاہب کے علمانے یزید کو امام حسین علیہ السلام کے قتل کا ذمہ دار ٹھہرایا ہے اور یزید سے بیزاری کا اظہار کیا ہے اس پر لعنت بھیجنے کے جواز کا فتوا دیا ہے۔

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعض نے اس کو کافر قرار دیا ہے ملاحظہ فرمائیے:

الف: حنبلی بزرگ عالم دین ابن جوزی نے یزید پر لعنت اور اس سے اظہارِ برائت کے واجب ہونے کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے اور اسکا نام ''الرد علی المتعصب العنید المانع من ذم یزید'' رکھا یعنی ''اس متعصب دشمن کا جواب جس نے یزید کی مذمت سے انکار کیا'' اس میں یہ ثابت کیا ہے کہ یزید ہی امام حسین علیہ السلام کے قتل کا اصل ذمہ دار تھا اور امام احمد بن حنبل وغیرہ کے فتویٰ کو یزید پر لعنت کے بارے میں بیان کیا ہے۔

قندوزی نے ینابیع المودۃ جلد ۳ صفحہ ۳۳ میں لکھا ہے کہ ''ابن جوزی نے اپنی کتاب ''الرد علی المتعصب العنید المانع من ذم یزید'' میں کہا ہے کہ کسی نے مجھ سے یزید کے بارے میں سوال کیا میں نے جواب دیا کہ اس کے کارنامہ معروف ہیں، پوچھا: کیا اس پر لعنت کرنا جائز ہے؟ میں نے جواب دیا: پرہیز گار علماء نے اس کی اجازت دی ہے اور ان ہی میں امام احمد بن حنبل بھی ہیں جنھوں نے یزید کے بارے میں ایسی بات کہی ہے جو لعنت سے بھی بڑھ کر ہے۔

پھر ابن جوزی نے قاضی ابویعلی سے نقل کیا ہے کہ انھوں نے اپنی کتاب ''المعتمد فی الاصول میں سے صالح بن امام احمد بن حنبل سے روایت کی ہے کہ میں نے اپنے والد سے پوچھا: بعض لوگ ہماری طرف یزید کی دوستی کی نسبت دیتے ہیں؟ کہا: کیا کوئی خدا پر ایمان رکھنے والا یزید سے دوستی رکھ سکتا ہے کیوں نہ اس پر لعنت کریں جس پر خدا نے قرآن میں لعنت کی ہے؟ میں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

نے پوچھا: کس آیت میں؟ کہا: یہ آیت (فهل عسيتم ...) (سورۂ محمد آیت ۲۲،۲۳) کیا قتل سے بڑھ کر کوئی فساد ہے؟ ابن جوزی کا بیان ہے کہ: قاضی ابویعلی نے ایک کتاب لکھی ہے جس میں لعن کے مستحقین کو بیان کیا ہے ان میں یزید کا بھی ذکر ہے۔ پھر یہ حدیث نقل کی ہے کہ ''جو اہل مدینہ کو ناحق ڈرائیگا اس پر خدا، ملائکہ اور تمام انسانوں کی لعنت ہے۔

شیخ عباس قمی ''الکنی والالقاب جلد ۱ صفحہ ۹۲'' پر لکھتے ہیں کہ ابن جوزی کا کہنا ہے: جب میرے دادا ابوالفرج نے بغداد میں منبر پر بزرگ علماء اور امام ناصر (عباسی خلیفہ) کے سامنے یزید پر لعنت بھیجی تو بہت سے کج فکر افراد اس مجلس سے اٹھ کھڑے ہوئے تو میرے دادا نے کہا:

اَلَابُعْدًالِلْمَدْيَنَ كَمَابَعِدَتْ ثَمُوْدُ (۱)

''سن رکھو کہ جس طرح ثمود (خدا کی بارگاہ سے) دھتکارے گئے اسی طرح اہل مدین کو بھی دھتکار ہوئی''

ہمارے بعض اساتذہ نے ہم سے نقل کیا ہے کہ اس دن ایک جماعت نے میرے دادا سے یزید کے بارے میں سوال کیا تو انھوں نے کہا اس شخص کے بارے میں کیا پوچھتے ہو جس نے تین سال حکومت کی اور پہلے ہی سال میں امام حسین بن علی علیہ السلام کو قتل کیا دوسرے سال اہل مدینہ کے خون کی ہولی کھیلی اور تیسرے سال کعبہ کو منہدم کرایا۔ لوگوں نے کہا: ہم اس پر لعنت کر سکتے ہیں تو

۱۔ سورۂ ہود آیت ۹۵

http://fb.com/ranajabirabbas

دادا نے کہا پس لعنت کرو!

میرے (جد) دادا نے اپنی کتاب ''الرد علی المتعصب العنيد'' یعنی متعصب دشمن کا جواب'' میں تحریر کیا ہے: حدیث میں ہے کہ جس نے یزید کے کرتوت کا کوئی دسواں حصہ بھی انجام دیا وہ ملعون ہے پھر لعنت کے مستحق لوگوں کی فہرست بیان کی جیسے خال کوبی کرنے والے، سود دینے والے، سود کھانے والے اور شراب بنانے اور پینے والے۔

ہیثمی نے مجمع الزوائد جلد ۹ صفحہ ۱۹۳ پر راویوں کی توثیق کرتے ہوئے یوں تحریر کیا ہے: ضحاک کا کہنا ہے کہ جب حسین بن علی علیہ السلام حکومت یزید سے ناراض ہو کر کوفہ کی طرف تشریف لے گئے تو یزید نے کوفہ کے گورنر ابن زیاد کو خط لکھا کہ مجھے یہ خبر ملی ہے کہ حسین علیہ السلام کوفہ کی طرف چلے گئے ہیں لہٰذا تمام زمانوں میں تیرا زمانہ اور تمام شہروں میں تیرا شہر اور تمام عمال کے درمیان تو امتحان کے مرحلہ میں ہے۔ اس مرحلے کے گذرنے کے بعد انسان آزاد ہو جاتا ہے یا اس کی گردن میں غلامی کا طوق پڑ جاتا ہے۔ چنانچہ ابن زیاد نے انھیں قتل کیا اور ان کا سر یزید کو بھیج دیا جب وہ سر یزید کے سامنے رکھا گیا تو اس نے حصین بن حمام مری کا یہ شعر پڑھا:

نفلق هامامن رجال احبة الينا وهم كانوا اعقّ

۱۔ اس روایت کو طبرانی نے معجم کبیر جلد ۳ صفحہ ۱۱۵، ابن عساکر نے تاریخ دمشق جلد ۱۴ صفحہ ۲۱۳، ذھبی نے سیر اعلام النبلاء جلد ۳ صفحہ ۳۰۵، اور ابن کثیر نے نہایہ جلد ۸ صفحہ ۔۔۔ پر نقل کیا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

واظلما (۱)

''ہم ایسے عزیزوں کے سرتن سے جدا کرتے ہیں حالانکہ انھوں نے اپنے رفتار وکردار کے ذریعہ خود پر ظلم کیا اور ہم سے عاق ہوگئے''

ذہبی سیر اعلام النبلاء جلد ۴ صفحہ ۳۷ پر یزید کے حالات زندگی کے بارے میں اس طرح تحریر کرتے ہیں: وہ طاقتور، شجاع، چالاک، ہوشیار، ذہین، فصیح بیان اور اچھا شاعر تھا، لیکن اسی کے ساتھ ساتھ وہ سخت دشمن علی، بد خلق، تند خو، شرابی اور منکرات کا دلدادہ تھا، اسکی حکومت کا آغاز قتل امام حسین علیہ السلام سے اور انجام واقعہ حرہ پر ہوا جس کی وجہ سے لوگ اس سے ناراض ہوگئے، وہ بابرکت زندگی سے محروم تھا، امام حسین علیہ السلام کے بعد متعدد لوگوں نے اس کے خلاف خروج کیا جیسے اہل مدینہ اور مکہ میں مرداس بن ادیہ حنظلی بصری، نافع بن ارزق، طواف بن معلی سدوسی اور ابن زبیر نے قیام کیا تھا۔

آلوسی نے اپنی تفسیر جلد ۲۶ صفحہ ۷۳ پر قرآن کی اس آیت:

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ
وَتُقَطِّعُوْا اَرْحَامَكُمْ

کی تفسیر میں تحریر کیا ہے: جو لوگ کہتے ہیں کہ یزید نے کچھ نہیں کیا اور اس پر لعنت کرنا جائز نہیں ہے ایسے لوگوں کو یزید کے انصار و مددگاروں میں شمار کرنا چاہئے میں کہتا ہوں کہ یہ خبیث حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کا منکر تھا، اس نے حرم خدا، نبی کے اہل حرم اور عترت اطہار کے ساتھ ان کی زندگی اور مرنے کے بعد جو کچھ ناروا برتاؤ کیا ہے وہ قرآن مجید کے ورق کو غلاظت

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

میں ڈالنے سے کم نہیں تھا میرے خیال میں یہ باتیں کسی انسان پر پوشیدہ نہ ہوں گی البتہ وہ لوگ یزید کے خوف سے ساکت رہے ہوں گے۔

اس سلسلہ میں وہ مزید لکھتے ہیں کہ میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اس جیسے پر لعنت کرنا جائز ہے۔ اگرچہ اس جیسا کوئی نہیں ہوسکتا۔

وہ مزید لکھتے ہیں: برزنجی نے اپنی کتاب الاشاعۃ میں اور ہیثمی نے اپنی کتاب صواعق میں نقل کیا ہے کہ جب امام احمد بن حنبل کے فرزند نے اپنے والد سے یزید پر لعنت کرنے کے بارے میں سوال کیا تو انھوں نے کہا: اس پر کیوں نہ لعنت کی جائے جس پر قرآن نے لعنت کی ہے۔ بیٹے نے سوال کیا کہ میں نے قرآن پڑھا ہے اس میں کہیں بھی یزید پر لعنت نہیں ہے تو احمد بن حنبل نے کہا: خداوند عالم کا ارشاد ہے:

فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ
وَتُقَطِّعُوْا اَرْحَامَكُمْ اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

اور یزید نے جو کچھ انجام دیا اس سے بڑا فساد کونسا ہوسکتا ہے۔

اس کے بعد ان علماء کا تذکرہ کیا جنھوں نے اس کو واضح لفظوں میں کافر اور اس پر لعنت بھیجنے کو جائز کہا ہے انھیں میں قاضی، ابویعلی اور ابن جوزی ہیں۔

پھر تفتازانی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ: یزید اور اس کے اعوان وانصار پر خدا کی لعنت میں شک نہیں ہے۔

اس کے بعد آلوسی نے ابن وردی کی تاریخ اور ابن خلکان کی الوافی بالوافیات سے نقل کیا ہے کہ جب امام حسین علیہ السلام کی عورتیں، بچے اور اہل خانہ کے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

ساتھ نیزوں پر شہداء کے سر دربار میں پہونچے اس وقت یزید اپنے محل میں بیٹھا تھا، کوا کائیں کائیں کر رہا تھا اور یزید یہ اشعار پڑھ رہا تھا:

لما بدت تلک الحمول واشرقت
تلک الشموس علی ربی جیرون
نعب الغراب فقلت قل اولا تقل
فلقد قضیت من النبی دیونی

"جب اس کاروان پر نظر پڑی اور وہ چمکتے سورج محل کے سامنے طلوع ہوئے کوے نے کائیں کائیں کرنا شروع کیا تو میں نے کہا تو کائیں کر یا نہ کر میں تو نبی سے بدلہ لے چکا"

آلوسی یزید کے شعر کی یوں وضاحت کرتے ہیں: یزید یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ حسین علیہ السلام کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعہ جنگ بدر میں قتل کئے جانے والے اس کے نانا عتبہ اور ماموں پسر عتبہ کے بدلے میں قتل کیا گیا ہے جبکہ یہ یزید کی کفر والی باتیں ہیں"

شوکانی نے نیل الاوطار جلد ۷ صفحہ ۱۴۷ پر تحریر کیا ہے:

"بعض اہل علم نے افراط سے کام لیتے ہوئے کہا ہے کہ امام حسین علیہ السلام نے ایک بدمست شرابی، شریعت خدا کی ہتک حرمت کرنے والے پر خروج کیا، یزید پر خدا کی لعنت ہو، ایسی باتوں سے انسان کو بڑا تعجب ہوتا ہے جن سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور ہر سننے والے کا سر چکرا جاتا ہے"

جاحظ نے اپنے گیارہ رسالوں میں سے بنی امیہ کے بارے میں لکھے

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جانے والے رسالہ کے صفحہ ۳۹۸ پر کہا ہے: "یزید جن برائیوں کا مرتکب ہوا جیسے حسین علیہ السلام کا قتل، ان کے خاندان کا اسیر کرنا، ان کے دندان مبارک پر چھڑی رکھنا، اہل مدینہ کو ڈرانا، کعبہ کا منہدم کرنا اس کی قساوت قلبی، بغض و نفاق اور دائرۂ ایمان سے خارج ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ لہٰذا وہ فاسق اور ملعون ہے اور جو ملعون پر لعنت کرنے سے روکے وہ بھی ملعون ہے"

ابن عماد حنبلی شذرات الذہب جلد ۱ صفحہ ۶۸ پر تحریر کرتے ہیں:

"تفتازانی نے شرح عقائد نسفیہ میں لکھا ہے کہ جس نے امام حسین علیہ السلام کو قتل کیا یا اس کا حکم دیا یا اس کی اجازت دی یا اس سے راضی ہوا اس پر لعنت بھیجنا جائز ہے۔ حق بات یہ ہے کہ قتل حسین علیہ السلام پر یزید کا راضی ہونا اور اہل بیت کے ساتھ برا سلوک کرنا ایسی باتیں ہیں جن کے صحیح ہونے کا متعدد محدثین اور مورخین نے اعتراف کیا ہے۔

البتہ یہ ممکن ہے کہ لوگوں نے اس کے جزئیات کو نقل کیا ہو ان باتوں کے پیش نظر ہم کو یزید کے کافر ہونے میں کوئی شک نہیں ہے اسی لئے ہم اس پر اور اس کے اعوان و انصار پر لعنت بھیجتے ہیں"

شبراوی نے اپنی کتاب الاتحاف بحب الاشراف میں صفحہ ۶۲ پر یزید کے اعمال و افعال کا تذکرہ کرنے کے بعد لکھا ہے کہ: "کسی عقلمند کو اس میں شک نہیں ہے کہ یزید امام حسین علیہ السلام کا قاتل تھا کیونکہ اسی نے ابن زیاد کو ان کو قتل کرنے کے لئے بھیجا تھا"

معاویہ یزید کے تمام اعمال و افعال کا ذمہ دار

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سمہودی وفاء الوفاء کی جلد اصفحہ ۹۱ پر لکھتے ہیں:

''ابن ابی خثیمہ نے صحیح سند کے ساتھ جویریہ بنت اسماء سے نقل کیا ہے کہ معاویہ نے حالت احتضار میں یزید کو بلا کر کہا کہ تجھے اہل مدینہ سے ایک نہ ایک دن سامنا کرنا پڑے گا اگر انھوں نے کچھ کیا تو مسلم بن عقبہ کو بھیجوا دینا میں نے اس کی باتیں سنی ہیں جب یزید حاکم ہوا تو ابن حنظلہ ایک جماعت کے ساتھ یزید کے پاس پہنچے یزید نے ان کا بڑا احترام کیا اور انھیں ہدایا و تحفے دیئے مگر جب وہ مدینہ واپس ہوئے تو لوگوں کو یزید کے خلاف بھڑکایا اور ان کو یزید کے خلاف بغاوت کی دعوت دی، انھوں نے مثبت جواب دیا اس بات کا یزید کو پتہ چلا تو اس نے مسلم بن عقبہ کو مسلح کر کے ان کی طرف بھیجا''

حافظ ابن عقیل نے کتاب النصائح الکافیہ لمن یتولی معاویہ کے صفحہ ۶۲ پر تحریر کیا ہے:

محدث ابن قتیبہ نے کتاب ''الامامۃ والسیاسۃ'' میں اور بیہقی نے 'المحاسن والمساوی'' میں تحریر کیا ہے:

ابومعشر کا بیان ہے کہ: ایک شامی انصاری عورت کے گھر میں داخل ہوا وہ حالت نفاس میں تھی اور اس کا بچہ اس کی آغوش میں تھا اس شخص نے اس عورت سے کہا کہ کیا تیرے پاس مال ہے اس نے جواب دیا نہیں خدا کی قسم میرے پاس کچھ بھی نہیں چھوڑا۔ اس نے کہا:

مجھے کچھ دو، ورنہ میں تمہیں اور تمہارے اس بچہ کو قتل کر دونگا عورت نے کہا:

تجھ پر وائے ہو یہ رسول اللہؐ کے صحابی ابی کبشہ انصاری کا بیٹا ہے میں نے ان

http://fb.com/ranajabirabbas

کے ساتھ بیعت شجرہ میں رسول اللہ ﷺ کی اس پر بیعت کی ہے کہ چوری نہ کروں زنا نہ کروں اپنی اولاد کو قتل نہ کروں اور کوئی بہتان اور افتراء پردازی نہ کروں، اور آج تک میں نے ایسا کوئی کام انجام نہیں دیا ہے لہٰذا تو بھی خدا کا خوف کھا۔

جب وہ شخص نہ مانا تو اس عورت نے بچہ سے کہا:

اے میرے لال خدا کی قسم اگر میرے پاس کچھ ہوتا تو میں اسے تیرے فدیہ کے طور پر دیدیتی۔

راوی کہتا ہے:

اس شخص نے دودھ پیتے بچہ کو ماں کی آغوش سے چھین کر دیوار پر دے مارا جس سے اس کا بھیجا زمین پر بکھر گیا راوی کا کہنا ہے کہ وہ شخص ابھی گھر سے نکلنے ہی نہ پایا تھا کہ اس کا آدھا چہرہ سیاہ ہو گیا اور اس کی خبر ہر طرف پھیل گئی۔

اس طرح کے اور بھی بہت سے واقعات اہل شام اور مسلم بن عقبہ کے بارے میں نقل ہوئے ہیں اور چونکہ مسلم بن عقبہ یزید کے حکم پر عمل کرتا تھا اور یزید، معاویہ کا قائم مقام تھا اس کے حکم کو عملی جامہ پہنانا چاہتا تھا اس لئے امام حسین علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کا خون اور ان تمام اہانتوں کے ذمہ دار سب سے پہلے معاویہ اس کے بعد یزید اور پھر مسلم بن عقبہ ہیں!!

کیا ان تمام کرتوت کے بعد یہ تصور کیا جاسکتا ہے کہ اس نے توبہ کر لی تھی؟

ہرگز نہیں کسی نے کتنی اچھی بات کہی ہے کہ معاویہ نے ہمارے لئے ہر دور کے لئے ایک باغی گروہ تیار کر دیا ہے اور آج بھی اسکی پیروکار ہیں جو حق کو

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

الٹ دیتے ہیں اور حق کو باطل کا لباس پہنا دیتے ہیں اور اس آیت کے مصداق قرار پاتے ہیں:

وَمَنْ يُرِدِ اللهُ فِتْنَتَهُ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللهِ شَيْئاً (۱)

"اور (اے رسول) جس کو خدا خراب کرنا چاہتا ہے تو اس کے واسطے خدا تمہارا کچھ زور نہیں چل سکتا"

۱۔ سورۂ مائدہ آیت ۴۱

کالا کپڑا پہننے سے منع کرنے والی روایات کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

سوال ۴۳

کتاب من لا یحضرہ الفقیہ جلد اول صفحہ ۸۱ پر یہ روایت درج ہے کہ کالا کپڑا نہ پہنو کیونکہ یہ فرعون کا لباس ہے۔ اس عبارت کا مقصد اور اس کے کیا معنی ہیں؟

جواب ۴۳

جی ہاں شیخ صدوق رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب من لا یحضرہ الفقیہ جلد ا صفحہ ۲۵۱ پر حدیث نمبر ۷۶۷ کے تحت روایت کی ہے کہ امیر المومنین علیہ السلام نے اپنے اصحاب سے فرمایا ہے:

لَاتَلْبَسُوْا السواد فَاِنَّهُ لِبَاسُ فِرْعَوْن

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

"کالا لباس نہ پہنو کیونکہ یہ فرعون کا لباس ہے"

دوسری روایت (حدیث ۷۶۸) میں ہے:

وَكَانَ رَسُوْلُ اللهِ يَكْرَهُ السَّوَادَ اِلَّا فِی ثَلَاثَةٍ
اَلْعِمَامَةُ وَالْخُفُّ وَالْكِسَاءُ)

"پیغمبر اکرم ﷺ تین چیزوں عمامہ، جوتا اور ردا کے علاوہ کالا کپڑا پہننے کو مکروہ سمجھتے تھے"

اسی وجہ سے بعض لوگ یہ سوال کرتے ہیں: کیا امام حسین علیہ السلام کی عزاداری میں کالا کپڑا پہننا مستحب ہے؟ یا بقیہ ائمہ معصومینؑ کے سوگ میں اس کا کیا حکم ہے؟ اور کیا یہ بات اس مسئلہ کے منافی نہیں ہے جس میں نماز میں سیاہ کپڑا پہننے کو مکروہ قرار دیا گیا ہے؟

اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ بعض حالات میں کالا کپڑا پہننا مکروہ ہے تو عزائے سید الشہداؑ میں کالا کپڑا پہننا اس کراہت سے مستثنیٰ ہے کیونکہ یہ اس غم کی نشانی ہے جس کا اظہار کرنا مستحب ہے اور صدر اسلام سے لیکر آج تک اہل بیت کے غم کا اظہار اسی لباس کے ذریعہ ہوا ہے۔

لہٰذا ائمہ اہل بیتؑ سے کالے لباس کے سلسلہ میں وارد ہونے والی روایات اگر وہ ہر اعتبار سے صحیح ہوں تب بھی ان کا امام حسین علیہ السلام کی عزاداری میں کالے کپڑے پہننے سے کوئی تعلق نہیں ہے چونکہ ائمہ نے بنی عباس کے ظالم و جابر بادشاہوں سے مشابہت رکھنے سے منع کیا تھا جنھوں نے اپنا رسمی اور قومی لباس ہی سیاہ کپڑا قرار دیا تھا اور وہ تمام مسلمانوں کو اسی لباس کے پہننے پر

http://fb.com/ranajabirabbas

مجبور کرتے تھے۔

تاریخی اعتبار سے یہ بات بالکل طے ہے کہ عباسیوں نے اپنی پہچان سیاہ پرچموں کو بنا رکھا تھا اور اس کی وجہ ان کا اپنے اوپر پیغمبر کی اس حدیث کو صادق کرانا تھا جس میں آپ نے فرمایا ہے کہ مہدی کے لئے مشرق سے سیاہ پرچم برآمد ہوں گے۔

اس کے بعد انھوں نے اپنے انصار اور چاہنے والوں کو بھی کالے کپڑے پہنا ڈالے اور اس کی یہ وجہ بیان کی کہ وہ شہدائے کربلا وغیرہ کے غم میں محزون ہیں اسی وجہ سے ان کو (مُسَوِّدہ) (یعنی سیاہ لباس پہننے والے کہا گیا اور جب ان کا حکومت پر قبضہ ہو گیا تو انھوں نے اپنے حکومتی کارکنان یہاں تک کہ عام لوگوں کو بھی کالے کپڑے پہننے پر مجبور کیا اور ان کے لئے کالی لمبی ٹوپی پہننا لازم کر دیا گیا!!...الخ۔

بہر حال جن روایات میں کالا کپڑا پہننے سے روکا گیا ہے اس کی وجہ لوگوں کا عباسیوں سے مشابہ نہ ہو جانا تھا اور ان احادیث کا اس لباس سے کوئی تعلق ہی نہیں ہے جو امام حسین علیہ السلام کے غم اور سوگ میں پہنا جاتا ہے۔

محقق بحرانی حدائق الناضرہ جلد ۷ صفحہ ۱۱۶ پر یوں تحریر کرتے ہیں:

وَمِنْهَا: اَنَّهُ يكره الصَّلَاةُ فِي الثِّيَابِ السُّوْدِ،
عدا العِمَامَةِ وَالْخُفِّ وَالْكِسَاءِ، وَهُوَ ثَوْبٌ مِنْ
صُوْفٍ وَمِنْهُ الْعَبَا

"عمامہ، موزہ اور کساء کے علاوہ کالے کپڑے میں نماز پڑھنا مکروہ ہے اور

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

کساء اون کا ایک کپڑا ہوتا ہے جس کو عبا بھی کہتے ہیں"

لیکن بعید نہیں ہے کہ عزاداری امام حسین علیہ السلام میں جو سیاہ کپڑے پہنے جاتے ہیں وہ ان احادیث سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ روایات سے یہ مطلب بالکل واضح ہے کہ حزن وغم کے شعائر کا اظہار ہونا چاہئے کیونکہ اس کا حکم دیا گیا ہے اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کو شیخ مجلسی نے برقی کی کتاب محاسن سے نقل کیا ہے کہ جناب عمر بن زین العابدین سے نقل کیا گیا ہے:

لَمَّاقُتِلَ جدی الحُسَیْنِ اَلْمَظْلُوْم الشهيد لَبِس نِسَاء بنی هاشم فِیْ مَاتَمِهٖ ثِیَاب السَّوادِ،وَلَمْ يُغَيِّرْنَهافِی حَرٍّاَوْبَرْدٍ وَکَانَ الامَامُ زَیْنِ الْعابِدِیْن یَصْنَعُ لَهُنَّ الطَّعَام فِیْ الْمَاتَم

"جب میرے جد مظلوم حضرت امام حسین علیہ السلام شہید کر دیئے گئے تو بنی ہاشم کی خواتین نے آپ کے سوگ میں سیاہ کپڑے پہنے اور انھوں نے چاہے سردی کا موسم ہو یا گرمی کا کالا کپڑا پہننا ترک نہیں کیا اور امام زین العابدین علیہ السلام ان کے کھانے اور پینے کا انتظام کرتے تھے۔"

شیخ حر عاملی وسائل الشیعہ جلد۲ صفحہ۳۵۷ پر روایت نقل کرتے ہیں:

حسن بن ظریف بن ناصح عن ابيه عن الحسین بن زید عن عمر بن علی بن الحسین قال: لماقتل الحسین بن علی لبس نساء بنی هاشم السواد المسوح،وکن لایشتکین من حر ولابرد،وکان علی بن

الحسین عمل لهن الطعام للماتم

"حسن بن ظریف بن ناصح نے اپنے والد سے انھوں نے حسین بن زید سے اور انھوں نے عمر بن علی بن الحسین علیہ السلام سے روایت کی ہے: جب امام حسین علیہ السلام شہید کر دیئے گئے تو بنی ہاشم کی خواتین نے کالا اور معمولی لباس پہنا اور سردی اور گرمی میں ان کو تبدیل نہیں کیا، وہ نوحہ وماتم میں مشغول رہتی تھیں اور حضرت امام زین العابدین علیہ السلام ان کے کھانے اور پینے کا انتظام کرتے تھے"

بحار الانوار جلد۴۵ صفحہ۱۹۵ پر ہے:

وَفِی روایة اخریٰ... قال: فلمااصبح استدعیٰ حرم رسول الله فقال لهن ایمااحب الیکن: المقام عندی اوالرجوع الی المدینة ولکم الجائزة السنیه؟ قالوا نحب اولاان ننوح علی الحسین، قال: افعلوا ما بدا لکم، ثم اخلیت لهن الحجر والبیوت فی دمشق،ولم تبقی هاشمية ولا قرشية الاولبست السوادعلی الحسین، وندبوه علی مانقل سبعة ایام،فلما کان الیوم الثامن دعاهنّ یزید،وعرض علی هن المقام فابین،وارادالرجوع الی المدینة،فاحضر لهم المحامل وزینها،و امر بالانطاع الابریسم.

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"دوسری روایت میں ہے کہ یزید نے اہل حرم سے پوچھا آپ شام میں رہنا چاہتے ہیں یا مدینہ جائیں گے اور ہم آپ کو بہترین ہدایا پیش کریں گے؟ انھوں نے کہا سب سے پہلے تو ہم امام حسین علیہ السلام کا سوگ منائیں گے اور ان پر نوحہ و گریہ کریں گے۔ اس نے کہا جو آپ کا دل چاہے کریں۔ پھر اس نے دمشق میں ان کے لئے ایک مکان خالی کرایا سب اہل حرم نے امام حسین علیہ السلام کے سوگ میں کالے لباس زیب تن کئے اور بعض روایات کی بنا پر سات دن تک نوحہ و ماتم کیا جب آٹھواں دن ہوا تو یزید نے ان کو اپنے پاس بلا کر انھیں کچھ منصب دینا چاہا لیکن انھوں نے انکار کر دیا۔

جب انھوں نے مدینہ جانے کا اظہار کیا تو ان کے لئے محملیں تیار کی گئیں اور ان کو ابریشم سے سجانے کا حکم دیا۔"

کتاب وفیات الائمہؑ صفحہ ۸۵ پر آیا ہے:

ثم رَجعَ الحسن والحسين واخو تهمامن دفنه، وقعدفي بيته ولم يخرج ذالك اليوم، ثم خرج عبد الله بن العباس بن عبد المطلب الى الناس فقال: ان امير المومنين قدتوفي وانتقل الىٰ جوار الله، وقدترك بعده خلفا، فان احببتم خرج اليكم وان كرهتم فلااحد على احد، فبكى الناس و ضجوابالبكاء والنحيب فقالوابل يخرج الينا، فخرج اليهم الحسن

وعليه ثياب سود وهو يبكي لفقد ابيه فصعد المنبر فحمد الله واثنى عليه، وذكر النبي فصلى عليه، ثم قال: ايها الناس: اتقوا الله فانا امراؤكم وساداتكم واهل البيت الذين قال الله فيهم :انما يريد الله ليذهب عنكم الرجس اهل البيت ويطهركم تطهيراً"

جب امام حسن علیہ السلام اور امام حسین علیہ السلام اور آپ کے برادران علی علیہ السلام کو دفن کر کے واپس پلٹے اور اپنے بیت الشرف میں تشریف لائے اور اس دن بالکل گھر سے باہر نہ نکلے تو عبد اللہ بن عباس بن عبد المطلب نے لوگوں سے کہا: امیر المومنین علیہ السلام تو دنیا سے کوچ کر گئے اور بارگاہ الٰہی میں پہنچ گئے ہیں لیکن وہ اپنے بعد اپنے بیٹوں کو چھوڑ گئے ہیں اگر تم چاہو وہ تم سے مل سکتے ہیں اور کسی پر کوئی جبر نہیں ہے، لوگوں نے گریہ و بکا شروع کر دیا اور چیخ مار کر رونے لگے، انھوں نے کہا: امام حسن علیہ السلام سے کہہ دیجئے کہ وہ خود ہمارے درمیان تشریف لائیں امام حسن علیہ السلام ان کے پاس تشریف لائے اس وقت آپ سیاہ لباس پہنے ہوئے تھے اور اپنے پدر بزرگوار کی وفات حسرت آیات پر آنسو بہا رہے تھے، آپ منبر پر تشریف لے گئے اور خدا کی حمد و ثنا اور نبیؐ پر صلوات بھیجنے کے بعد آپ نے فرمایا لوگو! اللہ سے ڈرو ہم تمہارے امیر و حاکم اور وہ اہل بیت ہیں جن کے لئے خداوند عالم نے فرمایا ہے:

اِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيراً

"بس اللہ کا ارادہ یہ ہے اے اہل بیت کہ تم سے ہر برائی کو دور رکھے اور اس طرح پاک و پاکیزہ رکھے جو پاک و پاکیزہ رکھنے کا حق ہے"

ایھا الناس آج کی رات اس شخص نے رحلت کی ہے۔ جس جیسا نہ پہلے کوئی تھا اور نہ اب ان جیسا کوئی ہوگا، وہ پیغمبر اکرم ﷺ کے ساتھ جہاد کرتے تھے بڑے اخلاص کے ساتھ ان پر جان نثار کرتے تھے، آنحضرت ان کو اپنا علم دے کر میدان جہاد میں بھیجتے تھے اور جب آپ جنگ کیلئے جاتے تھے تو دائیں طرف جبرئیل اور بائیں طرف میکائیل ان کی حفاظت کرتے تھے اور وہ اس وقت تک میدان سے واپس نہیں آتے تھے جب تک انھیں فتح حاصل نہ ہو جاتی تھی۔

کیا تھوک سے استنجاء ہو سکتا ہے؟

سوال ۴۴

کتاب من لا یحضرہ الفقیہ جلد ۱ صفحہ ۸۱ پر ہے:

اِذالم یجد ماء للتطهیر من البول، فلیطهره بماء فمه

"یعنی اگر پیشاب کا مقام پاک کرنے کے لئے پانی نہ ملے تو اپنے تھوک سے استنجا کیا جا سکتا ہے" اس کے متعلق آپ کا کیا نظریہ ہے؟

جواب ۴۴

مقالہ نگار نے جس بات کا تذکرہ کیا ہے وہ ہماری کسی کتاب میں موجود نہیں ہے اور جو حوالہ دیا ہے وہ بھی درست نہیں ہے۔

کیونکہ کتاب من لا یحضرہ الفقیہ کی چار جلدیں ہیں اور اتفاق سے کسی جلد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

میں بھی ذکر شدہ صفحہ تو دور کی بات جو کچھ انھوں نے تحریر کیا ہے اس کا بھی کوئی

نام و نشان نہیں ہے۔

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

التماس سورۃ الفاتحہ

سیدہ فاطمہ رضوی بنت سید حسن رضوی

سید ابوذر شہرت بلگرامی ابن سید حسن رضوی

سید مظاہر حسین نقوی ابن سید محمد نقوی

سید محمد نقوی ابن سید ظہیر الحسن نقوی

سید الطاف حسین ابن سید محمد علی نقوی

سیدہ اُمّ حبیبہ بیگم

حاجی شیخ علیم الدین

شمشاد علی شیخ

مسیح الدین خان

فاطمہ خاتون

شمس الدین خان

وجملہ شہداء ومرحومین ملت جعفریہ

طالبانِ دعا

سید حسن علی نقوی ، حسّان ضیاء خان

سعد شمیم ، حافظ محمد علی جعفری

اللھم صل علی محمد و آل محمد و عجل فرجہم

Hassan

naqviz@live.com

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas